★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 17 جمادی الثانی 1446ھ 20 دسمبر 2024ء 3 پوہ 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 65

فرمانِ الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

پنجاب کابینہ کی پاراچنار کے عوام کے لئے ادویات اور دیگر سامان بھیجنے کی منظوری

چین میں وفد کو ملنے والی غیر معمولی پذیرائی پنجاب کے عوام کے لیے باعث فخر ہے، چین نے 6.1 ارب انسانوں کو اپنی طاقت بنا کر ترقی کی اور چین کی ترقی قابل تقلید مثال ہے، ہم بھی محنت کر وہ سب حاصل کر سکتے ہیں، وزیر اعلیٰ

چین کے عوام میں اتھارٹی کو تسلیم کرنے کا رویہ قابل تقلید ہے، چینی عوام کے خیالات میں ناقابل بیان حد تک ہم آہنگی پائی جاتی ہے اور دل چاہتا ہے کہ پنجاب چین کی طرح ہر دن ترقی کرے، مریم نواز کا اجلاس سے خطاب

لاہور (سمعیہ فیاض) پنجاب کابینہ نے پارا چنار کے لوگوں کی درخواست پر ادویات اور دیگر سامان بھیجنے سمیت دیگر منصوبوں کی منظوری دے دی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا 21 واں اجلاس ہوا۔ وزیر اعلیٰ نے پارا چنار کے عوام کے لیے امدادی سامان فوری طور پر بھجوانے کی ہدایت کر دی۔ مریم نواز نے کہا کہ پاراچنار کے عوام کی ضرورت کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

وزیر اعظم شہباز شریف نے ڈی ایٹ ممالک کے گیارہویں سربراہی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

نیو گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ کو فعال کرنے کی تیاریاں آخری مراحل میں داخل

وزیر اعظم کی ہدایت پر 30 دسمبر کو ایئر پورٹ کو مکمل فعال کرنے کا فیصلہ، پی آئی اے افتتاحی پرواز چلائے گی

لاہور (این این آئی) نیو گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ کو فعال کرنے کی تیاریاں آخری مراحل میں داخل ہو گئیں، وزیر اعظم کی ہدایت پر 30 دسمبر کو ایئر پورٹ کو مکمل فعال کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر افتتاحی کمرشل پرواز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

سپیکر قومی اسمبلی نے ایک بار پھر مذاکرات کو ہی مسائل کا حل قرار دیدیا

کم بولنا اور درگزر کرنا سپیکر کیلئے لازم ہے، کسی ممبر کیساتھ بات کو الجھاؤ میں مت لے کر جائیں، سپیکر اور جج بہت ذمہ داری کا کام ہے

اسلا آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ایک مرتبہ پھر مذاکرات کو ہی مسائل کا حل قرار دیدیا۔ اسلام آباد میں سپیکرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا کہنا تھا کہ کم بولنا اور درگزر کرنا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

وزیر اعظم سے انڈونیشین صدر کی ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

انڈونیشیا پاکستان کا قابل بھروسہ تجارتی شراکت دار ہے، شہباز شریف، آسیان میں رکنیت کیلئے انڈونیشیا کی حمایت کو سراہا

قاہرہ (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے انڈونیشیا کے صدر سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے قاہرہ میں D-8 سربراہی اجلاس کے موقع پر انڈونیشیا کے صدر عزت مآب پرابوو سوبیانتو سے ملاقات کی، وزیر اعظم شہباز شریف نے عزت مآب پرابوو سوبیانتو کو صدر کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ دوران ملاقات دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا جس میں دو طرفہ تعلقات بشمول سیاسی، تجارتی اور اقتصادی امور کے علاوہ کثیر الجہتی فورمز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

نوجوانوں کو با اختیار بنانا انتہائی اہمیت کا حامل ہے، وزیر اعظم

پاکستان کی آبادی کے 60 فیصد سے زیادہ حصہ 30 سال سے کم عمر افراد پر مشتمل ہے جو جدت اور ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، ہماری کابینہ نے ڈی ایٹ رکن ممالک کے ساتھ ترجیحی تجارتی معاہدے کے ساتھ ساتھ اس کے پروٹوکول کے نفاذ کی منظوری دے دی ہے

اپنے برادر ملک آذربائیجان کو ڈی ایٹ کے نئے رکن کے طور پر خوش آمدید کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ آذربائیجان، صدر الہام علییوف کی قابل قیادت میں D8 کے مقاصد کے حصول میں اہم کردار ادا کرے گا

قاہرہ (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہم آئی ٹی کے شعبے میں تربیت پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں، ڈی ایٹ رکن ممالک کے لیے، نوجوانوں کو با اختیار بنانا انتہائی اہمیت کا حامل ہے، پاکستان کی آبادی کے 60 فیصد سے زیادہ حصہ 30 سال سے کم عمر افراد پر مشتمل ہے جو جدت اور ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، ہماری کابینہ نے ڈی ایٹ رکن ممالک کے ساتھ ترجیحی تجارتی معاہدے کے ساتھ ساتھ اس کے پروٹوکول کے نفاذ کی منظوری دے دی ہے۔ شہباز شریف نے ڈی ایٹ ممالک کے گیارہویں سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈی ایٹ سربراہی اجلاس کی میزبانی پر مصری حکومت اور اس کی قیادت کو مبارکباد دیتے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اپنے برادر ملک آذربائیجان کو ڈی ایٹ کے نئے رکن کے طور پر خوش آمدید کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ آذربائیجان، صدر الہام علییوف کی قابل قیادت میں D8 کے مقاصد کے حصول میں اہم کردار ادا کرے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ نوجوان اور چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار، معاشی ترقی کے کلیدی محرک ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ نوجوان توانائی، نئے خیالات اور تخلیقی صلاحیتوں سے بھرپور ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ ایس ایم ایز ملازمتیں پیدا کرتے ہیں، اختراع کو فروغ دیتے ہیں مقامی کاروبار کو فروغ دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈی ایٹ رکن ممالک کے لیے، نوجوانوں کو با اختیار بنانا انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال کے سمٹ کا تھیم ”نوجوانوں میں سرمایہ کاری، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے رجحان کا فروغ“، دراصل 21 ویں صدی میں ہماری اجتماعی خوشحالی کے لیے بلیو پرنٹ ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ نوجوانوں میں سرمایہ کاری اور چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کی جانب رجحان کا فروغ ہماری سماجی و اقتصادی ترقی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف کا دورہ، عمان کے سول و عسکری حکام سے ملاقاتیں

پاکستان بحریہ دیگر علاقائی ممالک کے ساتھ مل کر میری ٹائم سیکورٹی کے فروغ کی مضبوط حامی ہے، نیول چیف

راولپنڈی (این این آئی) سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف کا عمان کا سرکاری دورہ اور عمان کے سول و عسکری حکام سے ملاقاتیں، نیول چیف کی سلطنت عمان کے شاہی دفتر کے وزیر، کمانڈر رائل نیوی آف عمان اور کمانڈر نیشنل ڈیفنس کالج سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران بحرِ ہند کی سیکورٹی صورتحال اور مشترکہ دفاعی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نیول چیف نے بحری قزاقی اور اسمگلنگ کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

امریکی پابندیاں امتیازی اور جانبدارانہ ہیں، رضا ربانی

امریکی سامراج کو سمجھنا چاہیے پاکستان طفیلی ریاست نہیں، سابق چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین سینیٹ رضا ربانی نے کہا ہے کہ بیلسٹک میزائل پروگرام میں مدد کے الزام پر امریکی پابندیوں کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ ایک بیان میں رضا ربانی نے کہا ہے کہ امریکی سامراج کو سمجھنا چاہیے پاکستان طفیلی ریاست نہیں ہے، امریکی پابندیاں امتیازی اور جانبدارانہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکی پالیسی خطے کے امن اور استحکام کو نقصان پہنچا سکتی ہے، ایسے اقدامات کسی بھی طرح پاکستان کے میزائل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

چیف جسٹس نے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 21 دسمبر کو طلب کر لیا

جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کا اجلاس سپریم کورٹ کے کانفرنس روم میں منعقد ہو گا

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے ججز تقرری رولز کے مجوزہ ڈرافٹ کا جائزہ لینے کے لیے جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

50 فیصد کرپشن ختم ہو جائے تو آئی ایم ایف کی ضرورت نہیں رہے گی، خواجہ آصف

گزشتہ ایک سال سے ملک آئی ایم ایف کے پریشر سے گزر رہا ہے، ہمیں ملک کے اندر استحکام کی ضرورت ہے اور پالیسی ریٹ نو فیصد کم ہوا ہے جس سے بہتری آئے گی

وزیر ہوا بازی نے پاکستانی ایئر لائنز کیلئے خوشی کی نوید سنا دی، سال نو کے آغاز سے ایئر سیال، ایئر بلیو اور فلائی جناح کو دبئی کے تمام ایئر پورٹ پر لینڈ کرنے کی اجازت ہو گی

سیالکوٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ ملک میں کرپشن کی انتہا ہے اور اگر 50 فیصد بھی کرپشن کا خاتمہ ہو جائے تو ہمیں آئی ایم ایف کی ضرورت نہیں رہے گی اور ہمارا ملک ترقی کی راہوں پر گامزن ہو جائے گا سیالکوٹ میں ایوان صنعت و تجارت میں صنعتکاروں سے خطاب کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ گزشتہ ایک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9


قاہرہ، وزیر اعظم شہباز شریف سے بنگلہ دیش کے چیف ایڈوائزر ڈاکٹر محمد یونس ملاقات کر رہے ہیں

آنے والے دنوں میں انٹرنیٹ سے متعلق شکایت دور ہو جائے گی: طلال چوہدری

سوشل میڈیا کو صحیح طریقے سے ریگولیٹ نہیں کیا گیا، ریگولیٹ کرنے کی ضرورت ہے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ ن کے رہنما طلال چوہدری کا کہنا ہے کہ آنے والے دنوں میں انٹرنیٹ سے متعلق شکایت دور ہو جائے گی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مختلف ممالک میں کئی سوشل میڈیا ایپس پر پابندیاں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

لگتا ہے حکومت کو مذاکرات میں کوئی دلچسپی نہیں، عمر ایوب

ہم نے کسی کے پاس نہیں جانا، کسی نے مذاکرات کرنے ہیں تو کریں نہیں تو نہ کریں، پشاور میں گفتگو

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما عمر ایوب کا کہنا ہے کہ لگتا ہے حکومت کو مذاکرات میں کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ پشاور ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم نے کسی کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

ابھی پی ٹی آئی اور حکومت میں رسمی مذاکرات شروع نہیں ہوئے، بیرسٹر سیف

پارٹی کو بار بار مشورہ دیا کہ حکومت کے بجائے اپوزیشن کے ساتھ مذاکرات کریں، انٹرویو

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ ابھی پی ٹی آئی اور حکومت میں رسمی مذاکرات شروع نہیں ہوئے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پارٹی کو بار بار مشورہ دیا کہ حکومت کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

پنجاب میں موسم سرما کی چھٹیوں کی نئی تاریخوں کا نوٹیفکیشن جاری

چھٹیاں اب 20 کے بجائے 23 دسمبر سے ہوں گی اور اسکول 13 جنوری کو کھلیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب میں موسم سرما کی چھٹیوں کی نئی تاریخوں کا نیا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا۔ محکمہ تعلیم پنجاب نے نیا نوٹیفکیشن جاری کیا ہے جس کے مطابق صوبے میں موسم سرما کی چھٹیاں اب 20 کے بجائے 23 دسمبر سے ہوں گی اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

امن و امان کی ناقص صورتحال، گورنر کے پی کا صوبائی حکومت سے مستعفی ہونے کا مطالبہ

امن و امان کی خراب صورتحال پر کے پی حکومت استعفیٰ دے، سیکورٹی اہلکاروں کی شہادت کی ایف آئی آر وزیر اعلیٰ پر ہونی چاہیے، کے پی حکومت چاہتی ہے صوبہ برباد ہو جائے

کے پی جل رہا ہے تو پنجاب کی سرحد دور نہیں، کے پی میں دہشت گرد کون لایا، ان کا احتساب ہونا چاہیے، علی امین گنڈا پور کیوں مسلح ہو کر اسلام آباد گئے، فیصل کریم کنڈی

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے امن و امان کی ناقص صورتحال پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

اسلام آباد، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سپیکرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

جمہوریت کا تسلسل ہی ملکی ترقی کا ضامن ہے: اعظم نذیر تارڑ

مارشل لاء دور میں ملک کا بہت نقصان ہوا، آئین سب سے مقدس اور معتبر ہے، میثاق جمہوریت نے ملکی سیاست میں اہم کردار ادا کیا

جمہوری نظام کا مقصد ہمیں جن لوگوں نے اسمبلیوں میں بھیجا یا جن کی ہم نمائندگی کرتے ہیں، ان کا فائدہ ہو، وفاقی وزیر قانون

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ میثاق جمہوریت نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان راولپنڈی میں مری ایکشن کمیٹی کے عہدیداران کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پالیسی کے مطابق 20 فیصد فنڈز جاری کیے جائیں

مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم کا وفاقی وزیرِ خزانہ کو ترقیاتی فنڈز کیلئے خط

پشاور (این این آئی) مشیر خزانہ خیبر پختون خوا مزمل اسلم نے وفاقی وزیر خزانہ کو ترقیاتی فنڈز کے لیے خط لکھ دیا۔ خط کے متن کے مطابق اے آئی پی پروگرام کے تحت دوسرے کوارٹر کے 8.46 ارب روپے کے ترقیاتی فنڈز جلد جاری کیے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

بانی پی ٹی آئی کو ویڈیو لنک کے ذریعے پیش کرنے کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار

دہشت گردی قوانین کے تحت انفرادی طور پر اس کا نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا جا سکتا، فیصلہ جاری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے بانی پی ٹی آئی کو اے ٹی سی کورٹ میں ویڈیو لنک کے ذریعے پیش کرنے کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دے دیا۔ جسمانی ریمانڈ میں ویڈیو لنک پر عدالت میں پیش کرنے کا ہوم ڈیپارٹمنٹ کا نوٹیفکیشن غیر قانونی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری سے چیئرمین سعودی شوریٰ کونسل ڈاکٹر عبداللہ بن محمد ملاقات کر رہے ہیں

ہم مذاکرات کی بھیک نہیں مانگیں گے، حکومت پہل کرے گی، شبلی فراز

جب حکومت اپوزیشن کو ہینڈل نہ کر سکے تو ملک کا زیادہ نقصان ہوتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے رہنما اور سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر شبلی فراز نے کہا ہے کہ ہم مذاکرات کی بھیک نہیں مانگیں گے، حکومت پہل کرے گی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے ساتھ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

ایمنڈ نے پاکستان میں میڈیا کی آزادی کی صورتحال کو تشویشناک قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) ایسوسی ایشن آف الیکٹرانک میڈیا ایڈیٹرز اینڈ نیوز ڈائریکٹرز (ایمنڈ) نے پاکستان میں میڈیا کی آزادی کی صورتحال کو تشویشناک قرار دیا۔ ملک میں میڈیا کو درپیش چیلنجز کا جائزہ لینے کے لیے ایمنڈ کی ایگزیکٹو کمیٹی کا ورچوئل اجلاس منعقد ہوا جس میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

لاہور اور اسلام آباد ہائیکورٹ میں نئے ججز کی تقرریوں کا معاملہ موخر

21 دسمبر کو 32 رکنی جوڈیشل کمیشن کے سامنے ججز کی تقرریوں کے لیے مجوزہ رولز پیش کیے جائیں گے

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ اور اسلام آباد ہائیکورٹ میں نئے ججز کی تقرریوں کا معاملہ موخر ہو گیا۔ رولز کی حتمی منظوری تک نئے ججز کی تقرریوں کا عمل موخر کیا گیا ہے، 21 دسمبر کو 32 رکنی جوڈیشل کمیشن کے سامنے ججز کی تقرریوں کے لیے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

مذاکرات کیلئے جب کمیٹی بنی تو میں بھی اڈیالا جیل میں موجود تھی، زرتاج گل

گوجرانوالہ (این این آئی) تحریکِ انصاف کی رہنما زرتاج گل نے کہا ہے کہ مذاکرات کے لیے جب کمیٹی بنی تو میں بھی اڈیالا جیل میں موجود تھی۔ اے ٹی سی میں پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بانی نے کہا اگر آپ سمجھتے ہیں حل نکل سکتا ہے تو میں کمیٹی بنا دیتا ہوں۔ زرتاج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

9 مئی ہنگامہ آرائی کیس: عمر ایوب اور زرتاج گل کی عبوری ضمانتوں میں توسیع

عدالت نے عمر ایوب اور زرتاج گل کی عبوری ضمانتوں میں توسیع کرتے ہوئے 17 جنوری تک سماعت ملتوی کر دی

گوجرانوالہ (این این آئی) گوجرانوالہ کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی ہنگامہ آرائی کیس میں عمر ایوب اور زرتاج گل کی عبوری ضمانتوں میں 17 جنوری تک توسیع کر دی۔ اے ٹی سی گوجرانوالہ میں 9 مئی ہنگامہ آرائی، توڑ پھوڑ اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

ایک سال میں 28 ہزار پاکستانیوں نے یورپ میں پناہ کی درخواستیں دیں، رپورٹ

رواں سال اکتوبر کے آخر تک پناہ کی درخواستوں سے متعلق تقریباً 34 ہزار فیصلے زیر التوا تھے

اسلام آباد (این این آئی) یورپی یونین کے ادارہ برائے پناہ گزین (ای یو اے اے) نے کہا ہے کہ اکتوبر 2023 سے اکتوبر 2024 کے دوران 28 ہزار پاکستانیوں نے یورپی یونین پلس ممالک میں پناہ کے لیے درخواستیں دیں۔ میڈیا رپورٹ کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

عمران خان کیخلاف سوشل میڈیا پوسٹ، سلمان احمد کی پی ٹی آئی کی بنیادی رکنیت ختم کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) بانی تحریک انصاف عمران خان کے خلاف سوشل میڈیا پوسٹیں کرنے پر گلوکار سلمان احمد کی پی ٹی آئی کی بنیادی رکنیت ختم کر دی گئی۔ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بیرسٹر گوہر نے سلمان احمد کی بنیادی رکنیت ختم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹس میں کہا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

اسلام آباد، پارلیمانی سیکرٹری انفارمیشن بیرسٹر دانیال چوہدری سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

یونان کشتی حادثہ، جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کیلئے درخواست پر حکومت و دیگر کو نوٹس

حکومت واقعہ کی تحقیقات کیلئے جوڈیشل کمیشن کی تشکیل اور عدالت انسانی سمگلروں کیخلاف کارروائی کا حکم دے، استدعا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے یونان کشتی حادثے پر جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کے لیے دائر درخواست پر وفاقی حکومت سمیت دیگر کو نوٹس جاری کرتے ہوئے 22 جنوری تک جواب طلب کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس عاصم حفیظ نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

حکومت سندھ کا 27 دسمبر کو صوبے میں عام تعطیل کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) حکومت سندھ نے 27 دسمبر کو سابق وزیر اعظم شہید بے نظیر بھٹو کی برسی پر صوبے بھر میں عام تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حکومت سندھ کی جانب سے 27 دسمبر کو عام تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے، اور اس کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ حکومت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

شعیب شاہین کی الیکشن پٹیشن کی حد تک الیکشن ٹریبونل کو کارروائی سے روک دیا گیا

شاہین نے لیگی امیدوار کی کامیابی کیخلاف سماعت کرنیوالے نئے الیکشن ٹریبونل کی تعیناتی کو چیلنج کر رکھا ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنما شعیب شاہین کی الیکشن پٹیشن کی حد تک الیکشن ٹریبونل کو کارروائی سے روک دیا۔ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ جسٹس عامر فاروق نے شعیب شاہین کی درخواست پر سماعت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

پاکستان کے بیلسٹک میزائل پروگرام پر مزید پابندیاں افسوسناک قدم ہے: سید محمد علی

بھارت کے غیر ذمہ دارانہ طرز عمل کے باوجود کوتاہی برتی جا رہی ہے، امریکا کا جھکاؤ نظر آ رہا ہے، ردعمل

اسلام آباد (این این آئی) ماہر قومی سلامتی امور سید محمد علی کا کہنا ہے کہ پاکستان کے بیلسٹک میزائل پروگرام پر مزید پابندیاں افسوسناک قدم ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ مشرقی پڑوسی نے 1974 میں ایٹمی دھماکے کیے،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

ایوان کے احتجاج اور ڈپٹی اسپیکر کی تنبیہ کے باوجود وزراء غائب، پیپلز پارٹی کا واک آؤٹ

قومی ادارے کی دوبارہ نجکاری کی بات ہو رہی ہے، کیا ٹائم فریم رکھا ہے؟، سید نوید قمر نے پی آئی اے کی نجکاری کا معاملہ اٹھا دیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں ایوان کے احتجاج ڈپٹی اسپیکر کی تنبیہ اور وزیر اعظم کو شکایتی خط بھی وفاقی وزراء کو قومی اسمبلی میں حاضری کا پابند نہ بنا سکا، وفاقی وزراء جمعرات کو بھی قومی اسمبلی اجلاس سے غائب رہے جس پر پیپلز پارٹی کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

ڈیموکریسی کے بغیر ملک نہیں چلے گا، نظام بدلنا ہو گا، شاہد خاقان عباسی

ہمارے صوبے اسی سوچ پر آپریٹ کرتے ہیں جو چیف منسٹر کے منہ سے نکلتا ہے ڈائریکٹو بن جاتا ہے اور کام شروع ہو جاتا ہے

پاکستان نے اس وقت پرائیویٹائزیشن کی جب کسی ملک نے نہیں کی تھی، ہم نے بینک بیچے، سیمنٹ بیچی اور فرٹیلائزر بیچا، میڈیا سے گفتگو

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ ڈیموکریسی کے بغیر ملک نہیں چلے گا، نظام بدلنا ہو گا۔ لاہور میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

کوئٹہ، چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود بلوچستان یونیورسٹی کے کانووکیشن سے خطاب کر رہے ہیں

ہر ایک کو ٹیکس اتھارٹی کے ساتھ ڈیل کرنا پڑے گا، وزیر خزانہ

ایف بی آر کا پالیسی میکنگ میں کوئی تعلق نہیں ہو گا، ان کا کام اب کلیکشن کرنا ہو گا

سیالکوٹ (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ہم ٹیکس پالیسی کو ٹیکس کلیکشن سے بہتر بنائیں گے اور ہر ایک کو ٹیکس اتھارٹی کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

کسی سیاسی جماعت کا ایجنڈا کسان یا عام آدمی نہیں ہے، حافظ نعیم الرحمن

گنے کی فصل کی تیاری کے ساتھ ہی شوگر مافیا متحرک ہو گیا ہے۔ مڈل مین کسانوں کا استحصال کر رہا ہے

ایک ایسے وقت میں جب غریب اور متوسط طبقہ کے گھر میں چولہا نہیں جلتا، نام نہاد عوامی نمائندے تنخواہوں میں اضافے کر رہے ہیں، پریس کانفرنس

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کسانوں کے استحصال کے خلاف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

MEDIA TALK
PRESS CONFERENCE
JAMAAT E ISLAMI
لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جج ارشد ملک ویڈیو اسکینڈل: سینیٹر ناصر بٹ سمیت دیگر ملزمان بری

شکایت کنندہ ارشد علی اور مرکزی ملزم میاں طارق فوت ہو چکے ہیں، کیس وجود ہی ختم ہو گیا، وکلا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی مقامی عدالت نے مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر ناصر بٹ، ان کے بھتیجے حمزہ عارف بٹ سمیت دیگر کو جج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

ہم کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں، بیرسٹر دانیال چوہدری

بھارتی فورسز کی جانب سے کشمیری عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم کو دنیا کے سامنے لانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کشمیری عوام کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

روزنامہ قوت لاہور



سٹی نیوز

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر سائنٹفک کانفرنس 2024 کے دوران وی سی پروفیسر خالد مسعود گوندل سے یادگاری شیلڈ وصول کر رہے ہیں جب کہ اس موقع پر پروفیسر مجید چوہدری اور پروفیسر عامر زمان بھی موجود ہیں

فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی میں سالانہ بین الاقوامی جدید طبی، تعلیمی، تحقیقی اور تربیتی کانفرنس 2024 کی افتتاحی تقریب کا انعقاد

افتتاحی تقریب کا انعقاد فاطمہ جناح میڈیکل کالج المنائی ایسوسی ایشن آف نارتھ امریکہ (FJMCAANA) اور ایسوسی ایشن آف فاطمہ جناح اولڈ گریجویٹس (AFJOG) برطانیہ کے اشتراک سے کیا گیا

آرٹیفیشل انٹیلی جنس انسانی زندگی پر مثبت اثرات مرتب کر رہی ہے۔ خواجہ سلمان رفیق

لاہور (خبر نگار) فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی میں سالانہ بین الاقوامی جدید طبی، تعلیمی، تحقیقی اور تربیتی کانفرنس 2024 کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی۔ فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کی تین روزہ سالانہ بین الاقوامی طبی، تعلیمی، تحقیقی اور تربیتی کانفرنس 2024 کی افتتاحی تقریب کا انعقاد فاطمہ جناح میڈیکل کالج المنائی ایسوسی ایشن آف نارتھ امریکہ (FJMCAANA) اور ایسوسی ایشن آف فاطمہ جناح اولڈ گریجویٹس (AFJOG) برطانیہ کے اشتراک سے کیا گیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری رشدہ لودھی، پروفیسر عبدالمجید چوہدری، پروفیسر ساجد مقبول، وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر خالد مسعود گوندل، وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز، سینڈیکیٹ ممبر سید فرخ علی شاہ، پروفیسر آفتاب چوہدری، پروفیسر کامران خواجہ، پروفیسر حمزہ اقبال، صدر ایف جے ایم یو المنائی یو کے ڈاکٹر وردہ شفیع، صدر کینیڈا یو کے ڈاکٹر شہزادہ خان، پروفیسر عبدالحمید، رجسٹرار پروفیسر ندیم، سابق وی سی ایف جے ایم یو پروفیسر عامر زمان خان، پروفیسر نورین اکمل، پروفیسر شمسہ ہمایوں، پروفیسر بلقیس شبیر، ڈاکٹر سمینہ چوہدری، پروفیسر عائشہ شوکت، ڈاکٹر منیرہ احمد، پروفیسر عالیہ زاہد، پروفیسر نوید اکبر ہوتیانہ، فیکلٹی ممبران اور طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ پروفیسر بلقیس شبیر نے آرٹیفیشل انٹیلی جنس پر خصوصی لیکچر دیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے تقریب کے شرکاء سے اپنے خطاب میں کہا کہ آرٹیفیشل انٹیلی جنس انسانی زندگی پر مثبت اثرات مرتب کر رہی ہے۔ آرٹیفیشل انٹیلی جنس صحت کے شعبہ میں شاندار کامیابیاں حاصل کر رہی ہے۔ فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی نے طالبات کیلئے انتہائی اہم موضوع آرٹیفیشل انٹیلی جنس پر سائنٹفک کانفرنس کا انعقاد انتہائی بہترین اقدام ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ آرٹیفیشل انٹیلی جنس کا استعمال طلبا کو سیکھنے اور ڈاکٹرز کو پروفیشن میں بہت کارآمد ثابت ہوگا۔ وزیر صحت پنجاب نے سائنٹفک کانفرنس 2024 کے انعقاد پر وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر خالد مسعود گوندل اور ان کی ٹیم کو مبارکباد دی۔ پارلیمانی سیکرٹری رشدہ لودھی نے کہا کہ فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی میں منعقدہ سائنٹیفک کانفرنس 2024 میں شمولیت کو باعث افتخار سمجھتی ہوں۔ آرٹیفیشل انٹیلی جنس انسانی زندگی کو آسان کرنے میں بہت مفید ثابت ہو سکتی ہے۔

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب ہیلتھ انیشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 88ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت کی زیر صدارت پنجاب ہیلتھ انیشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کا 88واں اجلاس منعقد

وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے پنجاب ہیلتھ انیشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی کے 87ویں اجلاس کے فیصلوں کی توثیق کر دی

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت پنجاب ہیلتھ انیشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کا 88واں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے شرکت کی۔ اجلاس میں سی ای او پی ایچ آئی ایم سی ڈاکٹر علی رزاق، بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران، سی ای او پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن ڈاکٹر ثاقب عزیز اور پی آئی ٹی بی سے نوشین نے شرکت کی۔ ویڈیو لنک کے ذریعے ڈاکٹر عدنان خان، سلطان محمود اور ایڈیشنل سیکرٹری فنانس محمد بلال نے بھی شرکت کی۔ سی ای او ڈاکٹر علی رزاق نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں منظوری کیلئے مختلف ایجنڈے پیش کئے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے پنجاب ہیلتھ انیشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی کے 87ویں اجلاس کے فیصلوں کی توثیق کر دی۔ اجلاس میں صحت کے اقدامات کی کامیاب عملدرآمد پر سی ای او پی ایچ آئی ایم سی ڈاکٹر علی رزاق کی کاوشوں کو سراہا گیا۔ اجلاس کے دوران سال 25-2024 کیلئے سالانہ آڈیٹڈ اکاؤنٹس اور آڈیٹر رکھنے کی منظوری دے دی گئی ہے۔ اجلاس کے دوران سرکاری ہسپتالوں کی موثر مانیٹرنگ کیلئے نئی آسامیوں پر بھرتی پر بھی غور کیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے عوام کیلئے شروع کئے گئے چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام و دیگر صحت کے اقدامات کو پنجاب ہیلتھ انیشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی یقینی بنا رہی ہے۔

پنجاب یونیورسٹی آفس ریسرچ انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن کے زیر اہتمام تربیتی ورکشاپ کے شرکاء کا گروپ فوٹو

پنجاب یونیورسٹی اورک کے زیر اہتمام تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

لاہور (خبر نگار) پنجاب یونیورسٹی آفس ریسرچ انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن (اورک) کے زیر اہتمام 'پیٹنٹ ڈرافٹنگ اینڈ فائلنگ' انسٹیٹیوٹ آف کیمیکل انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے سیمینار ہال میں تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر پنجاب یونیورسٹی کے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود، ڈائریکٹر اورک پروفیسر ڈاکٹر عاقل انعام، سینئر آئی پی او اگزامینر شاکرہ خورشید، ڈپٹی ڈائریکٹر اورک پروفیسر ڈاکٹر فرقان ہاشمی، ڈپٹی ڈائریکٹر آئی پی پروفیسر ڈاکٹر غزالہ یاسمین، فیکلٹی ممبران، محققین اور پوسٹ گریجویٹ طلباء و طالبات نے شرکت کی۔ اپنے خطاب میں پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود نے بہترین ورکشاپ کے انعقاد پر اورک کی ٹیم کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے سائنسدانوں اور محققین کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے قومی اور بین الاقوامی سطح پر شناخت بنانے کیلئے مزید فعال کردار ادا کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے تحقیق اور اختراع کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ محققین اپنے پراجیکٹس کو کمرشلائز کرنے کے ساتھ ساتھ ان کا پیٹنٹ بھی حاصل کریں۔ انہوں نے علمی اور صنعتی روابط کو فروغ دینے بارے سیر حاصل بات چیت کی۔ شاکرہ خورشید نے دو سیشنز میں ہینڈز آن ٹریننگ کی، پہلا سیشن پیٹنٹ کی درخواست اور دعووں کے بنیادی اصولوں پر تھا، جس میں سائنس دانوں اور محققین کو آئی پی فائلنگ کی اہمیت اور تعلیمی اور تجارتی وابستگی میں اس کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔ دوسرا سیشن پیٹنٹ کلیمز پر ہینڈز آن ٹریننگ پر مشتمل تھا۔ پروفیسر ڈاکٹر عاقل انعام نے پنجاب یونیورسٹی کے مختلف شعبہ جات سے شرکاء اور فیکلٹی ممبران کو خوش آمدید کہا۔ انہوں نے اورک کے امور اور یونیورسٹی میں تحقیق اور اختراعی کلچر کو فروغ دینے میں اس کے اہم کردار بارے بتایا۔ انہوں نے ڈاکٹر فرقان ہاشمی، پروفیسر ڈاکٹر غزالہ یاسمین و دیگر کی کاوشوں کو سراہا۔ بعد ازاں شرکاء کو

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پنجاب انسٹی ٹیوٹ مینٹل ہیلتھ میں کرسمس کا کیک کاٹ رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت کی پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ میں منعقدہ کرسمس کی مرکزی تقریب میں شرکت

پوری دنیا میں مسیحی برادری کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے یوم ولادت پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، خواجہ سلمان رفیق

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ میں منعقدہ کرسمس کی مرکزی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر ثاقب باجوہ، فادر جیمز چنن، علامہ زبیر عابد اور مسیحی ملازمین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کرسمس کا کیک بھی کاٹا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر پی آئی ایم ایچ، فادر جیمز چنن اور علامہ زبیر عابد نے بھی خطاب کیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کرسمس کی تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کرسمس کی انتہائی خوبصورت تقریب سجانے پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر پی آئی ایم ایچ اور ان کی ٹیم کو شاباش دیتا ہوں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہمارے ایک انتہائی برگزیدہ نبی ہیں۔ پوری دنیا میں مسیحی برادری کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے یوم ولادت پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ پاکستان بنانے میں مسیحی برادری نے بہت قربانیاں پیش کی تھیں۔ پاکستان میں تمام اقلیتوں کو زندگیاں اپنے عقائد کے مطابق گزارنے کا پورا حق حاصل ہے۔ کرسمس کے موقع پر مسیحی برادری کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں۔ سرکاری ہسپتالوں میں مسیحی ملازمین کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

بینظیر بھٹو شہید کی برسی، جیالے لاہور سے 26 دسمبر کو خصوصی ٹرین کے ذریعے نوڈیرو روانہ ہوں گے حسن مرتضیٰ

خصوصی ٹرین کو پارٹی پرچموں اور بینرز سے سجائیں گے ہر سٹیشن پر استقبال ہوگا، جنرل سیکرٹری پیپلز پارٹی وسطی پنجاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ نے کہا ہے کہ بینظیر بھٹو شہید کی برسی کی تقریب میں شرکت کے لئے جیالے لاہور سے 26 دسمبر کو خصوصی ٹرین کے ذریعے نوڈیرو روانہ ہوں گے، خصوصی ٹرین کو پارٹی پرچموں اور بینرز سے سجائیں گے، ہر سٹیشن پر استقبال ہوگا۔ وہ اپر مال پر صوبائی ٹاسک کمیٹی برائے تنظیمی امور کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اجلاس میں میاں مصباح الرحمن، چوہدری اسلم گل، عثمان ملک، فیصل میر، بشریٰ منظور، مانیکا فرخ بصیر، نسیم صابر، مدثر شاکر شریک تھے۔ حسن مرتضیٰ نے ممبران کو بتایا کہ کمیٹی کا دائرہ کار وسیع کرتے ہوئے اس میں سینٹرل پنجاب کے دیگر ڈویژنز کو بھی نمائندگی دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خصوصی ٹرین 27 دسمبر کی رات واپس لاہور سے روانہ ہوگی۔

اسلام پورہ چوکی اکرم پارک 15 پر ڈکیتی کی جھوٹی کال کروانے والا ملزم گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) اسلام پورہ چوکی اکرم پارک 15 پر ڈکیتی کی جھوٹی کال کروانے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام پورہ پولیس کو 15 کی کال پر اطلاع ملی جس میں کالر نے بتایا کہ ڈاکو گن پوائنٹ پر میرے ملازم سے کیش اور چیک لیکر فرار ہیں، چوکی اکرم پارک پولیس نے کال پر فوری ریسپانس دیا اور موقع پر پہنچ کر تفتیش شروع کی۔

شاہ رح ٹیکنالوجیز کے زیر اہتمام "میڈیا سفارت کاری کے موجودہ منظر نامے" پر تین روزہ بین الاقوامی آن لائن کانفرنس کامیابی کے ساتھ مکمل ہو گئی

Shahruh
CURRENT LANDSCAPE OF
MEDIA DIPLOMACY

لاہور (تخلیق صدیقی سے) شاہ رح ٹیکنالوجیز کے زیر اہتمام "میڈیا سفارت کاری کے موجودہ منظر نامے" پر تین روزہ بین الاقوامی آن لائن کانفرنس کامیابی کے ساتھ مکمل ہو گئی۔ اس کانفرنس میں دنیا بھر کے ماہرین نے شرکت کی اور میڈیا سفارت کاری کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔ کانفرنس کے تین دنوں کو مخصوص موضوعات میں تقسیم کیا گیا جن میں "میڈیا بطور سفارتی ٹول"، "سافٹ پاور حکمت عملیوں کے لیے میڈیا کا کردار" اور "ڈیجیٹل دور میں جغرافیائی بیانیوں کی رہنمائی" شامل تھے۔ اس دوران چھ اہم پینل مباحثے منعقد ہوئے جن میں "بین الاقوامی تعلقات میں میڈیا کا کردار"، "ثقافتی سفارت کاری میں کہانی سنانے کی طاقت"، "اظہار رائے کی آزادی بمقابلہ مواد کی نگرانی"، "ڈیجیٹل میڈیا میں شفافیت اور جوابدہی"، "ماحولیاتی و سماجی پائیداری" اور "میڈیا سفارت کاری میں سرحد پار تعاون" جیسے موضوعات پر بات کی گئی۔ کانفرنس کی میزبانی شاہ رح ٹیکنالوجیز کے سی ای او حامد سعید نے کی، جبکہ معاون میزبان ارفع عارفی تھیں۔ کانفرنس نے میڈیا کو بطور سفارتی ٹول استعمال کرنے کے اہم پہلوؤں کو اجاگر کیا اور یہ کانفرنس عالمی میڈیا اور سفارتی تعلقات میں ایک اہم پیش رفت ثابت ہوئی۔

ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء سید توقیر حیدر کاظمی نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

توقیر حیدر کاظمی کی الحمراء افسران سے ملاقات، مختلف امور پر بریفنگ دی گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء سید توقیر حیدر کاظمی نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ انہوں نے الحمراء افسران سے تعارفی ملاقات کی۔ ملاقات میں سید توقیر حیدر کاظمی کو الحمراء کے مختلف امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر سید توقیر حیدر کاظمی نے الحمراء کے تمام شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ الحمراء کے تمام سٹیک ہولڈرز سے ملاقاتیں کی جائیں گی، رابطہ کاری کے نظام کا دائرہ کار وسیع کیا جائے گا، ثقافتی ترویج کے عمل میں زیادہ سے زیادہ پبلک کو شامل کرنے کے لئے اقدامات بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے مقاصد میں نوجوانوں کو ملکی ترقی کے سفر میں ساتھ ملانا سرفہرست ہے، دنیا کے ساتھ قدم سے قدم ملانا ہے تو روایتی طریقوں سے آگے بڑھ کر کوششیں کرنا ہوں گی، ثمر آور نتائج کے لئے یک جان ہو کر کام کرنا ہوگا، فن و ثقافت کی باگ ڈور ہمارے ہاتھوں میں ہے۔ توقیر حیدر نے اپنی ذمہ داریوں بارے کہا کہ اپنی اقدار کا تحفظ اور اس آگے بڑھانا اہم ٹاسک ہے، تمام چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کی استعداد رکھتے ہیں، حکومتی سطح پر فنکاروں کی فلاح و بہبود کے اقدامات قابل ستائش ہیں۔

جنرل ہسپتال میں پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر سیڑھی پر چڑھ کر 600 پاؤنڈ وزنی کرسمس کیک کاٹ رہے ہیں

جنرل ہسپتال و نیورو انسٹی ٹیوٹ میں کرسمس کا 600 پاؤنڈ وزنی کیک سیڑھی لگا کر کاٹا گیا

مسیحی کمیونٹی کو مبارکباد، یہ دن ہمیں محبت اور ہمدردی کا درس دیتا ہے: پروفیسر الفرید ظفر

لاہور (خبر نگار) لاہور جنرل ہسپتال اور پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیورو سائنسز میں کرسمس کی خوشیاں دوبالا کرنے اور مسیحی بھائیوں سے اظہار یکجہتی اور مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کے لئے پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں 600 پاؤنڈ وزنی کیک سیڑھی لگا کر کاٹا گیا۔ پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر، ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنز پروفیسر آصف بشیر، ایم ایس ڈاکٹر عمر اسحاق، ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین، اقلیتی ممبر صوبائی اسمبلی و مسیحی برادری کی اہم شخصیات کے علاوہ ڈی سی این ایس فضیلت لال، نرسنگ سپرنٹنڈنٹ آسیہ خانم سمیت پنجاب پیرا میڈیکل سٹاف ایسوسی ایشن، نرسنگ آفیسرز اور ہیلتھ پروفیشنلز کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے مسیحی برادری کو کرسمس کی خوشی کے موقع پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ مسلمانوں کے لئے حضرت عیسیٰ 174 اور دیگر تمام انبیاء کرام پر ایمان لانا عقیدت کی بنیادی شرط ہے اور ہم بطور مسلمان حضرت عیسیٰ 174 کا احترام کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کرسمس ہمیں محبت، سخاوت، معافی اور امید کا پیغام اور روحانیت کا شعور دیتا ہے اور وہ ہمیں اپنی زندگیوں کو بہتر بنانے کی ترغیب دیتا ہے۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر پنز پروفیسر محمد آصف بشیر کا کہنا تھا کہ یہ دن ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ محبت، ہمدردی اور انسانیت کے ساتھ حسن سلوک سکھاتا ہے لہذا ہمیں اپنی زندگیوں میں محبت کو مقدم رکھنا چاہیے۔ پرنسپل پی جی ایم آئی نے کہا کہ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی سمیت ہر شعبہ ہائے زندگی میں مسیحی برادری کے کردار کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا تاہم میڈیکل اور تعلیم کے شعبوں میں مسیحی کمیونٹی کی خدمات بہت نمایاں ہیں جس کے لئے وہ خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کرسچین کمیونٹی کا کردار نہ صرف مذہبی لحاظ سے اہم ہے بلکہ یہ عالمی سطح پر امن، محبت، انسانیت کی خدمت، اور معاشرتی بہتری کے لیے بھی مثبت اثرات مرتب کرتی ہے۔ ایم ایس پنز ڈاکٹر عمر اسحاق اور ایم ایس ایل جی ایچ ڈاکٹر فریاد حسین کا کہنا تھا کہ پاکستان کا آئین تمام اقلیتوں کو مساوی شہری حقوق اور مذہبی آزادی فراہم کرتا ہے، الحمد اللہ پاکستان میں تمام اقلیتیں اپنے اپنے مذہبی عقائد کے مطابق عبادت کرتی اور تہوار مناتی ہیں۔ ڈی سی این ایس فضیلت لال اور نرسنگ سپرنٹنڈنٹ آسیہ خانم کا کہنا تھا کہ پاکستان میں تعلیم کے فروغ کے لئے مسیحی برادری نے بہت سے تعلیمی ادارے قائم کر رکھے ہیں جہاں بلا تفریق مذہب تمام بچے تعلیم کے زیور سے آراستہ ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میڈیکل کے شعبے میں دکھی انسانیت کی خدمت میں بالخصوص نرسز کا بہت اہم کردار ہے تمام ہسپتالوں میں نرسز اور پیرا میڈیکس انتہائی فرض شناسی اور پیشہ وارانہ لگن کے ساتھ اپنے فرائض منصبی نبھا رہے ہیں جو ان کی پاکستان کے ساتھ گہری وابستگی کو ظاہر کرتا ہے۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء نے ملکی ترقی، استحکام، کشمیری اور فلسطینی بھائیوں سے اظہار یکجہتی کے لئے خصوصی دعائیں بھی کیں اور اپنے اپنے اداروں میں محنت اور زیادہ لگن کے ساتھ کام کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

لاہور میں کرائم کی شرح کم نہ ہو سکی

گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 319 وارداتیں رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں کرائم کی شرح کم نہ ہو سکی، گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 319 وارداتیں رپورٹ۔ پولیس ذرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور مختلف علاقوں کے 10 گھروں سے لاکھوں روپے مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں چور شہر میں اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات پر 7 افراد سے لاکھوں روپے، 2 موٹر سائیکلیں اور موبائل فونز چھین کر لے گئے، چھینا مار کارروائیوں میں ڈاکو 20 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر کے مختلف علاقوں سے 22 موٹر سائیکلیں، 2 کاریں، 4 دیگر وہیکل، 1 مویشی چوری ہو گئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 251 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔

پنجاب کی جیلوں میں 25 دسمبر کو کرسمس، یوم ولادت قائداعظم کے حوالے سے تقریبات کے انعقاد کا فیصلہ

جیلوں میں مقید مسیح اسیران و مسیح جیل ملازمین کیلئے کرسمس کے حوالے سے کیک کاٹا جائے، دعائیہ تقریبات کا انعقاد کیا جائے

لاہور (کرائم رپورٹر) آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں فاروق نذیر کی جانب سے 25 دسمبر کو کرسمس اور یوم ولادت قائداعظم محمد علی جناح کے حوالے سے تقریبات کے انعقاد کیلئے تمام سپرنٹنڈنٹ جیل کو ہدایات جاری کر دی گئیں۔ انہوں نے تمام سپرنٹنڈنٹ جیل کو ہدایت کی ہے کہ جیلوں میں مقید مسیح اسیران و مسیح جیل ملازمین کیلئے کرسمس کے حوالے سے کیک کاٹا جائے اور دعائیہ تقریبات کا انعقاد کیا جائے۔ مسیح اسیران کو اپنے لواحقین سے 25 دسمبر کے دن ملاقات کی اجازت دی جائے، لواحقین کی جانب سے اپنے پیاروں کیلئے لائے کھانے بھی وصول کر کے مسیحی اسیران کو دیئے جائیں۔ آئی جی جیل میاں فاروق نذیر نے ہدایت کی کہ یوم ولادت قائداعظم کے حوالے سے اسیران پر مشتمل سپورٹس ٹیموں کے مابین والی بال، فٹ بال اور کرکٹ جیسے کھیلوں کے ٹورنامنٹس کا انعقاد کیا جائے اور متعلقہ ایم پی اے، منسٹر صاحبان، ڈپٹی کمشنرز کو مدعو کیا جائے۔ 25 دسمبر کی چھٹی منسوخ تصور ہوگی اور تمام سپرنٹنڈنٹ صاحبان اور افسران جیل پر موجود رہیں گے۔ آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں فاروق نذیر نے کہا کہ پنجاب کی جیلوں میں مقید تمام مسیح اسیران کو کرسمس کی خوشیاں منانے کیلئے موزوں ماحول فراہم کیا جائے گا۔ مخیر حضرات کے تعاون سے مسیح اسیران کیلئے مٹھائی اور تحائف کا بھی بندوبست کیا گیا ہے۔

پنجاب یونیورسٹی ہیلی کالج آف کامرس کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر حافظ ظفر احمد و دیگر قازقستان کے عالمی دن پر منعقدہ تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

پنجاب یونیورسٹی ہیلی کالج آف کامرس کے وفد کا قازقستان ہاؤس کا دورہ

لاہور (خبر نگار) پنجاب یونیورسٹی ہیلی کالج آف کامرس کے وفد نے قازقستان کا عالمی دن منانے کے لیے قازقستان ہاؤس لاہور کا دورہ کیا۔ وفد میں پرنسپل ہیلی کالج آف کامرس پروفیسر ڈاکٹر حافظ ظفر احمد، ڈائریکٹر ہیلی انٹرنیشنل آفس ڈاکٹر سعدیہ فاروق، ڈپٹی ڈائریکٹر حافظ فواد علی، ڈاکٹر رب نواز لودھی، صدر سپورٹس ایچ سی سی عتیق الرحمان اور طلباء شامل تھے۔ وفد کا استقبال قازقستان کے قونصل جنرل مسٹر راؤ خالد مصطفیٰ، قازقستان ہاؤس میں ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن مسٹر ابوذر معظم اور قازقستان سفارت خانے کے نمائندے مسٹر دانیار نے کیا۔ یہ دورہ بین الاقوامی تعلقات کو مضبوط بنانے، کالج اور قازقستان کے درمیان تعلیمی تعاون کو آگے بڑھانے کا ایک اہم موقع تھا۔ دورے کے علاوہ قازقستان کا عالمی دن قازقستان ہاؤس لاہور میں منایا گیا۔ تقریب میں مختلف سرگرمیوں کے ذریعے قازقستان کی بھرپور ثقافت اور روایات کو اجاگر کیا گیا۔ اس دورہ دو طرفہ تعلقات کو فروغ دینے اور حاضرین میں قازقستان کے ورثے بارے آگاہی کو فروغ دینے کے لیے پلیٹ فارم فراہم کیا۔

ڈی آئی جی آپریشنز کھلی کچہری کا الگ اور بہترین انداز

والنٹیئر زان پولیس کے 14ویں بیچ کا ڈی آئی جی آپریشنز کھلی کچہری میں فوری سروس ڈیلیوری کا خود مشاہدہ

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران نے کہا ہے کہ انصاف کے لیے قانون کے علم اور اپنے حقوق کا پتا ہونا ضروری ہے۔ کھلی کچہری جنرل ٹرینڈ آف کرائم کو سمجھنے اور حل میں بہت مددگار ہے۔ بغیر تفریق عزت ہر شہری کا بنیادی حق ہے۔ تھانہ میں شکایات کا ازالہ نہ ہونے پر شہری بغیر سفارش میرے دفتر آ سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں والنٹیئر زان پولیس کے 14ویں بیچ کے طلباء و طالبات کو آگاہی دیتے ہوئے کیا۔ والنٹیئر زان پولیس میں شامل طلباء و طالبات نے کھلی کچہری میں فوری سروس ڈیلیوری کا خود مشاہدہ کیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کھلی کچہری میں آئے شہریوں کے مسائل سن کر موقع پر احکامات جاری کیے۔ محمد فیصل کامران نے طلباء و طالبات کو کھلی کچہری، کمپلینٹ سسٹم، پولیس ورکنگ، کمیونٹی پالیسنگ، جرائم کے تدارک میں شہریوں کے کردار پر تفصیلی آگاہی دی۔ انہوں نے جیو فینسنگ، سی ڈی آر، ڈی این اے و فرانزک رپورٹس کے متعلق بھی آگاہی دی۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے بتایا کہ درخواستوں پر جاری احکامات پر متعلقہ افسران نے فوری کارروائی کرنا ہوتی ہے۔ کھلی کچہری میں آنے والی شکایات سے تھانوں کی کارکردگی کا بھی علم رہتا ہے۔ والنٹیئر زان پولیس میں شامل طلباء و طالبات نے لاہور پولیس کی عوامی خدمت کی کاوشوں کو سراہا۔

ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کا والنٹیئر زان پولیس کے 14ویں بیچ کے طلباء و طالبات کے ہمراہ گروپ فوٹو

آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس کا سول سیکرٹریٹ کے سامنے احتجاجی مظاہرہ سے رانا لیاقت خطاب کر رہے ہیں

دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائیاں، 18 روز میں 18 کروڑ کے جرمانے

13 ہزار سے زائد گاڑیوں کو دھواں چھوڑنے پر بند کیا گیا، 96 گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹ، 63 کے روٹس معطل

لاہور (سٹاف رپورٹر) ٹریفک پولیس نے سموگ کے تدارک کیلئے ریکارڈ کارروائیاں کیں اور 18 روز میں 18 کروڑ کے جرمانے کئے گئے۔ ترجمان کے مطابق ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ کی جانب سے دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائیوں کی ہدایت کی گئی ہے۔ رواں ماہ دھواں چھوڑنے والی 93 ہزار سے زائد گاڑیوں کو چالان ٹکٹ جاری کئے گئے، دھواں چھوڑنے پر 96 گاڑیوں کے فٹنس سرٹیفکیٹ معطل کئے گئے، 63 سے زائد گاڑیوں کے روٹ پرمٹ معطل کئے گئے، دھواں چھوڑنے والی 56 گاڑیوں کے خلاف ایف آئی آرز درج کرائی گئیں جبکہ 13 ہزار سے زائد گاڑیوں کو دھواں چھوڑنے پر بند کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق 17 ہزار سے زائد ریت مٹی سے لوڈڈ ان کورڈ ٹریکٹر ٹرالیاں کو آلودگی کا باعث بننے پر بھاری جرمانے کئے گئے، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کو 2000 جرمانہ اور سخت قانونی کارروائی بھی کی جا رہی ہے، 18 روز میں گاڑیوں کو 18 کروڑ سے زائد کے جرمانے کئے گئے۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن پر پنجاب کو سموگ فری بنانے کے لیے ٹریفک پولیس کا کردار سب سے اہم ہے، صوبہ بھر میں سموگی وہیکلز کے خلاف ٹریفک پولیس کی ٹیمیں بہترین کام کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام سی ٹی اوز اور ڈی ٹی اوز متحرک ہو کر سموگ فری پنجاب کے لیے کام کریں، سموگ کے تدارک کیلئے حکومتی ہدایات پر سختی سے عمل درآمد کروایا جا رہا ہے، گاڑیوں سے نکلنے والا زہریلا دھواں بے تحاشہ بیماریوں اور ماحولیاتی آلودگی کا باعث بنتا ہے، ہمیں اپنے ماحول کو بچانے کے لیے گاڑیوں سے نکلنے والے زہریلے دھوئیں کا خاتمہ کرنا ہے۔

لاہور میں سسر کی بہو کے ساتھ متعدد بار زیادتی، گرفتار کر لیا گیا

سسر بیٹے کی غیر موجودگی میں بہو کے ساتھ زیادتی کرتا، ہراساں اور دھمکاتا رہتا تھا

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور ملت پارک کے علاقے میں سسر کی بہو کے ساتھ زیادتی، ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن کی بدولت ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان سیف سٹیز اتھارٹی کے مطابق خاتون کے والد نے 15 ایمرجنسی ہیلپ لائن پر کال کر کے ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن میں اطلاع دی۔ متاثرہ خاتون نے بتایا کہ سسر نے متعدد بار زیادتی کا نشانہ بنایا، کسی کو بتانے پر سنگین نتائج اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں۔ ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن نے فوری کارروائی کرتے ہوئے قریبی پولیس کو موقع پر روانہ کیا۔ سسر بیٹے کی غیر موجودگی میں بہو کے ساتھ زیادتی کرتا، ہراساں اور دھمکاتا رہتا تھا۔ پولیس نے فوری ایکشن لیتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرتے ہوئے مزید قانونی کارروائی جاری ہے۔ ترجمان نے کہا کہ خواتین کسی بھی ظلم و زیادتی کی صورت میں 15 ہیلپ لائن پر کال کر کے 2 دبا کر ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن سے فوری مدد حاصل کریں۔

Pak Red Crescent Medical College and Teaching Hospital.
48, KM, Multan Road, Dina Nath, Lahore.

Postponement of Interviews / Performance Evaluation

Corrigendum

Ref: Advertisement dated 19-11-2024 for Interviews / Performance evaluation on 21-12-2024

According to Government Notification Public and Private Colleges and Universities shall be closed for winter vacations w.e.f. 22-12-2024. A sizeable numbers of Faculty / Doctors of Pak Red Crescent Medical College / Hospital Dina Nath are already scheduled to leave with families for native places on 21-12-2024, therefore, on their request, the interviews / performance evaluation to give effect to PM&DC Regulations along with farewell lunch are postponed. New date shall be announced after winter vacations

HR Manager, Pak Red Crescent Medical College and Teaching Hospital. 48, KM, Multan Road, Dina Nath, Lahore. Ph: 0494540426; | Website: https://prcmdc.edu.pk/ | Email: hr@prcmdc.edu.pk

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	1:30
عصر	3:45
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	6:45

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین
1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت
لاہور

ایئرسیال کو جنوری میں تمام ایئرپورٹ پر رسائی ہو جائیگی خواجہ آصف

ملکی معیشت مایوسی اور کرائسسز سے آہستہ آہستہ نکل رہی ہیں۔ معیشت کو بہتر بنانے کیلئے علاقائی اور بین الاقوامی حالات کی وجہ سے بروقت فیصلے نہیں کئے جاسکتے ،ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ میں صنعتکاروں سے خطاب

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ میں صنعتکاروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گذشتہ چندماہ کے دوران پانچ مرتبہ پالیسی ریٹ کم ہوا اور مجموعی طور پر 9 فیصد کم ہوا ۔معاشی اعشاریہ مثبت ہو چکے ہیں، جس کا کریڈٹ وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف، وفاقی کابینہ اور معیشت کے ماہرین کو جاتا ہے۔ جنوری میں ایئر سیالکوٹ کو یو اے سی کے تمام ایئر پورٹ پر رسائی ہو جائے گی ملکی معیشت مایوسی اور کرائسسز سے آہستہ آہستہ نکل رہی ہیں۔معیشت کو بہتر بنانے کیلئے علاقائی اور بین الاقوامی حالات کی وجہ سے بروقت فیصلے نہیں کئے جاسکتے۔اسٹاک مارکیٹ جس سطح پر پہنچی ہے چند ماہ قبل اس کا تصور بھی محال لگتا تھا۔ پاکستان میں جس تیزی سے سولرائزیشن ہوئی وہ کسی اور ملک میں نہیں، حکومت کو آئی پی پی کو کپیسٹی پیمنٹ کرنی ہوتی ہے حکومت اس کا بوجھ اٹھارہی ہے۔ اسمگلنگ،نان کسٹم لگژری گاڑیوں پر کرپشن 50 فیصد ہی کم کرلیا جائے تو ملک کی معیشت اپنے پیروں پر کھڑی ہو جائے ۔بدقسمتی سے ملک میں حلال اور حرام کی تمیز ختم ہوگئی ہے اور رشوت جڑوں میں بیٹھ گئی ہے۔

وفاقی وزیردفاع خواجہ آصف و وزیرتجارت کا دورہ سیالکوٹ خوش آئند ہے محمد یوسف

حکومت پاکستان تاجر برادری کیلئے بہترین پالیسیاں وضع کررہی ہے،ڈائیریکٹر ایئر سیال



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر تجارت جام کمال اور وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کا ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ میں صنعتکاروں کیساتھ خطاب خوش آئند و حکومت پاکستان کی تاجروں کیلئے بہتر پالیسیوں کا عکاس ہے۔ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین و ڈائیریکٹر سیالکوٹ انٹرنیشنل ایئرپورٹ محمد یوسف آف پاکستان کارگو نے ایوان صنعت وتجارت اجلاس میں شرکت کے بعد سنیئر صحافیوں کیساتھ گفتگو کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ آج کے خطاب میں دی جانیوالی بریفنگ سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ حکومت بزنس کمیونٹی کو سہولت دینے کیلئے درست انداز میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ بزنس کمیونٹی کے مسائل سن رہے ہیں اور ان کے حل کیلئے اکنامک پوائنٹ آف ویو سے حل کررہے ہیں۔ایف بی آر، کامرس اور ای بیس بزنس کیلئے قانون سازی کا مقصد معیشت کو پیروں پر کھڑا کرنا ہے۔ای ڈی ایف ، کا ڈھانچے پر سوالیہ نشان ہے۔ روزنامہ قوت کے ایک سوال کے جواب میں محمد یوسف نے کہا کہ گورنمنٹ ای ڈی ایف کیلئے پرپوزل بنارہی ہے اس کو ری اسٹرکچر کرے گی۔ اس سلسلہ میں ایئر پورٹ اور سولر سسٹم میں درخواستیں موصول کیجارہی ہے۔سیالکوٹ میں ایکسپو سنٹر کے قیام کا اعلان بڑی خبر ہے۔

حکمرانوں کی ناقص پالیسیاں ملک کا نوجوان کشتیوں میں ڈوب کر اپنی جانیں گنوارہا ہے،چوہدری عادل پرویز

پاکستان کو موجودہ بحرانوں سے صرف قائد عمران خان ہی نکال سکتے ہیں،ضلعی صدر PTI کی گفتگو

سمندری (تحصیل رپورٹر) بے روزگاری اور مہنگائی کا مارا ملک کا نوجوان بیرون ملک کشتیوں میں ڈوب کر اپنی جانیں گنوا رہا ہے جب کہ ہمارا جعلی وزیراعظم ڈی ایٹ کانفرنس میں نوجوانوں کے روزگار پر خطاب کرنے کے لیے مصر پہنچا ہوا ہے جو کہ انتہائی شرمناک بات ہے۔ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف حلقہ پی پی 105 کے ٹکٹ ہولڈر سابق ایم پی اے ضلعی صدر چوہدری عادل پرویز سلطان گجر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ موجودہ حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں،مہنگائی بے روزگاری لاقانونیت کی وجہ سے کوئی بھی سرمایہ کار پاکستان آنے کے لیے تیار نہیں جس وجہ سے ملکی معیشت تباہی کے دھانے پر پہنچ چکی ہے،ملکی ترقی صرف اور صرف اشتہارات میں نظر آرہی ہے جبکہ حقیقت میں عام آدمی دو وقت کی روٹی سے محروم ہو چکا ہے،بے روزگاری سے تنگ نوجوان اپنے گھر کا چولہا جلانے کے لیے غیر قانونی طریقے سے ڈنکی لگا کر بیرون ملک سفر کر رہے ہیں اور ہمارے وزیراعظم اور ان کی کابینہ اس سے بالکل لاعلم ہیں،انہوں نے کہا کہ وطن عزیز پاکستان کی معیشت اس وقت جس بھنور میں گر چکی ہے اس کو صرف اور صرف نکالنے کا واحد حل ملک میں سیاسی استحکام ہی ہے،ڈرامے بازیوں سے ملک کے حالات کو ٹھیک نہیں کیا جاسکتا۔

کسانوں میں 9500 گرین ٹریکٹرز تقسیم کئے جارہے ہیں سائرہ افضل تارڑ

حافظ آباد میں انتہائی شفاف طریقہ اور میرٹ پر خوش نصیب کسانوں، زمینداروں کو قرعہ اندازی کے ذریعے گرین ٹریکٹر دیے جار ہے ہیں،ڈپٹی کمشنر



حافظ آباد (رانا طارق محمود) وزیراعلیٰ کی کوآرڈینیٹر برائے پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ سابق وفاقی وزیر سائرہ افضل تارڑ اور ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے 30 ارب روپے کی خطیر رقم سے گرین ٹریکٹر سکیم صوبہ بھر میں زرعی،معاشی خوشحالی کے ایک نئے دور کا انقلابی پروگرام ہے۔اس پروگرام کے تحت پہلے مرحلہ میں صوبہ بھر میں کسانوں،زمینداروں میں 9500 گرین ٹریکٹر تقسیم کیے جارہے ہیں اور حکومت پنجاب کی جانب سے فی ٹریکٹر پر 10 لاکھ روپے کی سبسڈی فراہم کی جارہی ہے۔حافظ آباد میں انتہائی شفاف طریقہ اور میرٹ پر 188 خوش نصیب کسانوں، زمینداروں کو قرعہ اندازی کے ذریعے گرین ٹریکٹر دیے جارہے ہیں۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار گرین ٹریکٹر تقسیم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ایم پی اے عون جہانگیر بھٹی، چودھری تہور حسین تارڑ، رائے قمرالزمان کھرل، محمد زمان بھون، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تنویر یاسین، ڈائریکٹر گجرات ڈویژن عرفان اللہ وڑائچ، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت محمد یوسف سمیت کسانوں، زمینداروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی کوآرڈینیٹر و سابق وفاقی وزیر سائرہ افضل تارڑ اور ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کا کہنا تھا کہ زراعت کا شعبہ کسی بھی ملک کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ملکی تاریخ میں پہلی بار حکومت پنجاب کی جانب سے کسانوں کی خوشحالی اور زراعت کی ترقی کیلئے 30 ارب روپے کا گرین ٹریکٹر پروگرام شروع کیا گیا ہے۔اس پروگرام کے تحت قرعہ اندازی کے ذریعے منتخب ہونے والے کسانوں کو گرین ٹریکٹر کی خریداری پر 10 لاکھ کی سبسڈی حکومت پنجاب کی جانب سے دی جارہی ہے۔انکا کہنا تھا کہ کسان کارڈ کا اجراء، گرین ٹریکٹر سکیم،زرعی آلات،ادویات اور جدید مشینری پر خصوصی سبسڈی سے جہاں کسانوں،زمینداروں کو خصوصی ریلیف دیا گیا ہے تو وہی ان زرعی اقدامات سے پنجاب میں زرعی خوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوگا۔تقریب کے اختتام پر سابق وفاقی وزیر سائرہ افضل تارڑ، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق، ایم پی اے عون جہانگیر بھٹی سمیت دیگر مہمانوں نے خوش نصیب کسانوں میں گرین ٹریکٹر کی چابیاں تقسیم کیں۔

کھیلوں کا شوق پیدا کرنے میں تعلیمی ادارے اہم کردار ادا کررہے ہیں،محمد رب نواز چدھڑ

نیٹو سکول پیرس کیمپس کے سالانہ سپورٹس گالا کے اختتام پر کھلاڑیوں میں انعامات کی تقسیم

وزیرآباد(نامہ نگار) کھیل افراد کو چاک و چوبند رکھنے اور جسمانی توانائی فراہم کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں نوجوانوں کو کھیل کے میدانوں کی جانب موڑنے اور انکے اندر کھیلوں کا شوق پیدا کرنے میں تعلیمی ادارے اہم کردار ادا کررہے ہیں۔دی نیٹو سکول پیرس کیمپس ہر سال سکول طلبہ میں کھیلوں کے مقابلے کروا کر انکی تعلیمی ذہنی جسمانی استعداد بڑھانے میں بھرپور کردار ادا کررہا ہے۔ان خیالات کا اظہار اسسٹنٹ کمشنر محمد رب نواز چدھڑ اور سنیئر سول جج احمد مجتبیٰ فاروقی نے دی نیٹو سکول پیرس کیمپس کے سالانہ سپورٹس گالا کے اختتام پر کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کرنے کے موقع پر کیا۔اس موقع پر ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈاکٹر سعدیہ پرویز میر، ڈائریکٹر عامر ثناء اللہ بٹ، پرنسپل سعدیہ ارشد بخاری، پرنسپل گورنمنٹ مولانا ظفر علی خان پوسٹ گریجوایٹ کالج پروفیسر محمد ارشد بخاری، سید اعجاز شاہ، رضوان احمد، معاذ ارشد و دیگر نے بھی خطاب کیا۔ایم ایس ڈاکٹر سعدیہ پرویز میر نے کہا سپورٹس مین سپرٹ حاصل ہونے سے طلبہ میں جہاں اپنی تعلیمی قابلیت آگے بڑھانے کا جذبہ اجاگر ہوتا ہے وہاں وہ اپنے ادارے اور ملک و قوم کا نام روشن کرنے والے بنتے ہیں۔

اتحاد امن کونسل نے سماجی شخصیت عمران صدیقی کو"فاروق آباد امن ایوارڈ" سے نوازا

شہر کے مسائل اور ضروریات اولین ترجیحات میں شامل ہیں،میاں عمران صدیقی



فاروق آباد (حافظ عثمان ہاشمی) سماجی خدمات کے اعتراف میاں عمران صدیقی کو ،فاروق آباد امن ایوارڈ، سے نوازا گیا، امن ایوارڈ دینے کیلئے پروقار تقریب منعقد ہوئی۔بین المذاہب اتحاد امن کونسل کی جانب سے چیئرمین فیملی گروپ میاں عمران صدیقی کو سماجی خدمات کے اعتراف پر" فاروق آباد امن" ایوارڈ سے نوازا گیا۔میاں محمد عمران صدیقی نے فاروق آباد کے شہری مسائل کو حل کرنے کیلئے موثر آواز اور جدوجہد کی ہے۔ پورا شہر انکی سماجی خدمات کا معترف و ممنون ہے۔ بعد ازاں میاں محمد عمران صدیقی اور ان کے رفقاء حاجی محمد اشفاق (الائیڈ فوٹان سکول والے) نقاش رضوی نے حاجی محمد شریف سرپرست بین المذاہب اتحاد امن کونسل کی سماجی خدمات کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ پیش کیا۔اس پروقار تقریب میں اتحاد امن کونسل فاروق آباد کے صدر مولانا گلزار حسین فیاضی، جنرل سیکرٹری علامہ نفیس الرحمن اور جملہ عہدیداران، ممبران خصوصی طور پر مدعو تھے پروگرام کے اختتام پر تمام مدعو معززین نے ممتاز صحافی سوشل ایکٹوسٹ بابر علی بسراء کو اتحاد امن کونسل فاروق آباد میں شمولیت پر خوش آمدید کہا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

حافظ آباد: ستھرا پنجاب پروگرام کے تمام دعووں کو خاک میں ملادیا

جگہ جگہ کوڑے کرکٹ کے لگے ڈھیروں پر عوام کا شدید احتجاج

حافظ آباد (رانا آصف) حافظ آباد شہر میں صفائی ستھرائی کا ٹھیکہ لینے والی کمپنی نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تمام دعووں کو خاک میں ملادیا۔جگہ جگہ گندگی وغلاظت اور کچرے کے ڈھیر لگنے سے شہر کوڑستان میں تبدیل ہونا شروع ہوگیا۔نجی کمپنی کے پاس نہ عملہ صفائی موجود ہے اور نہ ہی مناسب مشینری اور نہ ہی صفائی کا پروگرام جبکہ صفائی ستھرائی کو چیک کرنے والے ضلعی انتظامیہ کے افسران نے بھی چپ سادھ لی جس کے خلاف شہری سراپا احتجاج بن گئے۔شہریوں نے شہر بھر میں صفائی ستھرائی کا ناقص ترین انتظام اور جگہ جگہ کوڑے کرکٹ کے لگے ڈھیروں پر شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ نجی کمپنی شہر میں صفائی ستھرائی کے معاملے میں مکمل طور پر فلاپ ہوگئی ہے۔گلہ ٹیلی فون ایکسچینج سمیت متعدد علاقوں میں کوڑے کرکٹ کے بڑے بڑے ڈھیر لگے پڑے ہیں لیکن عملہ صفائی غائب دیکھائی دیتا ہے جبکہ نجی کمپنی کے ذمہ داران بھی آئیں بائیں اور شائیں سے کام لینے لگے ہیں۔ انہوں نے کروڑوں روپے کا ٹھیکہ ہونے کے باوجود صفائی ستھرائی کی اس کمپنی کے پاس نہ تو کام کرنے والے سینٹری ورکرز ہیں اور نہ ہی کوئی پروگرام جس کی وجہ سے شہری اب مریم نواز شریف کے ستھرا پنجاب پروگرام کے ساتھ ساتھ ضلعی انتظامیہ کے افسران اور نجی کمپنی کے ذمہ داران کو کوسنے لگے ہیں

ننکانہ صاحب: پبلک تعلیمی اداروں میں سٹیم ایجوکیشن نمائش کا انعقاد

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ کا گورونانک ہائیر سکینڈری سکول کا دورہ

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) پنجاب بھر کی طرح ضلع ننکانہ صاحب بھی میں سٹیم ایجوکیشن کے فروغ کیلئے پبلک تعلیمی اداروں میں سٹیم ایجوکیشن نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ نے گورونانک ہائیر سیکنڈری سکول میں ہونے والی اسٹیم نمائش کا دورہ کیا۔سی او ایجوکیشن ڈاکٹر محمد قیوم خان ، امتیاز شاہد ایڈیشنل ڈائریکٹر پروگرام سمیت دیگر افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔سٹیم ایجوکیشن نمائش میں ننکانہ کے مڈل اور سیکنڈری اسکول کے طلباء و طالبات نے سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ، آرٹس اور ریاضی کے شعبوں میں تیار کیے گئے ماڈلز پیش کئے۔سٹیم ایجوکیشن مقابلوں میں ضلع ننکانہ صاحب کے 25 سکولوں کے 250 سٹوڈنٹس نے حصہ لیا۔ڈپٹی کمشنر نے طلبہ کے بنائے گئے سائنسی ماڈلز دیکھے اور ان کی خوب حوصلہ افزائی کی۔ڈپٹی کمشنر کی جانب سے پہلی، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والے سٹوڈنٹس کو نقد انعامات اور اعزازی شیلڈز سے نوازا گیا۔ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے کمپیوٹر میں مہارت رکھنے والے ایک سٹوڈنٹ کو اپنی جیب سے نقد انعام بھی دیا۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بدلتے دور کے ساتھ ساتھ سٹیم ایجوکیشن کی اہمیت بڑھتی جارہی ہے، بچوں کی سوشل لرننگ بہت ضروری ہے۔

پاکپتن کا گاؤں گورنمنٹ بوائز ہائی سکول میں نور کبریا کانفرنس

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ) پاکپتن کا گاؤں گورنمنٹ بوائز ہائی سکول 60_5.ایل برج والا میں نور کبریا کانفرنس چوہدری محمد کاشف قادری کی زیر نگرانی نور کبریا کانفرنس منعقد ہورہی ہے جس کی صدارت غوث العصر ثانی عبداللہ حضرت پیر سید محمد شیراز شاہ مشہدی قادری سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت پیر سید محمد عبداللہ شاہ مشہدی قادری فرمائیں گے جس میں خصوصی خطاب پیر طریقت رہبر شریعت صاحبزادہ حضرت پیر سید محمد فراز شاہ مشہدی قادری سی ای او حزب الرحمن اسلامک یونیورسٹی قادر بخش شریف اپنے نورانی اور وجدانی بیان سے لوگوں کے قلوب منور فرمائیں گے تمام حضرات محفل میلاد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں شامل ہوکر ثواب دارین حاصل کریں طالب دعا حاجی خالد حمید سکھیرا چوہدری محمد کاشف قادری ماسٹر اللہ دتہ قادری محمد رزاق قادری حافظ اللہ دتہ قادری مریدین قادریہ اہل علاقہ ساہیوال

دیپالپور اوکاڑہ 04 شراب فروش گرفتار 145 لیٹر شراب 350 لیٹر لہن اور چالو بھٹی برآمد

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور اوکاڑہ 04 شراب فروش گرفتار 145 لیٹر شراب 350 لیٹر لہن اور چالو بھٹی برآمد تھانہ حویلی لکھا اور سی آئی اے دیپالپور پولیس کی کامیاب کارروائی 145 لیٹر شراب، 350 لیٹر لہن اور چالو بھٹی برآمد منشیات فروش عاشق محمد خان ذاکر حسین اور منور حسین کو گرفتار کرلیا گیا ملزم عاشق کے قبضہ سے 50 لیٹر شراب، 150 لیٹر لہن برآمد محمد خان کے قبضہ سے 25 لیٹر شراب، ذاکر حسین کے قبضہ سے 30 لیٹر شراب جبکہ منور حسین کے قبضہ سے 40 لیٹر شراب اور 200 لیٹر لہن برآمد، الگ الگ مقدمات درج ملزمان علاقہ تھانہ حویلی لکھا اور شہر دیپالپور اور گردونواح میں منشیات/شراب فروشی کا مکروہ دھندہ کرکے نوجوان نسل کو تباہ کررہے تھے ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت کے احکامات پر منشیات فروشوں کے خلاف بلا تفریق کاروائیاں جاری ہیں

حکومت اگر شرح سود میں ایک ہی بار 500 بیس پوائنٹس کی کمی کردیتی تو معاشی سرگرمیاں فروغ پاتیں، یاسر اقبال ملک

وزیرآباد (نامہ نگار) حکومت اگر شرح سود میں ایک ہی بار 500 بیس پوائنٹس کی کمی کر دیتی تو اس اقدام سے نہ صرف معاشی سرگرمیاں فروغ پاتیں بلکہ حکومت کے لیے بھی فائدہ مند ہوتا۔ان خیالات کا اظہار صدر چیمبر آف کامرس جام مشورو اور معروف کاروباری شخصیت یاسر اقبال ملک نے وزیرآباد میں ینگ بزنس کمیونٹی کے نمائندگان سے ملاقات کے دوران کیا۔ انہوں نے اپنے موقف کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ ایسا کرنے سے نجی شعبہ میں سرمایہ کاری کے مواقع بڑھیں گے، کاروباری طبقہ کی مشکلات کم ہوں گی، اور صنعتوں کو دوبارہ زندہ کرنے میں مدد ملے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ عالمی مارکیٹ کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے شرح سود میں کمی ضروری ہے۔ یاسر ملک نے حکومت کو تجویز دی کہ پالیسی ریٹ میں کمی کو بین الاقوامی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

ٹاؤن کمیٹی نارنگ سوا کروڑ روپے کی نادہندہ،لیسکو نے بجلی کاٹ دی

بجلی منقطع ہونے پر سرکاری پانی کی موٹریں بند، شہری پانی کو ترس گئے

بلدیہ کی جانب سے دس لاکھ کا چیک دیا گیا جو رقم نہ ہونے سے باؤنس ہوگیا، واپڈا

دو اداروں کی لڑائی میں عوام کو سزا کیوں دی جارہی ہے پانی کی سپلائی بحال کی جائے،شہری

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) محکمہ بلدیات ٹاؤن کمیٹی نارنگ لیسکو کی نادہندہ سوا کروڑ روپے واجب الادا لیسکو نے بجلی کاٹ دی شہر کو پانی کی فراہمی معطل تفصیل کے مطابق کروڑوں روپے کے فنڈز ہونے کے باوجود ٹاؤن کمیٹی نارنگ نے عرصہ دراز سے بجلی کا بل جمع نہیں کروایا 12 ملین روپے سے زائد واجب الادا ہونے پر لیسکو نے سرکاری پانی کی موٹرز کے کنکشنز منقطع کردیے واپڈا کی جانب سے 10 لاکھ روپے کا چیک دیا گیا لیکن اکاؤنٹ میں رقم نہ ہونے کی وجہ سے باؤنس ہوگیا سوا کروڑ کے واجبات کی عدم ادائیگی پر واپڈا کی جانب سے سرکاری پانی کی موٹرز کے کنکشنز کاٹنے پر شہری پانی سے محروم ہوگئے ہیں روزمرہ کی ضروریات کیلئے پانی موجود نہیں ہے جس سے اہل علاقہ کو شدید پریشانی کا سامنا ہے سٹی پریس کلب نارنگ سے گفتگو کرتے ہوئے شہریوں کا کہنا ہے کہ بلدیہ کی نااہلی اور سستی کی سزا عوام کو کیوں دی جارہی ہے دو محکموں کے زاتی معاملات کی وجہ سے شہریوں کو ازیت دی جارہی ہے وزیراعلی پنجاب نوٹس لیں اور عوام کو اس مشکل سے نکالیں۔

وزیراعلی پنجاب کا ایک ہفتے میں تجاوزات ختم کرنے کا حکم شہریوں کا خیر مقدم

نارنگ منڈی میں تجاوزات میں دن بدن اضافہ ہونے لگا ختم کروانا انتظامیہ کیلئے امتحان بن گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی)وزیراعلی پنجاب کا ایک ہفتے میں تجاوزات ختم کرنے کا حکم نارنگ منڈی میں ہر طرف تجاوزات کی بھرمار کیا انتظامیہ شہر کو تجاوزات کے چنگل سے آزاد کروا پائے گی اداروں کیلئے سخت امتحان بن گیا تفصیل کے مطابق نارنگ منڈی میں جگہ جگہ تجاوزات کی بھرمار ہے یونس روڈ ریلوے روڈ تھانہ روڈ حیدری چوک سمیت صدر بازار ریل بازار اور فروٹ منڈی سمیت ہر طرف تجاوزات نے پنجے گاڑھ رکھے ہیں اہل علاقہ کو شدید پریشانی کا سامنا ہے گزشتہ روز وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے پنجاب بھر سے تجاوزات ختم کرنے کا سخت حکمنامہ جاری کیا ہے جس پر اہل علاقہ نے خیر مقدم کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ اور نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر مریدکے توصیف حسن سے مطالبہ کیا ہے کہ نارنگ منڈی میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کرکے وزیراعلی پنجاب مریم نواز کے حکمنامے کو عملی جامہ پہنایا جائے اور اہل علاقہ کی مشکلات کم کی جائیں۔

امیدوار صدر عرفان اللہ وڑائچ کی حمایت میں وکلاء رہنماؤں کا جم غفیر

ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے نامزد ڈی بی اے امیدوار صدر کی جیت یقینی

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سنیئر وکیل ملک امجد علی مونگنے ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے نامزد کردہ امیدوار صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری عرفان اللہ وڑائچ کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانہ دیا جس میں سابق صدور سیکرٹری سیالکوٹ بار رانا نصر اللہ خان، شاہد میر، ایڈووکیٹ، ملک مشتاق، مقصود بھٹی، عبدالخالق نارو، حسن سرفراز بھٹی، آصف علی بھٹی، سیکرٹری جنرل ڈسٹرکٹ بار چوہدری راحت نذیر وینس، ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کی روح رواں ملک شہباز احمد اعوان، ملک زاکر اعوان، چوہدری شبیر الحسن، سید کوثر علی شاہ، رضوان طاہر، فیصل تیمور سیٹھ، حارث میر بگو، سعد میر بگو، مصباح الدین خان، چوہدری نوید، چوہدری بشیر احمد، میاں مرتضیٰ حسن، ملک طاہر اختر قادری، علی الیاس، رضوان قادری، چوہدری شکیل، چوہدری توصیف احمد، شکیل چوہدری، نوید جاوید باجوہ، تجمل رضا ڈی، چوہدری احسن جمیل وریو، عامر بریار، چوہدری حبیب، چوہدری سہیل گجر، رومان راجہ، محمد فیضان، فی میل معزز وکلاء بارشاء نسیم، حرا نعیم، ارمان تبسم، ام سلمی، کائنات نور، رضیہ منور، ستارہ ندیم، رضوانہ حسین، روبینہ کوثر، میڈم فیروزہ، عائشہ ارشد، میمونہ سلیم، سونیا یونس، سیدہ رخشندہ کاظمی ایڈووکیٹس سمیت وکلاء کی کثیر تعداد نے شرکت کرتے ہوئے ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس کے امیدوار صدر چوہدری عرفان اللہ وڑائچ کی کھلی حمایت کا اعلان کیا۔

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری آمد

ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں ایوان صنعت وتجارت شانہ بشانہ ساتھ ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری آمد، شہر میں ترقیاتی منصوبوں پر کام اور بہتری کے لیے اقدامات پر تفصیلی گفتگو پبلک پارکس، گرین بیلٹس، شاہراہوں کی صفائی ستھرائی جمخانہ کلب سمیت دیگر منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کا عزم، کھیلوں کی سرگرمیوں کے لیے گراؤنڈز بنائے جائیں گے اور نوجوانوں کو دیگر سہولیات کو ممکن بنایا جائے گا ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے کہا کہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے تعاون سے شہر میں بہتری کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، شہر کی ترقی خوشحالی اور ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں ایوان صنعت وتجارت شانہ بشانہ ساتھ ہے اس موقع پر صدر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری فہد نعیم فخری نے کہا ہے کہ شہریوں کو بنیادی حقوق کی فراہمی اور مسائل کے حل کو ممکن بنانے کے لیے کندھے سے کندھا ملا کر ساتھ چلیں گے بزنس کمیونٹی اور ضلعی افسران کی مدد سے درپیش مسائل کے حل کے خاتمے کو ممکن بنانے میں مدد ملے گی عہدیداران میاں غلام شبیر سینئر نائب صدر، چوہدری جاوید سلیم گجر نائب صدر، ملک مہتاب ایگزیکٹو ممبر، عزیز الرحمن ایگزیکٹو ممبر، مرزا تیمور احمد ایگزیکٹو ممبر، حافظ عمار سیکرٹری جنرل، صاحبزادہ شکیل انجم، عدنان اسلم، مرتضی معاویہ چمن، شیخ راشد صدر چکن ایسوسی ایشن، قاضی سجاد حیدر، شیخ رشید احمد و دیگر موجود تھے۔

حافظ آباد: وفاقی محتسب کے ریجنل آفس میں آج کھلی کچہری لگے گی

حافظ آباد (رانا آصف) میاں محمد شفیع ایڈوائزر وفاقی محتسب ریجنل آفس گوجرانوالہ آج صبح دس بجے بلدیہ ہال میں کھلی کچہری لگا کر عوام کی وفاقی محکموں سے متعلقہ شکایات سنیں گے اور موقع پر احکامات صادر کریں گے۔

نجی سکول کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات۔ ہونہار طلبا و طالبات میں اسناد اور شیلڈز کی تقسیم

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ننکانہ صاحب میں نجی سکول کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات۔ ہونہار طلباء میں اسناد اور شیلڈز تقسیم کی گئی بہترین کارکردگی پر والدین نے سکول انتظامیہ کی کاوشوں کو خوب سراہا تفصیلات کے مطابق ۔ننکانہ صاحب کے نجی سکول دی ارقم کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات میں اساتذہ ،طلباء و طالبات اور والدین نے شرکت کی پروقار تقریب میں پوزیشن ہولڈرز طلباء وطالبات میں اسناد اور شیلڈز تقسیم کی گئی۔کلاس چہارم کی بچی مشفرہ شاہد نے پہلی پوزیشن حاصل کی اور دوسری کلاس میں انجلینا شاہد نے پہلی پوزیشن حاصل کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر سکول چوہدری تجمل حسین گجر نے کہا تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ طلباء کی تربیت ہماری اولین ترجیح ہے جبکہ پرنسپل میڈیم ماریہ اعوان کا کہنا تھا کہ ہمارا ادارہ بہترین ماہرین تعلیم کے زریعے جدید دنیوی اور دینی تعلیم طلباء کو بلا تفریق فراہم کرنے کے لئے ہمہ وقت کوشاں رہتا ہے ۔جو طلباء کی کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ والدین نے طلباء کی کارکردگی اور سکول انتظامیہ کی کاوشوں کو خوب سراہا۔

انتقال پرملال

حافظ آباد (رانا طارق محمود) سابق جنرل سیکرٹری پریس کلب جلالپور بھٹیاں ضیغم عباس مرزا(بنہام ٹریول والے)، وسیم مرزا، علی حسن مرزا (فارما پلس میڈیکل سٹور والے)، امیر حمزہ مرزا کے والد محترم معروف سماجی شخصیت حاجی مشتاق احمد حرکت قلب بند ہو جانے سے انتقال کر گئے۔ مرحوم کو جھنگی والے قبرستان (جلالپور بھٹیاں) میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ان کے رسم قل کل بعدازنماز جمعہ جامع مسجد بلال محلہ اسلام پورہ (جلالپور بھٹیاں) میں ہوں گے۔

جماعت اسلامی ضلع سیالکوٹ کا ماہانہ اجلاس، اسرائیل کی شام میں مداخلت اور جارحیت کیخلاف قرارداد منظور

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) امت مسلمہ خصوصا عالم عرب اسرائیل کے توسیع پسندانہ عزائم کے آگے بند باندھنے کی ٹھوس منصوبہ بندی کرے ورنہ وہ ایک ایک کرکے سب مسلم ممالک کو اپنی جارحیت کا نشانہ بناتا رہے گا" اس بات کا اظہار جماعت اسلامی ضلع سیالکوٹ کے ماہانہ اجلاس میں ایک قرارداد میں کیا گیا جو اسرائیل کی شام میں مداخلت اور جارحیت کے خلاف منظور کی گئی ۔اجلاس کی صدارت امیر ضلع چوہدری امتیاز احمد بریار نے کی ۔قرارداد میں کہا گیا ہے کہ اسرائیل امریکہ کی پشت پناہی کے باعث فلسطین اور غزہ کو برباد، لبنان ، ایران اور شام پر حملے کرکے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کررہا ہے ۔اقوام متحدہ سمیت دیگر عالمی ادارے اس کے جارحانہ عزائم کے آگے بند باندھنے میں ناکام رہے ہیں ۔ ان حالات میں مسلم ممالک کو صرف مذمتی بیانات کی بجائے آگے بڑھ کر اپنی بقا اور مقامات مقدسہ کی حفاظت کے لئے علم جہاد بلند کرنا ہوگا۔

پبلک اور پرائیویٹ اداروں کے ساتھ تعلقات کو دوبارہ مضبوط بنائیں، خالد مغل

وزیرآباد (نامہ نگار) چیئرمین پاک کٹلری کنسورشیم وزیر آباد محمد خالد مغل نے کہا ہے کہ پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن وزیرآباد کو موجودہ صورتحال سے نکالنے اور دوبارہ اس کے وقار کو بحال کرنے کے لیے ایک جامع حکمت عملی اپنانا ضروری ہے مسائل کے پس منظر کے مطابق اقدامات تجویز کیے جانے ضروری ہو چکے ہیں جن میں پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن وزیرآباد کے پلیٹ فارم کے روڈ میپ کے تعین کے لیے تمام اراکین کی شمولیت کے ساتھ ایک مضبوط اور شفاف نظام وضع کریں۔تنازعات کو حل کرنے کے لیے ایک آزاد اور غیر جانبدار ثالثی کمیٹی تشکیل دیں تاکہ پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن وزیرآباد کے متبادل فورم کے منشور میں مددگار رہیں پبلک اور پرائیویٹ اداروں کے ساتھ تعلقات کو دوبارہ مضبوط بنائیں اور ان کی شمولیت سے کٹلری کے شعبے کے فروغ کے لیے منصوبے تیار کریں اس بات کو یقینی بنائیں کہ منصوبوں کا براہ راست تعلق مقامی کٹلری انڈسٹری کی ترقی سے متعلق ہو اور ان سے مینوفیکچررز اور ایکسپورٹرز اور کرافٹ مینوں کے مسائل کے حل کے لیے زیادہ بہتر نتائج برآمد ہو سکیں پاکستان کٹلری ایسوسی ایشن کے تمام اسٹیک ہولڈرز (ایکسپورٹرز مینوفیکچررز، کرافٹ مین) اس پلیٹ فارم سے اپنے بہتر مستقبل کے لیے مشترکہ ایجنڈا طے کریں اور اپنے اندرونی اختلافات کو ختم کرنے کے لیے ثالثی ماحول کا عمل اپنائیں جو ذاتی مفادات کے تحفظ کرنے والوں کی بجائے اپنے اصل اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کے بعد اجتماعی بہتری کے لیے اچھی اور موثر پالیسی دے سکے اپنے قانونی معاملات کے تنازعات کو خوش اسلوبی سے حل کرنے کے لیے قانونی ماہرین کی مدد لیں۔

سالانہ مجلس عزا شہنشاہ وفا داپرسہ 27 دسمبر 2024 کو ہوگی

بانیان کی طرف سے مومنین کے لیے لنگر عباس کا بھی وسیع انتظام ہوگا

شکرگڑھ (عمران عارف سے) سالانہ مجلس عزا شہنشاہ وفا داپرسہ 27 دسمبر 2024 بروز جمعۃ المبارک بعدازنماز جمعہ زیر اہتمام علی رضا جعفری کویت والے مرکزی امامبارگاہ گلستان زہرا محلہ خواجگان نارووال میں برپا ہوگی۔ منتظمین سید حسنین رضا شمسی صدر انجمن غلاماں اہلبیت ع نارووال، جناب شیخ رفاقت علی پاشا، یاسر عباس، کاشر عباس تفسیر حسین کے مطابق مجلس عزا سے تغمہ نشان ابو طالب ع ذاکر جناب حبیب رضا حیدری، شہنشاہ ذکر مصائب جناب ملک علی عباس علوی چونیاں، ذاکر ملک قیصر عباس قیصر گوجرانولہ، منقبت خوان زوار نوید نعمت ظفروال ذکر فضائل و مصائب شہنشاہ وفا مولا غازی عباس علمدار بیان فرمائیں گے۔اختتام مجلس ماتم داری برپا ہوگی جسمیں علاقہ کی ماتمی سنگتیں شریک پرسہ ہونگی۔ بانیان کی طرف سے مومنین کے لیے لنگر عباس کا بھی وسیع انتظام ہوگا۔

عالمی ادارہ صحت کے وفد کا انٹرنیشنل سرویلینس ریویو کے سلسلہ میں ضلع نارووال کا دورہ

وفد کی قیادت نیشنل پروفیشنل آفیسر ای پی آئی سندھ ڈاکٹر وقار احمد سومرو نے کی

شکرگڑھ (عمران عارف سے) عالمی ادارہ صحت کے وفد کا انٹرنیشنل سرویلینس ریویو کے سلسلہ میں ضلع نارووال کا دورہ۔وفد کی قیادت نیشنل پروفیشنل آفیسر ای پی آئی سندھ ڈاکٹر وقار احمد سومرو نے کی۔ڈبلیو ایچ او کی ٹیم میں ڈاکٹر امداد علی، ڈاکٹر ہارون، ڈاکٹر احمد شفیق اور ڈی جی آفس پنجاب کی جانب سے ڈاکٹر علی حسن راو شامل تھے۔ڈبلیو ایچ او کی ٹیم نے اپنے چارروزہ دورہ کے دوران ڈی ایچ او آفس نارووال سمیت مختلف سرکاری ہسپتالوں کا دورہ کیا اور سرویلینس کے حوالے متعلقہ امور کا جائزہ لیا۔سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر نوید حیدر راور ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد طارق نے ڈبلیو ایچ او کی کاوشوں کو سراہتے اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ ڈبلیو ایچ او کی ٹیم کی طرف سے سفارشات کے نتیجے میں ضلع نارووال میں متعدی جیسے امراض جن میں پولیو، ٹی بی، تشنج، خناق، کالی کھانسی اور خسرہ جیسی متعدی امراض کی بروقت تشخیص اور روک تھام کے نظام بہتر کیا جائے گا۔انھوں نے اس بات پر زور دیا کہ متعدی امراض کی روک تھام محکمہ صحت کی بنیادی ترجیحات میں شامل ہیں اور اس کے لیے تمام ضروری اقدامات بروئے کار لائے جائیں گے۔اس موقع پر ڈی ایس او ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر عاقب حنیف، ڈی ایس سی ڈاکٹر فہد، ڈی ایس وی مجاہد علی بھی موجود تھے۔

چیف جسٹس سپریم کورٹ آزاد کشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم نے کرتارپور کا دورہ

جسٹس رضا علی خان اور جسٹس اعجاز الرحمٰن بھی چیف جسٹس کے ہمراہ تھے

شکرگڑھ (عمران عارف سے) چیف جسٹس سپریم کورٹ آزاد کشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم نے کرتارپور کا دورہ کیا۔جسٹس رضا علی خان اور جسٹس اعجاز الرحمٰن بھی چیف جسٹس کے ہمراہ تھے ۔ پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کے سی ای او ابوبکر آفتاب قریشی نے مہمانوں کا استقبال کیا۔ججز نے دربار، دیوان استھان، آرٹ گیلری کا دورہ کیا۔ معزز جج صاحبان نے لنگر ہال میں لنگر بھی کھایا۔ہیڈ گرنتھی سردار گوبند سنگھ نے مہمانوں کو سرو پا اور یادگاری شیلڈز پیش کیں۔ جج صاحبان نے بہترین مہمان نوازی پر دربار انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔

سیالکوٹ جیل مینوئل کے مطابق عملی اقدامات کرتے ہیں، ملک بابر علی

اسیران کو موسمی مناسبت سے خوراک وکپڑے مہیا کررہے ہیں، جیل سپرنٹنڈنٹ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے)ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ میں آئی جی جیل خانہ جات کی ہدایات کے عین مطابق جیل مینوئل کے عین مطابق اسیران کو خوراک و لباس اور سیکورٹی فراہم کی جاتی ہے۔ سخت سردی کے موسم میں قیدیوں کو کھانے کے علاوہ گرم مشروبات بھی فراہم کئے جاتے ہیں۔ان باتوں کا اظہار سپرٹینڈنٹ جیل سیالکوٹ ایس پی ملک بابر علی نے روزنامہ قوت سے خصوصی گفتگو کے دوران کیا۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ نفرت جرم سے ہے انسان سے نہیں کے مصداق جب کوئی مجرم عدالتی فیصلے کے بعد میری جیل میں پہنچتا ہے تو جیل میں اس کی سزا بھگتنے کا عمل شروع ہو جاتا ہے ۔ انسان دوست شخصیت ڈسٹرکٹ جیلر سیالکوٹ ایس پی ملک بابر علی نے روزنامہ قوت کے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ جیل ہر انسان کو سدھرنے کا موقع فراہم کرتی ہے جس کیلئے میری اور میرے عملہ میں شامل آفیسران و اہلکاران کی کوشش ہوتی ہے کہ معاشرے کے ناہمواریوں کا شکار عام یا عادی مجرم قیدیوں کی اخلاقی و دنیاوی تعلیم کیساتھ دینی کیساتھ انکی دنیاوی تربیت ممکن بناتے ہیں تا کہ انہیں معاشرہ کا ایک مثبت شہری بنایا جاسکے۔

لالیاں: غریب اور مستحق خاندانوں میں ماہانہ راشن کی تقسیم کا سلسلہ جاری

لالیاں (رانا لاشف کلیم سے) انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان کے زیر اہتمام غریب اور مستحق خاندانوں میں ماہانہ راشن کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے اسی حوالے سے مدرسہ کفایت القرآن میں تیس کے قریب خاندانوں میں راشن تقسیم کیا گیا۔تفصیلات کے مطابق انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان کے زیر اہتمام غریب اور مستحق خاندانوں میں ماہانہ راشن تقسیم کیا گیا۔اس موقع پر چیئرمین انوار ختم نبوت ٹرسٹ پاکستان حضرت مولانا محمد رفیق نفیسی 30 کے قریب غریب اور مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم کیا۔اس موقع پر انہوں نے خواتین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قادیانی ہمارے ایمان اور عزتوں پر ڈاکہ ڈال رہے ہیں۔ ہمارا راشن تقسیم کرنے کا مقصد غریب اور مستحق خاندانوں کی نہ صرف امداد کرنا ہے بلکہ ان کو قادیانیوں کے چنگل سے بھی آزاد کرنا ہے۔تاکہ وہ مدد کی آڑ میں خواتین کی عزتیں اور ایمان نہ لوٹ سکیں۔اس موقع پر پاکستان علماء کونسل ڈسٹرکٹ چنیوٹ کے صدر حافظ محمد کفایت اللہ سماجی رہنما محمد عمر رضا اور مولانا عتیق الرحمن بھی موجود تھے

میونسپل کارپوریشن کی شہر میں تجاوزات کے خلاف کاروائیاں جاری

چرچ روڈ،کھوکھا بازار میں تین دوکانوں کو سیل کردیا گیا، دوکاندار تجاوزات سے اجتناب کریں

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) میونسپل کارپوریشن کی شہر میں تجاوزات کے خلاف کاروائیاں جاری، چرچ روڈ، کھوکھا بازار میں تین دوکانوں کو سیل کردیا گیا، دوکاندار تجاوزات سے اجتناب کریں، انفورسمنٹ انسپکٹر خالد ضیاء۔ تفصیلات کے مطابق انفورسمنٹ انسپکٹر خالد ضیاء کی سربراہی میں میونسپل کارپوریشن کی اینٹی انکروچمنٹ ٹیم نے چرچ روڈ پر کاروائی کرتے ہوئے تجاوزات کرنے پر تین دوکانوں کو سیل کردیا۔اس موقع پر انفورسمنٹ انسپکٹر خالد ضیاء نے کہا کہ دوکاندار تجاوزات سے گریز کریں تاکہ سڑکوں کو صاف ستھرا رکھا جا سکے اور ٹریفک کے مسائل پیدا نہ ہوں۔انہوں نے کہا کہ تجاوزات کرنے والوں کے خلاف کاروائیاں روزانہ کی بنیاد پر جاری رکھی جائیں گی۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

قومی اسمبلی میں شدید جھڑپ سیاستدان تاریخ سے سبق سیکھیں

قومی اسمبلی اجلاس میں وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اور پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر کے درمیان شدید جھڑپ ہوئی۔ دونوں نے ایک دوسرے پر سنگین الزامات عائد کیے جبکہ اس دوران ایوان میں شور شرابا بھی ہوا۔ اسد قیصر سے جھڑپ میں رانا تنویر نے تحریک انصاف کو فاشسٹ جماعت قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے تو ہٹلر اور مسولینی کو بھی پیچھے چھوڑ دیا، انہوں نے سرکاری وسائل کے ذریعے وفاق پر چڑھائی کی، ان کو غلط اطلاع دی جاتی ہے کہ پنجاب حکومت چھاپے مار رہی ہے۔ پنجاب حکومت چاہے تو 10 لاکھ لوگ لا سکتی ہے، آپ پنجاب سے 5 بندے بھی نہیں نکال سکے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ مجھے ڈی چوک میں اموات کا کوئی علم نہیں، لطیف کھوسہ کچھ اور کہتے ہیں یہ کچھ اور کہتے ہیں، یہ بتائیں وہاں رینجرز والوں کو کس نے مارا ہے، مذمت جب ہونی چاہیے تو سب کی ہونی چاہیے، من پسند لوگوں کی مذمت نہیں ہونی چاہیے۔ میری زبان آگ اگلتی ضرور ہے لیکن میں نے اس ایوان کا حال دیکھا ہوا ہے۔ جیل میں مجھ سے 6 ڈگری میں کمبل بھی لے لیا گیا تھا، میں نے جائے نماز پر 12 راتیں گزاریں لیکن کسی سے شکایتیں نہیں کیں، سیاست دانوں کو برداشت کرنا چاہیے، شکایتیں کرنے سے عزت نفس مجروح ہوتی ہے۔ پی ٹی آئی کی کابینہ نے صرف ایک شخص کے خلاف آرٹیکل 6 لگایا وہ میں ہوں۔ آپ نے سول نافرمانی کی بندوق تانی ہوئی ہے، یہ پل پار کرنے کے بعد مذاکرات کریں، یوں گن پوائنٹ پر تو مذاکرات نہیں ہو سکتے۔

مسلم لیگ ن کے رہنما حنیف عباسی نے نکتہ اعتراض پر کہا کہ ہم بہت نازک دور سے گزر رہے ہیں۔ سابق سپیکر نے دو دن پہلے ایوان میں بات کی ہے وہ بہت الارمنگ ہے، لسانی یا صوبائیت کی بنیاد پر دشمن نے بھی پاکستان کے خلاف کام کیا ہے، افسوس سے کہنا پڑتا ہے ہمارے پی ٹی آئی کے اراکین بھی دشمن کے ہاتھوں کھیل رہے ہیں۔

تحریک انصاف کے رکن اسد قیصر نے قومی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ ہمیں استعفیٰ دینے کیلئے کہا جا رہا ہے، کہہ رہے ہیں کہ سپیکر سے بات کی گئی ہے، آپ استعفیٰ دے دیں آپ کا استعفیٰ منظور کر لیا جائے گا۔ کس قانون کے تحت ایم این ایز کو تنگ کیا جا رہا ہے، اراکین کو خود اسٹیبلشمنٹ، حکومت اور انتظامیہ سے خطرہ ہے۔ زبردستی استعفیٰ لیا گیا تو اسمبلی نہیں چلے گی، ہم نے ایوان میں خصوصی کمیٹی بنائی تھی اس کمیٹی نے ابھی تک کیا نتیجہ نکالا، پنجاب میں ہمارے اراکین کے گھروں پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

تحریک انصاف کے لیڈر علی محمد خان نے قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آپ ہمارے ساتھ ایبٹ آباد اور دیگر جگہوں پر چلیں میں آپ کے ساتھ رینجرز شہداء کے مزارات پر جاؤں گا، ہم کسی سے مذاکرات کی بھیک نہیں مانگیں گے، ہم ڈی چوک کے شہداء کا انصاف چاہتے ہیں۔ علی محمد خان نے کہا کہ خواجہ آصف کہتے ہیں جوانمردی سے جیل کاٹنی چاہیے، میں نے 78 روز جوانمردی سے جیل کاٹی، ممتاز قادری اور صوفی محمد والی کوٹھڑی میں وقت گزارا، ہم وہ بدقسمت قوم ہیں کہ آج تک ہوش کے ناخن نہیں لیے، ایک وزیراعظم کو شہید کیا گیا دوسرا پانچ سو دنوں سے قید میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاستدان بات کرتا ہے گولی نہیں مارتا۔

پاکستان کی سیاست میں آج جو کچھ پارلیمنٹ کے اندر اور باہر ہو رہا ہے یہ تعجب خیز تو ہے مگر انوکھا اور نیا نہیں ہے۔ 90ء کی دہائی بلکہ اس سے بھی قبل 1988ء میں فوجی آمریت کے خاتمے کے فوری بعد انتخابات کے نتیجے میں پیپلز پارٹی کی محترمہ بے نظیر بھٹو کی وزارت عظمیٰ میں حکومت قائم ہوئی۔ اس کے بعد سے میاں نواز شریف کی 12 اکتوبر 1999ء میں حکومت کے خاتمے تک کا دور ہیجان خیز تھا۔ اس دوران مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی دو انتہاؤں پر رہیں۔ ایک دوسرے کو ایک بھی اسمبلی اور حکومت کی مدت پوری نہیں کرنے دی گئی۔ بعد از خرابی بسیار دونوں کی طرف سے اپنی غلطیوں کا ادراک اور اعتراف کیا گیا۔ جب جنرل پرویز مشرف کی آمریت پھن پھیلائے ہوئے تھی۔ اس دوران مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کے مابین میثاق جمہوریت ہوتا ہے۔ اس کے ڈیڑھ دو سال بعد یہ دونوں پارٹیاں مل کر مشرف کی آمریت لپیٹ دیتی ہیں۔ گو کہ اس کے بعد بھی یوسف رضا گیلانی میاں محمد نواز شریف اور عمران خان بطور وزیراعظم پانچ سال تو پورے نہ کر سکے مگر ہر اسمبلی نے اپنی مدت ضرور پوری کی۔

جو کچھ جنرل ضیاء الحق کی آمریت کے خاتمے اور پرویز مشرف کی آمریت کی شروعات تک کے درمیان ہوتا رہا۔ آج اسی کاری پلے نظر آتا ہے البتہ کردار کچھ بدل گئے ہیں۔ مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کے مابین اس دور میں اختلافات ذاتیات اور دشمنی تک چلے گئے تھے۔ آج وہ دونوں پارٹیاں تو باہم شیر و شکر ہیں۔ مگر یہ دونوں پارٹیاں تحریک انصاف کے ساتھ آج دست و گریباں ہیں۔

تعجب خیز امر یہ ہے کہ ہمارے سیاست دانوں نے تاریخ سے سبق حاصل نہیں کیا۔ ادھر مولانا فضل الرحمن جن کی مدد سے حکومت نے 26 ویں آئینی ترمیم آسانی سے منظور کروائی۔ آج مدارس بل پر وہ اور حکمران اتحاد بالمقابل ہے۔ مولانا فضل الرحمن کی طرف سے دھمکی دی گئی ہے کہ مدارس بل پر ترمیم لائی گئی تو فیصلہ میدان میں ہوگا۔

طالع آزما ہمیشہ موقع کی تلاش میں ہوتے ہیں۔ کچھ عاقبت نااندیش سیاستدان ہی ان کو مواقع فراہم کر دیتے ہیں۔ فاضل سیاستدان تاریخ پر نظر رکھیں۔ بلیم گیم سے باہر نکلیں حکومت کی اتھارٹی کو اپوزیشن تسلیم کرے۔ حکومت اپوزیشن کو ساتھ لے کر چلے۔ حکومت کا اپر ہینڈ ہوتا ہے۔ اسے بڑے پن کا زیادہ مظاہرہ کرنا ہوتا ہے۔ پارلیمنٹ کے اندر جو کچھ ہو رہا ہے وہ تلخ ضرور ہے مگر کسی بھی معاملے پر بات کرنے کا بھی مناسب فورم ہے۔ ہر ایک کی طرف سے کتھارسس ہو گیا۔ اب مذاکرات کی تکمیل پر سنجیدگی سے آئیں۔ ملک کو بحرانوں سے نکالنے اور عوام کو مہنگائی، بے روزگاری جیسے مصائب، مشکلات سے نجات دلانے کی کوشش کریں۔

”قفل“ ٹوٹنے سے باپ کی گالی تک

”قفل“ ٹوٹا خدا خدا کر کے اور قفل یوں ٹوٹا کہ پہل پی ٹی آئی نے کی، التجا کے انداز میں کہ

تم ہم سے بات کرنے کی ذرا سی بھول کر لو

اور حکومت پہلے تو آمادہ نہیں تھی، پھر دل پسیجا یا کیا ہوا، سپیکر نے کہا، میرے چیمبر میں آ جائیں۔ حکومت دراصل پہلے ایک سے زیادہ بار کی گئی بھول کو بھلا نہیں پا رہی تھی۔ مثلاً نگران دور میں بات چیت ہوئی، مذاکرات ہوئے اور نئے الیکشن پر اتفاق رائے ہو گیا اور جب مذاکرات کے نتائج کا اعلان ہو گیا تو ”مرشد“ نے مسترد کر دیا۔ پی ٹی آئی کی مذاکراتی ٹیم بعد ازاں میڈیا کے سامنے آئی اور افسوس کے ساتھ بتایا کہ ہم نے مذاکرات کے نتائج کو قبول کرنے کے بعد مسترد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ مرشد کی ضد ہے کہ نہیں، صرف پنجاب اسمبلی کے الیکشن۔ اسی طرح کے مرحلے بعد میں بھی آئے۔

بہرحال زمیں بدلی، زماں بدلا تو مرشد کے دل کا جہاں بھی بدلا اور یہ عزم صمیم طاق نسیاں میں رکھنا پڑا کہ بات ہو گی تو صرف فوج سے۔ حکمرانوں سے بات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، مر جاؤں گا، ان سے مذاکرات نہیں کروں گا۔ واضح رہے کہ عزم صمیم کو طاق نسیاں میں رکھنے کو انگریزی میں یوٹرن بھی کہتے ہیں۔

مرشد کے دل کی کایا کلپ کیسے ہوئی۔ بتایا جاتا ہے کہ سردیاں شروع ہو گئی ہیں، ایک نہیں، دو دو رضائیوں کی ضرورت پڑے گی۔ چنانچہ رضائیوں کی تمنا میں رضامندی ظاہر کر دی یعنی پارٹی رہنماؤں کا یہ مشورہ مان لیا کہ مرشد، پہلے بھی بہت گھاٹا کما چکے، مار کھا چکے، حکومت سے مذاکرات کرنے کی راہ نکالیں، شاید ایک کی جگہ دو دو رضائیاں مل جائیں۔

مذاکرات کی پس پردہ کہانی کا خلاصہ بس اتنا ہے، اب زیب داستاں بڑھانے کو ٹی وی پر اینکر حضرات اور تجزیہ نگاروں کی کمی نہیں۔

سوکھے دھانوں میں کیا پڑا کرتا ہے؟۔ پانی کہ اوس؟۔ بہرحال، جب ٹرمپ نے رچرڈ گرینل کو اپنا مشیر برائے شمالی کوریا بنایا تو پی ٹی آئی کے سوکھے دھانوں میں کچھ نہ کچھ تو ضرور پڑا۔ چہروں پر رونق آ گئی،...... پیلے پڑے رنگ میں کچھ سرخ ڈورے سے ابھرے اور سینہ تان کر اعلان کیا کہ اب مزا چکھائیں گے۔ سکول کے زمانے کی ایک بات یاد آ گئی۔ دو لڑکے لڑ پڑے۔ ایک بھاری پڑ گیا اور اس نے دوسرے کو خوب ”کٹ“ لگائی۔ اتنے میں دور سے ایک آدمی آتا ہوا نظر آیا۔ مار کھانے والا خوشی سے للکارا، میرے ابو آ گئے، اب تمہیں مزا چکھائیں گے، باپ کے ہو تو بھاگنا مت، یہیں کھڑے رہیو۔

ابو نزدیک آئے تو پتہ چلا، وہ کسی اور کے ابو تھے۔ قد و قامت سے دھوکہ ہوا۔ کٹ لگانے والے نے مزید کٹ لگائی۔ دوسرے لڑکوں نے بڑی مشکل سے بیچ بچاؤ کرایا۔

وغیرہ وغیرہ
عبداللہ طارق سہیل
atsohail@gmail.com

خیر، یہاں البتہ دھوکہ نہیں ہوا۔ گرینل نے آتے ہی ٹویٹ کی کہ مرشد کو رہا کرو۔ پی ٹی آئی کے ایک میڈیا پرسن نے تو اعلان کر دیا کہ ٹویٹ تو ابھی شروعات ہے، رہائی کی روبکار بھی بس آنے والی ہے۔ ایک دوسرے میڈیا پرسن نے تو پابندیوں کی وہ لسٹ بھی جاری کر دی جو ٹرمپ سرکار پاکستان کے خلاف لگانے والی ہے اگر مرشد کو رہا نہ کیا تو لیکن معاملہ اتنا صاف ہے، مطلب اتنا ہی صاف ہے تو پھر پی ٹی آئی نے باجماعت ہو کر حکومت سے مذاکرات کی التجاؤں کا سلسلہ کیوں شروع کر دیا ہے اور وہ بھی کورس کی شکل میں۔ اور پارٹی رہنماؤں نے اڈیالہ جا کر پے در پے یہ درخواست نما مشورہ مرشد کو کیوں دیا کہ حضور، کچھ پیچھے ہٹئے ورنہ ”کٹ“ لگے گی۔

اس موقع پر تھوڑا سا تاریخی ریکارڈ کھنگالنے کی بھی ضرورت ہے تاکہ کم از کم ایک مثال ہی مل جائے اس بات کی کہ امریکہ نے اس سے پہلے بھی کسی کی رہائی کی روبکار دوسرے ملک کو جاری کی اور پابندیاں لگائیں۔

مرشد کے راندہ درگاہ سابق مقرب خاص فواد چودھری نے بھی اگر یہ بیان دیا تو کیوں دیا کہ مرشد کو ریاست سے محاذ آرائی ترک کرنا ہو گی؟

ایک مجاہد حقیقی آزادی سے سر راہ سامنا ہوا۔ عرض کیا، بہت بڑے ڈنکوں کی بہت ہی بڑی چوٹوں سے سول نافرمانی کا اعلان ہوا تھا، وہ اتنی جلدی واپس کیوں لے لیا گیا۔

سینے پر ہاتھ مار کر فرمانے لگے کہ اب رچرڈ گرینل صاحب آ گئے ہیں، اب سول نافرمانی کی کیا ضرورت۔ تم دیکھنا، یوں چٹکی بجاتے رہائی ہو جائے گی۔

حقیقی آزادی سے حقیقی ہمدردی رکھنے والے ایک تجزیہ کار کو سنا۔ بڑی دردمندی سے فرما رہے تھے کہ 26 نومبر والے ”ڈی چوک“ سے ہماری جماعت کی پوزیشن آف سٹرینتھ کمزور ہوئی، ساکھ مجروح ہوئی، مایوسی بڑھی اور اب سول نافرمانی کی کال سے، بالخصوص پنجاب میں، ہماری حمایت کو ”ڈینٹ“ پڑا ہے۔ مرشد کو یہ مشورے کون دے رہا ہے۔

سامنے ہوتے تو جواب دیتے کہ محترم، مرشد کو یہ مشورے کون دے گا اور کون دے سکتا ہے۔ وہ خود ہی کے مشورے پر ان مشوروں سے پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔ وہ اپنی ذات میں مخزن شورائیت ہیں۔ خود کہا کرتے ہیں، میں ہر چیز کو ہر چیز سے زیادہ جانتا ہوں۔

سچ تو یہ ہے۔ سات براعظموں کی تاریخ میں ایسے ”مجدد حکمت“ کے پائے جانے کی کوئی اور مثال نہیں ملتی جیسے کہ مرشد ہیں۔ آٹھویں براعظم میں کوئی ہو تو ہو شاید!

صرف یہی نہیں، مقبولیت میں ڈینٹ پڑنے کی بات ایک اور بھی ہے۔ امریکہ کی غلامی کو ایبسولیوٹ لی ناٹ کہنے سے امریکی غلامی پر ناز کرنے تک کا سفر کیا لوگ دیکھ نہیں رہے۔ پاکستان پر پابندیاں لگوائیں گے اور پھر پاکستان والوں سے ووٹ بھی لیں گے۔ اس سادگی پہ کون نہ مر جائے اے خدا!

بہرحال، پی ٹی آئی پر تنقید آپ جتنی چاہیں کریں، ایک بات تو ماننا ہی ہو گی کہ سیاسی غیرت اور حمیت میں کوئی دوسرا اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

تازہ مثال ہی دیکھ لیجئے، کچھ نابجاروں نے تقدس مآب اعلیٰ حضرت رچرڈ گرینل کو طعنہ دیا کہ وہ تو ہم جنس پرستی میں مبتلا ہیں اور مبتلا ہی نہیں، اس کے پرچارک بھی ہیں تو دیکھا، پی ٹی آئی والے کیسے بھڑک اٹھے، تقدس مآب کی صفائی یہ کہہ کر دی کہ یہ ان کا ذاتی معاملہ ہے، تم نے ذاتی معاملہ پبلک میں لانے کی جرأت کی تو کیسے کی اب دیکھو، ہم کیسے تمہارے گھر میں گھستے ہیں۔

یاد ہو گا، سکول کے زمانے میں کوئی بھی غیرت مند لڑکا باپ کی گالی برداشت نہیں کرتا تھا

باپ کی گالی کوئی غیرت مند برداشت کر بھی کیسے سکتا ہے۔ جی!

پیارے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی پیاری پیاری باتیں!!!!!

پیارے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی پیاری پیاری باتیں!!!!!

محمد اکرم چوہدری Dec 13, 2024 رائے ※ کالم

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپ نماز میں تکبیر تحریمہ شروع کرتے تو جس وقت اللہ اکبر کہتے اپنے دونوں ہاتھ یہاں تک اٹھاتے کہ انہیں اپنے دونوں مونڈھوں کے بالمقابل کر لیتے، اور جب رکوع کے لیے اللہ اکبر کہتے تو بھی اسی طرح کرتے، پھر جب سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تو بھی اسی طرح کرتے اور ربنا ولک الحمد کہتے اور سجدہ میں جاتے وقت اور سجدہ سے سر اٹھاتے وقت ایسا نہیں کرتے۔ وائل بن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی، جب آپ نے نماز شروع کی تو اللہ اکبر کہا، اپنے دونوں ہاتھ یہاں تک اٹھائے کہ انہیں اپنے کانوں کے بالمقابل کیا، پھر سورۃ فاتحہ پڑھنے لگے، جب اس سے فارغ ہوئے تو باآواز بلند آمین کہی اے اللہ اسے قبول فرما۔ مالک بن حویرث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے (اور یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اصحاب میں سے تھے) کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم جب نماز پڑھتے تو جس وقت آپ اللہ اکبر کہتے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے کانوں کے بالمقابل اٹھاتے، اور جب رکوع کرتے اور رکوع سے اپنا سر اٹھانے کا ارادہ کرتے۔ سعید بن سمعان کہتے ہیں کہ ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قبیلہ زریق کی مسجد میں آئے، اور کہنے لگے تین کام ایسے ہیں جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کرتے تھے اور لوگوں نے انہیں چھوڑ دیا ہے آپ نماز میں اپنے دونوں ہاتھ بڑھا کر اٹھاتے تھے، اور تھوڑی دیر چپ رہتے تھے اور جب سجدہ کرتے اور سجدہ سے سر اٹھاتے تو اللہ اکبر کہتے تھے۔

ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے، اور ایک اور شخص داخل ہوا، اس نے آ کر نماز پڑھی، پھر وہ آیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو سلام کیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اس کے سلام کا جواب دیا، اور فرمایا: واپس جاؤ اور پھر سے نماز پڑھو، کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی تو وہ لوٹ گئے اور جا کر پھر سے نماز پڑھی جس طرح پہلی بار پڑھی تھی، پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس آئے اور آپ کو سلام کئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ان سے (پھر) فرمایا وعلیک السلام، واپس جاؤ اور پھر سے نماز پڑھو، کیونکہ تم نے نماز نہیں پڑھی، ایسا انہوں نے تین مرتبہ کیا، پھر عرض کیا اس ذات کی قسم جس نے حق کے ساتھ آپ کو مبعوث فرمایا ہے، میں اس سے بہتر نماز نہیں پڑھ سکتا، آپ مجھے (نماز پڑھنا) سکھا دیجئے، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جب آپ نماز کے لیے کھڑے ہوں تو اللہ اکبر کہیں پھر قرآن میں سے جو آسان ہو پڑھو، پھر رکوع کرو یہاں تک کہ رکوع کی حالت میں آپ کو اطمینان ہو جائے، پھر رکوع سے سر اٹھاؤ یہاں تک کہ اطمینان سے سیدھے کھڑے ہو جاؤ، پھر سجدہ کرو یہاں تک کہ اطمینان سے سجدہ کر لو، پھر سجدہ سے سر اٹھاؤ یہاں تک کہ اطمینان سے بیٹھ جاؤ پھر اسی طرح اپنی پوری نماز میں کرو۔

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی اکرمؐ کے پیچھے کھڑے ہو کر پڑھا (ترجمہ) اللہ بہت بڑا ہے، اور میں اسی کی بڑائی بیان کرتا ہوں، تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اور میں اسی کی خوب تعریف کرتا ہوں، اللہ کی ذات پاک ہے، اور میں صبح و شام اس کی ذات کی پاکی بیان کرتا ہوں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے پوچھا یہ کلمے کس نے کہے ہیں؟ تو اس آدمی نے عرض کیا: اللہ کے نبی! میں نے، تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا مجھے اس کلمہ پر حیرت ہوئی میں نے بارہ فرشتوں کو اس پر جھپٹتے دیکھا اور آپ نے ایک ایسی بات ذکر کی جس کا مفہوم یہ ہے کہ اس کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیئے گئے، ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ جب سے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو یہ کہتے سنا ہے میں نے اسے کبھی نہیں چھوڑا۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے مجھے دیکھا کہ میں نماز میں اپنا بایاں ہاتھ اپنے داہنے ہاتھ پر رکھے ہوئے تھا، تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے میرا داہنا ہاتھ پکڑا اور اسے میرے بائیں ہاتھ پر رکھ دیا۔ وائل بن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے (اپنے جی میں) کہا کہ میں یہ ضرور دیکھوں گا کہ رسول اللہ نماز کیسے پڑھتے ہیں؛ چنانچہ میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ کھڑے ہوئے تو اللہ اکبر کہا، اور اپنے دونوں ہاتھ یہاں تک اٹھائے کہ انہیں اپنے کانوں کے بالمقابل لے گئے، پھر آپ نے اپنا داہنا ہاتھ اپنی بائیں ہتھیلی (کی پشت)، کلائی اور بازو پر رکھا پھر جب رکوع کرنے کا ارادہ کیا تو پھر اسی طرح اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھایا، پھر آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں کو اپنے دونوں گھٹنوں پر رکھا، پھر جب آپ نے رکوع سے اپنا سر اٹھایا تو پھر اسی طرح اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھایا، پھر آپ نے سجدہ کیا، اور اپنی دونوں ہتھیلیوں کو اپنے دونوں کانوں کے بالمقابل رکھا، پھر آپ نے قعدہ کیا، اور اپنے بائیں پیر کو بچھا لیا، اور اپنی بائیں ہتھیلی کو اپنی بائیں ران اور گھٹنے پر رکھا، اور اپنی داہنی کہنی کا سرا اپنی داہنی ران کے اوپر اٹھائے رکھا، پھر آپ نے اپنی انگلیوں میں سے دو کو بند کر لیا، اور (بیچ کی انگلی اور انگوٹھے سے) حلقہ (دائرہ) بنا لیا، پھر آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنی شہادت کی انگلی اٹھائی، تو میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ اسے حرکت دے رہے تھے اور اس سے دعا کرتے تھے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں نماز قائم کرنے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی سنتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

ہائے زندگی

میں جیسے ہی بڑے ہال نما کمرے میں داخل ہوا تو لگا کمرے میں نہیں شہر کے مہنگے ترین ہسپتال کے وارڈ میں آ گیا ہوں کمرے میں مختلف مشینوں نرسوں ڈاکٹروں کے ساتھ مصروف عمل تھیں مختلف ماہر ترین لوگ انتہائی مہارت چابکدستی سے مشینوں بٹنوں ٹکیوں ہاتھ میں دستانے پہنے ہاتھوں میں مختلف دوائیاں انجیکشن پکڑے اپنی اپنی باری کے منتظر تھے کمرے میں مختلف ادویات کی ناگوار سی بو بھی پھیلی ہوئی تھی ملک کے انتہائی قابل لوگ مریض کو بچانے کی سرتوڑ کوشش کر رہے تھے لیکن دنیا جہاں کی مہنگی دوائیاں ڈاکٹروں اور جدید ترین مشینوں کے ہوتے ہوئے بھی مریض کی صحت میں چیونٹی برابر بھی فرق یا افاقہ نہیں ہو پا رہا تھا کیونکہ بوڑھا مریض اپنے وقت کا امیر ترین شخص تھا اربوں کھربوں کا مالک اس لیے دنیا جہاں سے مہنگی دوائیاں مشینیں اور ڈاکٹر اس ہال نما کمرے میں جمع کر لیے تھے دولت کو پانی کی طرح بہایا جا رہا تھا نوٹ کی اس برسات کی وجہ سے میڈیکل کی ہر سہولت اس کمرے میں اکٹھی کر لی گئی تھی کہ کسی نہ کسی طرح بوڑھے مریض کے بے حس بے جان جسم میں حرکت اور صحت مند انگڑائی لائی جا سکے لیکن یہ ساری کوشش جب ناکام ہو گئیں تو کسی نے مشورہ دیا مریض پر آسیبی اثرات ہیں جن کی وجہ سے مریض کو سوئی برابر بھی افاقہ نہیں ہو رہا لواحقین کو ساری زندگی سے عادت تھی کہ جس چیز کی ضرورت پڑی پیسے کی بارش کر کے اس کو خرید لیا جائے اس لیے موت جو ہر لمحہ مریض کو اپنی گرفت میں لے رہی تھی اس کے بڑھتے قدموں کو روکنے کے لیے کمرے کو ہی جدید ہسپتال بنا دیا گیا قابل ڈاکٹروں اور مشینوں کو بھی کمرے میں فٹ کر دیا گیا تھا موت کے بڑھتے قدموں کو روکنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی تھی جس مشین ڈاکٹر کا پتہ چلتا کہ وہ موت کی چال کو روک سکتا ہے۔

تو پیسے کے زور پر اس کو اس کمرے میں حاضر کر دیا گیا جب جدید مشینیں ڈاکٹر اپنی کوشش میں کامیاب نہ ہوئے تو باقی ذرائع جو صحت کے حصول میں معاون ہو سکتے ہیں ان کی طرف رجوع کرنے کا فیصلہ کیا گیا اس سلسلے میں روحانی بابوں عاملوں کا سروے کیا گیا اس سلسلے میں مریض کی بیٹی جو ایک سال سے میرے پاس ازدواجی اور بچوں کے مسائل کے لیے آ رہی تھی اس نے میرا ذکر کیا اور آ کر

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

مجھے کہا کہ میرے والد صاحب زندگی موت کی کشمکش میں جھول رہے ہیں خدا کے لیے آپ میرے ساتھ چلیں تو میں نے کہا باجی آپ کے پاس تو سارے ہسپتال ڈاکٹر اور دوائیاں موجود ہیں آپ ان کو استعمال کریں تو بولیں ہم ساری کوششیں کر چکے ہیں لہذا آپ مجھے بہن بیٹی سمجھ کر میرے ساتھ چلیں میں نے بہت مان سے کہا ہے کہ آپ کو لے کر آؤں گی میرا بھائی تو یہ نہیں ورنہ وہ بھاگ دوڑ کرتا اس لیے آپ میرے ساتھ چلیں تو میں یہ کہہ کر یہاں آ گیا کہ زندگی موت تو اس کائنات میں ایک خشک پتہ بھی خدا کی مرضی کے بنا نہیں گرتا آپ اور میں دونوں دعا کرتے ہیں شاید اس بے نیاز مالک کو رحم آ جائے اور وہ چند سانسیں بخش دے لہذا مریض کی بیٹی کے ساتھ میں اس ہسپتال نما کمرے میں آ گیا جب ڈاکٹروں کو پتہ چلا کہ میں کوئی روحانی بابا ہوں تو انہوں نے تنقیدی نظروں سے میری طرف دیکھا لیکن میں اللہ کا نام لے کر مریض کے پاس گیا تو دیکھا اپنے وقت جوانی کا خوبصورت شخص بے جان لاش کی طرح بے حس و حرکت پڑا تھا منہ کھلا تھا اور سانسیں چل رہی تھیں لیکن اُسے مریض ہم سب سے لاتعلق زندہ لاش کی طرح پڑا ہوا تھا اُس کا بے جان جسم رنگ بتا رہا تھا کہ موت مرض الموت کی شکل میں اس کو اپنی گرفت میں لے چکی تھی مریض کا کھانا پینا بند تھا صرف انجیکشن اور ڈرپوں سے خوراک اور دوائیاں اُس کی رگوں میں اتاری جا رہی تھیں کیونکہ میں نے ہومیو پیتھی بھی جوانی میں کی ہوئی تھی اس لیے میری دل چسپی آج بھی حکمت ہربل اور ہومیو پیتھی آج بھی ہے اور حکمت یونانی اور ہومیو پیتھی ادویات میرے معمولات میں شامل ہیں مریض کی حالت میں دیکھ چکا تھا اُس کے مطابق ایک ہومیو پیتھی لکھ کر دی جو تھوڑی دیر میں آ گئی تو میں نے اللہ کا نام بسم اللہ شریف اور یا حی یا قیوم پڑھ کر چند قطرے مریض کے کھلے منہ میں ٹپکا دیئے دس منٹ بعد اس عمل کو پھر دہرایا گیا اللہ تعالیٰ کو رحم آیا اور حیران کن طور پر آدھے گھنٹے کے بعد بے جان جسم میں حرکت ہوئی مریض نے آنکھیں کھولیں تو کمرے پر سوگواریت اور موت کی چادر جو تنی ہوئی تھی وہ اتر سی گئی ڈاکٹروں کی ہدایت پر مریض کے منہ سے سبزی کا سوپ چند چمچ ڈالا گیا سبزی کے سوپ کے علاوہ مریض کے حلق سے کوئی بھی میٹھی یا مصالحے والی چیز یا شوربہ اتارا جاتا اُس سے پیٹ اپھارے کا شکار ہو جاتا اور وہ چیز معدے میں جا کر تیزاب بن جاتی جو مریض کے لیے وبال جان بن جاتی بے چینی بے قراری شروع ہو جاتی لہذا مریض پچھلے کئی گھنٹوں سے سبزیوں کے سادے سوپ پر یا پھر دوائیں پر سانسیں لے رہا تھا مریض کے لواحقین خوشی کے نعرے مار رہے تھے کہ مریض کے حلق سے سبزی سوپ کے چند قطرے اتر گئے ہیں میں حیرت سے پتلہ خاک کھرب پتی کو دیکھ رہا تھا کہ اپنے وقت کا سب سے امیر کھرب پتی آدمی جو دنیا جہاں کی لذتوں کو اپنے دسترخوان پر سجاتا ہو گا دنیا جہاں کے کک اس کا کھانا بناتے ہوں گے شراب کباب شباب ہر چیز سے لطف کھاتا ہو گا دولت کے زور پر دنیا جہاں کے پکوان اس کے دسترخوان پر سجتے ہوں گے رگوں میں تازہ اچھلتا خون اس کو شباب سے رنگ رلیوں پر مجبور کرتا ہو گا جوانی دولت طاقت بااثر حلقوں میں رسائی اس نے شاندار زندگی گزاری جس چیز پر ہاتھ رکھا وہ اس کی ہو گئی جس شہر میں جاتا پرتعیش بنگلہ عورتیں آسائشیں اکٹھی کر لی ہوں گی لیکن جب رگوں میں دوڑتا خون ٹھنڈا پڑتا ہے جسم لذتوں سے محروم ہوتا ہے تو بڑھاپا امر بیل کی طرح خون نچوڑ کر بڑھاپے کی وادی میں داخل کر دیتا ہے تو ہوش آتی ہے عام انسان جوانی طاقت دولت اقتدار میں یہ سوچتا ہے کہ یہ سب کچھ میرے پاس ہمیشہ رہے گا لیکن جب وقت کی دھول دیمک بن کر جوانی حسن چھین لیتی ہے تو پتہ چلتا ہے جب دولت بے کار ہو جاتی ہے اس دولت کے بل بوتے پر نہ صحت نہ ذائقہ نہ جوانی واپس لا سکتے جب جسم بیماریوں اور بڑھاپے کی قیام گاہ بنتا ہے تو سارے ذائقے لذتیں ختم ہو جاتی ہیں پھر موت ہوتی ہے جو چپکے چپکے آ کر دبوچ لیتی ہے اور دنیا کا بڑے سے بڑا بادشاہ طاقت ور پہلوان منوں مٹی کے نیچے جا کر کیڑوں مکوڑوں کی خوراک بن جاتا ہے ہائے زندگی تیرے کیسے کیسے رنگ ہیں کاش انسان جوانی میں جان لے کہ میں نے بھی مٹی کے نیچے جانا ہے میں نے بھی مرنا ہے۔

سفر لمبا ہے، فقط رچرڈ گرینل پر خوش نہ ہوں

پاکستان ان ممالک میں شامل ہے جہاں ”انفرادی آزادی“ کا تصور مغرب کی غلامی کے دوران ابھرا۔ یہ تصور بھی تاہم مقامی اشرافیہ کے ان لوگوں تک محدود رہا جو سامراجی حکمرانی کی معاونت کرتے ہوئے ان کی غلامی میں خوشحال زندگی گزارنا چاہتے تھے۔ ہمارے ہاں اگرچہ ایک ایسا دور بھی آیا جب برطانوی سماج پر حاوی اقدار کا وہ پہلو بھی غلام پاک و ہند پر حاوی ہو گیا جسے ”وکٹورین“ کہا جاتا تھا۔ اقدار کا یہ باب برطانیہ کی ملکہ وکٹوریہ سے منسوب تھا۔ وہ قدامت و روایت پرست خاتون تھی جو خاندانی اکائی کو شدت سے برقرار رکھنا چاہتی تھی۔ فضول خرچی کو گناہ کے مترادف گردانتی اور والدین سے بچوں کی پرورش کرتے ہوئے سخت گیر نگہبانی کا تقاضہ کرتی۔ ”وکٹورین“ اقدار ہی سے متاثر ہو کر ہماری مسلم اشرافیہ کی کئی خواتین نے ”وظیفی“ کہلاتا برقعہ پہن کر گھروں سے نکلنا شروع کر دیا۔ وہ اپنے خیالات کا اظہار بھی کرنا شروع ہو گئیں جو عموماً ”تہذیب و اخلاق“ کے پرچارک ہوتے ہوئے خواتین کو عملی زندگی میں بھی متحرک دیکھنا چاہ رہے تھے۔ اشرافیہ کی ان برقعہ پوش خواتین کی ہمارے مذہبی حلقوں نے شدید مذمت کی۔ اکبر اللہ آبادی کی طنزیہ شاعری کا وہ مستقل نشانہ رہیں۔

بات چلی تو دور تلک نکل جائے گی۔ مجھے تو ہزار سے بارہ سو لفظوں تک محدود رہتے ہوئے آج کا کالم مکمل کرنا ہے۔ کالم کو ایک موضوع درکار ہوتا ہے۔ اس کے مختلف پہلوؤں سے کھیلتے ہوئے ہی روز کی روٹی روز کمانے کا بندوبست کرتا ہوں۔ رات سونے سے قبل طے کر رکھا تھا کہ رچرڈ گرینل کے بارے میں لکھنا ہے۔ اس کے بارے میں چند روز قبل بھی لکھ چکا ہوں جب موصوف کو منتخب صدر ٹرمپ نے چند ”خصوصی مشن“ سرانجام دینے کے لئے اپنا ”خصوصی سفیر“ نامزد کرنے کا اعلان کیا تھا۔ ”خصوصی مشن“ کا ذکر کرتے ہوئے ٹرمپ نے وینزویلا اور شمالی کوریا کا ذکر کیا۔ اس کے علاوہ کسی اور ملک کا ذکر نہ تھا۔ عاشقان عمران نے مگر یہ فرض کر لیا کہ رچرڈ کو درحقیقت ٹرمپ نے عمران خان کو حکومت پاکستان کی قید سے رہا کروانے کے لئے تعینات کیا ہے۔

عاشقان عمران کی خوش گمانی بے بنیاد نہیں تھی۔



رچرڈ اکثر عمران خان کی حمایت میں ٹویٹ لکھتا رہا ہے۔ اس کا دعویٰ ہے کہ تحریک انصاف کے بانی کو حکومت پاکستان نے جعلی مقدمات بنا کر جیل میں بند کر رکھا ہے۔ ان کے ساتھ ”ناانصافی“ ہو رہی ہے اور وہ دنیا بھر میں حکومتوں کی مخالفت کرنے والوں کو جعلی مقدمات کی بدولت جیل میں رکھنے کے خلاف ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ ایسے مقدمات میں بند کئے افراد جلد از جلد رہا کر دئے جائیں۔ جس تناظر میں رچرڈ اپنے خیالات عمران خان کی حمایت میں بیان کرتا ہے وہ یقیناً قابل ستائش ہیں۔ رچرڈ نے مگر اسرائیل کی جانب سے 7 اکتوبر 2023ء سے فلسطینیوں کی نسل کشی کے لئے مسلسل جاری بمباری اور فوجی کارروائیوں کے خلاف کبھی ایک لفظ بھی نہ تو پوسٹ کیا نہ ویسے کوئی بیان دیا۔ امید ہی کر سکتا ہوں کہ آمرانہ حکومتوں کی جانب سے ان کے ناقدوں کے خلاف بنائے ”بے بنیاد مقدمات“ کے خلاف ٹوئٹر وغیرہ پر اپنے گرانقدر خیالات پوسٹ کرتے ہوئے وہ احتیاطاً یہ بھی لکھ دیا کرے گا کہ اسرائیل کے علاوہ وہ ہر جابر ریاست و حکومت کے خلاف ہے۔ رچرڈ مگر بڑا جانور ہے اس کی مرضی - انڈا دے یا بچہ۔

مجھے حیرانی ان ہم وطنوں پر ہو رہی ہے جو اس امر پر خفا ہو گئے کہ رچرڈ کی تعیناتی کا ذکر کرتے ہوئے پاکستان کے ایک روزنامے نے اسے ”ہم جنس“ پکارا۔ اسی باعث آج کے کالم کا آغاز کرتے ہوئے ”انفرادی آزادی“ کا تصور برجستہ بیان ہو گیا۔ عرض مجھے یہ کرنا تھی کہ رچرڈ کی ایک خاص تناظر میں جو ترجیحات ہیں انہیں امریکہ جیسے معاشروں میں ”انفرادی آزادی“ شمار کرتے ہوئے نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ ہمارے معاشرے میں البتہ سماجی ہی نہیں بلکہ مذہبی اعتبار سے بھی رچرڈ کی ”انفرادی آزادی“ کے تحت اپنائی ترجیحات قابل مذمت تصور ہوں گی۔

تحریک انصاف اسلامی جمہوریہ پاکستان کی ایک سیاسی جماعت ہے۔ اس کے بانی وطن عزیز کو ”ریاست مدینہ“ کی صورت دینا چاہتے ہیں۔ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ ”انفرادی آزادی“ کے تحت اپنائی ترجیحات کے مطابق زندگی گزارتے ہوئے رچرڈ گرینل ’امت مسلمہ کے واحد ترجمان‘ پر ان دنوں نازل ہوئی مصیبتوں کے بارے میں کیوں پریشان ہے۔ یہ سوچتے ہوئے تھک جاتا ہوں تو دوبارہ یاد آ جاتا ہے کہ رچرڈ لطیفے والا بڑا آدمی ہے۔ اس کی مرضی انڈا دے یا بچہ۔

دوسرے کسی موضوع کی جانب مگر سوشل میڈیا پر چھائے عاشقان عمران توجہ دینے کی مہلت ہی نہیں دیتے۔ رچرڈ کی تعیناتی کی خبر دیتے ہوئے ایک پاکستانی اخبار نے اس کی ترجیحات کا ذکر کر دیا تو عاشقان عمران نے اس خبر کی تصویر اتار کر رچرڈ کو بھجوا دی۔ رچرڈ بھی ڈھیٹ ہڈی ہے اس نے اس خبر کو ٹیگ کرتے ہوئے دوبارہ مطالبہ کر دیا کہ ”عمران خان کو رہا کیا جائے“۔

رچرڈ کی مذکورہ پوسٹ کو عاشقان عمران ہی نہیں ہمارے کئی سینئر، سنجیدہ اور مستند تصور ہوتے صحافی بھی اس انداز سے پیش کر رہے ہیں کہ جیسے ”ٹرمپ انتظامیہ“ نے عمران خان کی جیل سے رہائی کا حکم صادر کر دیا ہے۔ ہاتھ باندھتے ہوئے اپنے ”سینئر، سنجیدہ اور مستند“ ساتھیوں کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ ”ٹرمپ انتظامیہ“ کی ترکیب 20 جنوری 2025ء سے قبل استعمال کرنا مناسب نہیں۔ اس تاریخ تک امریکی حکومت ”بائیڈن انتظامیہ“ ہی کہلائے گی۔ اس کے آخری دنوں میں بھی خدانخواستہ امریکہ کو ایٹم بم چلانا پڑا تو اس کا ٹریگر بائیڈن کی انگلی ہی دبائے گی۔ 20 جنوری 2025ء تک لہٰذا انتظار کر لیجئے۔ اس تاریخ کو حلف اٹھانے کے بعد ہی ٹرمپ رچرڈ گرینل کو احکامات جاری کرے گا۔ احکامات کو ذہن میں رکھتے ہوئے یاد رکھئے گا کہ اسے ”خصوصی سفیر“ کا درجہ دیا گیا ہے۔ ”خصوصی سفیر“ امریکی کابینہ کے رکن نہیں ہوتے۔ صدر سے براہ راست نامزد ہونے کے باوجود انہیں امریکی وزارت خارجہ کے ساتھ مل کر کام کرنا ہوتا ہے۔ وزارت خارجہ کے لئے ٹرمپ نے مارکو روبیو کو نامزد کیا ہے۔ وہ اپنے تئیں ایک تگڑا شخص ہے اور اپنی وزارت میں دوسروں کی مداخلت برداشت نہیں کر پائے گا۔ مختصراً سفر لمبا ہے۔ فقط رچرڈ کی نامزدگی سے خوش ہونے کی ضرورت نہیں۔

بجلی سستی نہیں ہوگی!

پاکستانی عوام جن حالات میں زندگی بسر کر رہے ہیں، اگر کہیں سے ایک چھوٹی سی اُمید کی کرن بھی نظر آئے تو بہت زیادہ خوش ہو جاتے ہیں، اس کا اندازہ حکومت کو بھی ہے، اس لیے ہی ایک سے بڑھ کر ایک اُمید دلائی ضرور جاتی ہے، لیکن کوئی ایک اُمید بھی بر نہیں آتی ہے، حکومت عوام کو ایک ہی یقین دلائے جا رہی ہے کہ بجلی کے نرخ کم سطح پر لانے اور پیداواری منصوبوں کے حوالے سے لائحہ عمل پر تیزی سے کام ہو رہا ہے، اس سے توقع ہے کہ آئندہ سال بجلی بڑی حد تک سستی ہو جائے گی، لیکن فی الحال اوگرا نے گیس کی قیمتوں میں 71.8 سے 78.25 فیصد اضافہ کر کے عام آدمی کی مشکلات مزید بڑھا دی ہیں۔

اس ملک کے عوام مہنگائی بے روزگاری سے پریشان حال ہیں اور حکومت کو اپوزیشن سے دست و گریباں ہونے سے ہی فرصت نہیں مل رہی ہے، حکومت کے وزراء بھی عوام کے مسائل کے تدارک پر بات کرنے کے بجائے اپوزیشن کو ہی صبح و شام للکارتے رہتے ہیں، حکومت کی ترجیحات میں عوام شامل ہیں نہ ہی اپوزیشن عوام کے مسائل پر کوئی آواز اُٹھا رہی ہے، جماعت اسلامی نے کچھ دیر مہنگی بجلی پر احتجاج کیا لیکن حکومت کے ساتھ ایک معاہدے کا لالی پاپ لے کر خاموش ہو گئی ہے، اس وقت کوئی عوام کی آواز اُٹھا رہا ہے نہ ہی عوام کے مسائل کے تدارک کی بات کر رہا

صدائے سحر
شاہد ندیم احمد
sadaaysehar@gmail.com

ہے، سارے ہی عوامی مفاد چھوڑ کر ذاتی مفادات کے حصول میں لگے ہیں اور عوام کو بے وقوف بنا رہے ہیں کہ اُن کے ہی مفاد میں شب و روز سرگرداں ہیں۔

عوام باشعور ہو چکے ہیں اور جانتے ہیں کہ حکومت اور اپوزیشن دونوں ہی عوام کیلئے نہیں اقتدار کیلئے دست و گریباں ہیں، عوام کو بہلانے اور بہکانے کے علاوہ کچھ بھی نہیں کیا جا رہا ہے، حکومت نمائشی اعلانات و اقدامات کے علاوہ کچھ کر رہی ہے نہ ہی اپوزیشن ماسوائے احتجاج کے کچھ کر پا رہی ہے، اس سارے کھیل تماشے میں عوام ہی مر رہے ہیں اور عوام ہی نقصان اُٹھائے جا رہے ہیں، عوام آواز اُٹھاتے ہیں تو گولی سے مارا جاتا ہے، خاموش رہتے ہیں تو بھوک و افلاس سے مرتے ہیں، پریشان حال عوام جائیں تو جائیں کہاں، کس سے فریاد کریں، کس سے انصاف مانگیں، یہاں انصاف دینے والے بھی انصاف مانگ رہے ہیں۔

اس ملک کے مسائل زیادہ اور انہیں حل کرنے والا کوئی ہے نہ کوئی اہلیت رکھتا ہے، سارے ہی طاقتور حلقوں کی جانب دیکھتے ہیں اور اُن کی ہی مرضی سے چلتے ہیں، یہ جتنی مرضی اکثریت سے اقتدار میں آ جائیں، انہیں اختیار ملے گا نہ ہی کوئی فیصلہ کر پائیں گے، یہ پالیسیاں بنا پائیں گے نہ ہی کوئی منصوبہ سازی کر پائیں گے، یہ کہتے ہیں کہ آئی پی پیز کے کچھ معاہدوں پر نظر ثانی کرنے اور کچھ معاہدے منسوخ کرنے سے بجلی سستی ہو جائے گی، جبکہ ایسا کچھ بھی ہونے والا نہیں ہے، بجلی جب تک مہنگے ایندھن سے ہی بنائی جائے گی تو سستی کس طرح فروخت کی جا سکتی ہے؟ توانائی کے ہر شعبے کیلئے ضروری ہے کہ اس کو فراہم کیا جانے والا ایندھن سستا ہو، خواہ وہ پانی ہو، پٹرولیم مصنوعات ہوں یا گیس، جب ایندھن کی قیمتیں آسمانوں کو چھو رہی ہوں گی تو کوئی غیبی طاقت ہی اس ایندھن سے سستی توانائیاں فراہم کر سکتی ہے۔

اس کا حل صرف ایک ہی ہے کہ کم لاگت منصوبے اور مقامی وسائل کو ترجیح دی جائے، اس لحاظ سے پاکستان خوش قسمت ہے کہ جہاں ہوا، پانی اور شمسی توانائی کی وسیع استعداد موجود ہے، دیہات میں بائیو گیس انرجی بھی تیار ہو سکتی ہے، یہ ایسے ذرائع ہیں کہ جن سے ماحول دوست اور سستی بجلی فراہم ہو سکتی ہے، اس کے ساتھ ان ممالک سے ایندھن خریدا جائے، جو کہ نہایت ارزاں قیمت پر فراہم کرنے کیلئے تیار ہیں، سستی بجلی حاصل کرنے کیلئے سستا ایندھن حاصل کرنا ہو گا یا سستے وسائل کا استعمال کرنا ہو گا، باقی رہی بات چیخنے چلانے کی اور اس کے خلاف آواز اُٹھانے کی تو ضرور چیخیں چلائیں، آواز بھی اُٹھائیں اور اتنا چلائیں کہ گلے کے سارے پردے پھٹ جائیں، مگر سستی توانائی حاصل کرنے کا حل سستے وسائل کے استعمال اور سستے ایندھن کی فراہمی کے علاوہ اور کچھ نہیں، مہنگے ایندھن کے ساتھ سستی بجلی کا خواب ادھورا ہی رہے گا۔

بلوچستان: ترقی کی راہ پر گامزن

تحریر

ام ایمن

بلوچستان جو قدرتی وسائل سے مالا مال اور اسٹریٹجک لحاظ سے اہم مقام پر واقع ہے، معاشی ترقی اور خوشحالی کی بے پناہ صلاحیت رکھتا ہے۔ تاہم سیاسی عدم استحکام اور سیکیورٹی مسائل نہ صرف اس علاقے کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہیں۔ بلکہ بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) بلوچ ریپبلکن آرمی (بی آر اے) اور غیر ملکی حمایت یافتہ علیحدگی پسند گروہ ان مسائل کو مزید بڑھاوا دیتے ہیں۔ یہ گروہ حقوق کے نام پر دہشتگردانہ کارروائیوں کے مرتکب ہوتے ہیں جن میں ترقیاتی منصوبوں کو نقصان، اہم انفراسٹرکچر کی تباہی اور خوف و ہراس کا ماحول پیدا کرنا شامل ہیں۔ اس عدم تحفظ کے باعث سرمایہ کاری متاثر ہوتی ہے جو سماجی و معاشی ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہے۔ جس کے نتیجے میں بلوچستان کی عوام کو غربت میں جکڑے رکھ کر ریاست کو بدنام کیا جاتا ہے۔

یہاں یہ ضروری ہے کہ بلوچستان کی محرومی کے غلط مفروضے کو حقیقت پسندانہ نظر سے پرکھا جائے۔ 2023 کی مردم شماری کے مطابق بلوچستان کی آبادی 89.14 ملین ہے۔ یہ صوبہ پاکستان کی کل آبادی کا 2.6 فیصد ہے اور 347190 مربع کلومیٹر کے رقبے پر مشتمل ہے جو پاکستان کے کل رقبے کا 6.43 فیصد بنتا ہے۔ بلوچستان کی کم آبادی کی وجہ سے پارلیمنٹ میں اس کی نمائندگی محدود ہے۔ قومی اسمبلی کی کل 336 نشستوں میں سے بلوچستان کے پاس صرف 20 نشستیں ہیں جبکہ پنجاب، خیبر پختونخوا اور سندھ کی نشستوں کی تعداد بالترتیب 173، 55 اور 75 ہے۔ سینیٹ میں بلوچستان کا حصہ 96 میں سے 23 نشستیں ہیں۔

بلوچستان کی محرومی کا بیانیہ اکثر ملک دشمن عناصر کی جانب سے ریاست مخالف مہم کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ بدقسمتی سے بلوچستان کے کچھ سیاسی عناصر بھی ان غلط دعووں کے حامی رہے ہیں۔ لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے۔ بلوچستان کو قومی مالیاتی کمیشن (این ایف سی) ایوارڈ میں اس کے رقبے اور کم آبادی کے برعکس زیادہ حصہ دیا گیا ہے۔ 11-2010 میں بلوچستان کا این ایف سی ایوارڈ کا حصہ 83 ارب روپے تھا جو 25-2024 میں بڑھ کر 667 ارب روپے ہو گیا ہے۔ اسی طرح براہ راست منتقل ہونے والی رائلٹی 15-2014 میں 29.12 ارب روپے سے بڑھ کر موجودہ مالی سال میں 55.20 ارب روپے تک پہنچ گئی ہے۔ 25-2024 کے مالی سال کیلئے عوامی شعبے کے ترقیاتی پروگرام PSDP میں بلوچستان کیلئے 561.219 ارب روپے مختص کے گئے ہیں۔ بلوچستان کے PSPD میں D کل 680,6 منصوبے شامل ہیں جن میں 2704 نئے منصوبے اور 3976 پہلے سے جاری منصوبے ہیں۔ 24-2023 کے دوران بیرونی امداد کے منصوبوں کی مالیت P 958.17 ارب روپے رہی جو 25-2024 میں بڑھا کر 30. 27 ارب روپے کر دی گئی ہے۔ ان منصوبوں میں آبپاشی، زراعت، لائیو سٹاک، جنگلات اور دیگر شعبے شامل ہیں۔ مزید برآں کارپوریٹ سوشل رسپانسبلٹی CSR سیکٹر کے ذریعے 02.12 ارب روپے کی سرمایہ کاری ان علاقوں میں کی جا رہی ہے جہاں وسائل کی تلاش جاری ہے۔ ان میں درج ذیل منصوبے شامل ہیں 49 اسکول جن سے 12000 سے زائد طلبہ مستفید ہو رہے ہیں۔

520 اسکالرشپس اور 405,3 ہنرمند افراد کی تربیت کے مراکز۔ 35 طبی سہولیات جو سالانہ 000,49 مریضوں کا علاج کرتی ہیں۔ 48 پانی کی فراہمی کے منصوبے جو 000,35 سے 000,40 افراد کو پینے کا صاف پانی مہیا کر رہے ہیں۔ 8 سڑکیں جو حب، سکران، دراجی اور ڈیرہ مراد جمالی کے علاقوں میں 5.26 کلومیٹر پر پھیلی ہوئی ہیں۔ قیام پاکستان کے وقت بلوچستان میں صرف 114 اسکول تھے۔ آج، بلوچستان میں 12 جامعات، 5 میڈیکل کالجز، 145 کالجز، 13 کیڈٹ کالجز، 15096 اسکول اور 321 ٹیکنیکل انسٹی ٹیوٹ 5-2024 میں 4 بلوچستان حکومت نے 000,75 طلبہ کو اسکالرشپس دی ہیں ※۔ شرح خواندگی جو قیام پاکستان کے وقت 5.5 فیصد تھی، 2024ء میں بڑھ کر 5.54 فیصد ہو گئی ہے۔ بلوچستان ایجوکیشن انڈوومنٹ فنڈ BEEF نے 000,8 طلبہ کو اسکالرشپس فراہم کی ہیں۔ صحت کے شعبے میں بھی نمایاں ترقی ہوئی ہے۔ آزادی کے وقت بلوچستان میں صرف 3 اسپتال اور 6 ڈسپنسریاں تھیں جو اب بڑھ کر 13 بڑے اسپتال، 18 ٹیچنگ اسپتال، 33 ضلعی ہیڈکوارٹر اسپتال، 756 بنیادی مراکز صحت اور 541 ڈسپنسریاں ہو چکی ہیں بلوچستان مالیاتی حصہ، روزگار کے مواقع اور شراکت کے لحاظ سے اسٹریٹجک ریسرچ پراجیکٹس سے بھی فائدہ اٹھا رہا ہے۔ حب پاور پراجیکٹ ایسا ہی ایک منصوبہ ہے جس کی کل مالیت 2 بلین ڈالر ہے۔ حب کول پاور پراجیکٹ نے بلوچستان میں مقامی لوگوں کیلئے تقریباً 000,10 ملازمتیں پیدا کیں۔ اسی طرح، سینڈک پراجیکٹ سے سالانہ 60 ملین ڈالر کی آمدنی ہوتی ہے، جس میں 50 فیصد منافع چینی ایکسپلوریشن فرم MCC کو جاتا ہے اور 50 فیصد وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان شیئر کیا جاتا ہے۔ ریکوڈک، دودر لیڈ زنک پراجیکٹ، گوادر میں متعدد ترقیاتی منصوبے بشمول گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور پانی صاف کرنے کے منصوبے اور UAE کی امداد کے ذریعے اربن پاورٹی ایلیویشن پروگرام UPAP صوبے کے باشندوں کی کافی حد تک مدد کر رہے ہیں۔

چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ پاکستان کی عزت ہے کوئی حرف نہیں آنے دیں گے، محسن نقوی

پہلے دن سے ہی پاکستان اور کرکٹ کی جیت کی بات کر رہا ہوں، پی سی بی چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کے انعقاد کے لیے ہر لحاظ سے تیار ہے چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ

لاہور (شہروز میاں سے) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین محسن نقوی کا کہنا ہے کہ چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ پاکستان کی عزت ہے، کوئی حرف نہیں آنے دیں گے۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی زیرِ صدارت گورننگ بورڈ کا 76 واں اجلاس ہوا، جس میں گورننگ بورڈ کے گزشتہ اجلاس کے فیصلوں کی توثیق کی گئی۔ اجلاس کو آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ پر اب تک کی پیشرفت سے آگاہ کیا گیا۔ گورننگ بورڈ کو قذافی، نیشنل اور راولپنڈی اسٹیڈیم کی تعمیرِ نو پر پیشرفت کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے گورننگ بورڈ کو چیمپئنز ٹرافی سے متعلق اعتماد میں لیا۔ اراکین نے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی سے متعلق محسن نقوی کے اصولی موقف کو سراہا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ پہلے دن سے ہی پاکستان اور کرکٹ کی جیت کی بات کر رہا ہوں، پی سی بی چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کے انعقاد کے لیے ہر لحاظ سے تیار ہے۔ چیئرمین پی سی بی کا کہنا ہے کہ چیمپئنز ٹرافی کے لیے ہر طرح کی تیاریاں مکمل ہیں، پاکستان کے اصولی موقف کو ہر کسی نے سراہا ہے، تمام ٹیموں کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہیں گے۔ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستانی تمام ٹیموں کو اپنے گراؤنڈز پر کھیلتا ہوا دیکھنا چاہتے ہیں، کرکٹ میں سیاست کے خلاف ہوں، یہ کھیل ہے جس سے کروڑوں شائقین محبت کرتے ہیں، کھیل کو کھیل رہنا چاہیے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ سے قبل اسٹیڈیمز کی تعمیرِ نو کا کام مکمل ہو جائے گا، پوری ٹیم دن رات اسٹیڈیمز کی تعمیرِ نو پر محنت سے کام کر رہی ہے۔

صائم ایوب جیسا کھلاڑی طویل عرصے بعد دیکھا، سلمان علی آغا

صائم ایوب، بہت اچھا کھلاڑی ہے، اُس کی بیٹنگ انتہائی غیر معمولی تھی' میڈیا سے بات چیت

کیپ ٹاؤن (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے نائب کپتان سلمان علی آغا نے کہا ہے کہ صائم ایوب جیسا کھلاڑی طویل عرصے بعد دیکھا۔ جنوبی افریقا کے خلاف پہلے ایک روزہ میچ میں شاندار آل راؤنڈ پرفارمنس دینے والے سلمان علی آغا نے میڈیا سے بات چیت کے دوران کہا کہ صائم ایوب، بہت اچھا کھلاڑی ہے، اُس کی بیٹنگ انتہائی غیر معمولی تھی۔ ایسا کھلاڑی طویل عرصے بعد دیکھا۔ آل راؤنڈر نے مزید کہا کہ جنوبی افریقا کے خلاف پہلے میچ کی پچ سلو تھی اور اُس پر باؤنس کم تھا، دوسری اننگز میں بہتر ہونے کے سبب ہمیں آسانی ہوئی۔ اُن کا کہنا تھا کہ میں اپنی کارکردگی پر خوش ہوں، آئندہ بھی اسی طرح کی پرفارمنس دینے کی کوشش کروں گا۔ سلمان علی آغا نے کہا کہ جب دو بائیں ہاتھ کے بیٹرز ہوں تو پاور پلے میں بولنگ کرنے آتا ہوں، میں اس طرح کی بولنگ پر خوش ہوں، 4 وکٹیں حاصل کیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نے چار وکٹیں زیادہ بار نہیں لیں، میں خوش ہوں، حکمت عملی تھی کہ جب بائیں ہاتھ کے بیٹرز ہوں گے تو بولنگ کراؤں گا۔

چیمپئنز ٹی 20 کپ 2024، جمعے کو مزید دو میچ کھیلے جائیں گے

پہلا میچ اے بی ایل سٹالینز اور یو ایم ٹی مارخورز جبکہ دوسرا میچ اینگرو ڈولفنز اور نور پور لائنز کے درمیان کھیلا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے زیر اہتمام چیمپئنز ٹی 20 کپ 2024 کے انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے راولپنڈی میں جاری ہیں، (جمعہ کو) مزید دو میچوں کا فیصلہ ہوگا، پہلا میچ اے بی ایل سٹالینز اور یو ایم ٹی مارخورز جبکہ دوسرا میچ اینگرو ڈولفنز اور نور پور لائنز کے درمیان کھیلا جائے گا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے زیر اہتمام چیمپئنز ٹی 20 کپ کے دلچسپ مقابلے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں جاری ہیں، میگا ایونٹ کا 17 واں میچ اے بی ایل سٹالینز اور یو ایم ٹی مارخورز کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا۔ اے بی ایل سٹالینز کی ٹیم محمد حارث کی قیادت میں میدان میں اترے گی اور یو ایم ٹی مارخورز کی ٹیم کو مایہ ناز آل راؤنڈر افتخار احمد لیڈ کریں گے۔

چیمپئنز ٹی 20 کپ: مارخورز نے ڈولفنز کو 8 وکٹوں سے شکست دے دی

راولپنڈی (این این آئی) مارخورز نے ڈولفنز کو 8 وکٹوں سے شکست دے دی۔ مارخورز نے 140 رنز کا ہدف 15 ویں اوور میں حاصل کیا۔ راولپنڈی میں جاری چیمپئنز ٹی ٹوئنٹی کپ کے 15 ویں میچ میں ڈولفنز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ اوورز میں 8 وکٹ پر 139 رنز بنائے تھے۔ وقار احمد 55 رنز بنا کر نمایاں رہے تھے۔ قاسم اکرم 31 اور کپتان فہیم اشرف نے 20 رنز اسکور کیے تھے۔ نثار احمد نے چار وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں مارخورز نے ہدف 15 ویں اوور میں ہی حاصل کرلیا۔ مارخورز کے اوپنر فخر زمان اور محمد نافع نے 113 رنز کی شراکت بنائی۔ فخر زمان نے 53 رنز کی اننگز کھیلی جبکہ محمد نافع 66 رنز بنا کر ناقابلِ شکست رہے۔ ڈولفنز کے شایان شیخ نے دو وکٹیں حاصل کیں۔

مینز بگ بیش لیگ، ایڈیلیڈ سٹرائیکرز اور میلبورن سٹارز کی ٹیمیں جمعے کو پنجہ آزمائی کریں گی

ایڈیلیڈ (این این آئی) کرکٹ آسٹریلیا (سی اے) کے زیر اہتمام مینز بگ بیش لیگ کا 14 واں ایڈیشن آسٹریلیا میں جاری ہے جس میں شائقین کرکٹ کو انتہائی سخت اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ لیگ میں کل (جمعہ کو) ایک میچ کا فیصلہ ہوگا۔ لیگ کا چھٹا میچ ایڈیلیڈ سٹرائیکرز اور میلبورن سٹارز کی ٹیموں کے درمیان ایڈیلیڈ اوول میں کھیلا جائے گا۔ بگ بیش لیگ میں 8 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے ایکشن میں ہیں۔ برسبین ہیٹ کی ٹیم لیگ میں ٹائٹل کا دفاع کرے گی۔ بگ بیش لیگ مردوں کا ایک پیشہ وارانہ ٹی ٹونٹی ڈومیسٹک کرکٹ ٹورنامنٹ ہے، جس میں 8 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے کوشاں ہیں، ان میں ایڈیلیڈ سٹرائیکرز، دفاعی چیمپئن برسبین ہیٹ، ہوبارٹ ہریکینز، میلبورن رینیگیڈز، میلبورن سٹارز، پرتھ سکارچرز، سڈنی سکسرز اور سڈنی تھنڈر شامل ہیں۔

ڈومیسٹک پرفارمنس دیکھنی چاہیے، جگہ نہ بھی ہو تو اسکواڈ میں ضرور شامل کرنا چاہیے، صاحبزادہ فرحان

تینوں فارمیٹس کی تیاری نئی بات نہیں۔ 8،10 سال سے اسی طرح تیاری کرتا ہوں' انٹرویو

راولپنڈی (این این آئی) قومی کرکٹر صاحبزادہ فرحان نے کہا ہے کہ ڈومیسٹک پرفارمنس دیکھنی چاہیے، اگر جگہ نہ بھی ہو تو اسکواڈ میں ضرور شامل کرنا چاہیے۔ راولپنڈی میں نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے صاحبزادہ فرحان کا کہنا تھا کہ تینوں فارمیٹس کو ساتھ لے کر چلنا مشکل ہوتا ہے لیکن پروفیشنل طور پر تیار رہنا پڑتا ہے۔ صاحبزادہ فرحان نے کہا کہ تینوں فارمیٹس کی تیاری نئی بات نہیں۔ 8،10 سال سے اسی طرح تیاری کرتا ہوں۔ ہر فارمیٹ میں پرفارمنس دینا چیلنجنگ ضرور ہوتا ہے لیکن محنت جاری رکھتے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ موقع جس مرضی فارمیٹ میں ملے سو فیصد دینے کی کوشش ہوتی ہے۔ ٹیسٹ کرکٹ اور ایک روزہ میچ میں عبداللہ شفیق، شان مسعود، صائم ایوب پرفارمنسز دے رہے ہیں۔ میری دعا ہے کہ ساتھی کھلاڑی پرفارمنس دیں لیکن اگر پرفارمنس نہیں ہوتی تو ان کی جگہ موقع ملے گا۔

شاہین کا بی پی ایل میں 'فارچیون باریشال' کے ساتھ معاہدہ طے



لاہور (این این آئی) پاکستان کے فاسٹ باؤلر شاہین آفریدی بنگلہ دیش پریمیئر لیگ (بی پی ایل) میں 'فارچیون باریشال' کی نمائندگی کریں گے۔ بنگلہ دیشی اخبار کے مطابق بی پی ایل کی دفاعی چیمپئن 'فارچیون باریشال' نے آج فاسٹ باؤلر کی باضابطہ دستیابی کا اعلان کیا۔ بنگلہ دیش پریمیئر لیگ کا آغاز 30 دسمبر سے ہوگا، ٹورنامنٹ میں 7 ٹیمیں شامل ہیں، ایک مہینے سے زائد عرصے تک جاری رہنے والے ایونٹ میں سٹار پلیئرز ایکشن میں نظر آئیں گے۔ ایونٹ کا پہلا میچ اور فائنل ڈھاکہ میں کھیلا جائے گا جبکہ گروپ سٹیج میچز میرپور اور سلہٹ میں بھی کھیلے جائیں گے۔ خیال رہے کہ پاکستان کرکٹ ٹیم کے فاسٹ باؤلر شاہین شاہ آفریدی ٹی 20 انٹرنیشنلز میں 100 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔

آل پنجاب موئے تھائی چیمپئن شپ 2024 رانا فہد اشرف نے چیمپئن شپ جیت کر گولڈ ماڈل حاصل کرلیا

پروگرام تین دن تک قذافی سٹیڈیم لاہور میں جاری رہا جس میں پنجاب بھر کے تمام موئے تھائی گیم کہ پلیئرز نے شرکت کی

PUNJAB MUAYTHAI ASSOCIATION
PMA

ننکانہ صاحب (رانا اسامہ) آل پنجاب موئے تھائی چیمپلین شپ 2024 قذافی سٹیڈیم لاہور میں شاندار پروگرام کا انعقاد ہوا۔ پروگرام تین دن تک قذافی سٹیڈیم لاہور میں جاری رہا جس میں پنجاب بھر کے تمام موئے تھائی گیم کہ پلیئرز نے شرکت کی۔ اور تمام پلیئرز نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا جس میں ننکانہ صاحب کے پلیئر رانا فہد اشرف نے ال پنجاب موئے تھائی چیمپلین شپ 2024 میں اول پوزیشن حاصل کی اور تمام پلیئرز کو ہرایا اور ایک شاندار جیت حاصل کی۔ جیت کی خوشی کے موقع پر ال پنجاب موئے تھائی چیمپلین شپ 2024 کہ چیمپلین بننے پر رانا فہد اشرف کو 54kg کیٹا گری میں گولڈ میڈل حاصل ہوا میڈل حاصل کرنے کے بعد سب پلیئرز نے فہد اشرف کو مبارکباد دی۔۔۔ جس پر فہد اشرف کے کوچ رانا عامر اشرف کا کہنا تھا کہ مجھے بہت خوشی ہے کہ میرے شاگرد نے ایک اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور ہمارا اور ہمارے کلب کا نام روشن کیا اور میں مزید کوشش کروں گا کہ اپنے کلب کہ تمام شاگردوں کو دن رات محنت کرکے فہد اشرف جیسے شاگرد کے جیسا بناؤ۔ میڈل حاصل کرنے کے بعد فہد اشرف کے تمام گروپ ممبرز نے فہد اشرف کو کندھوں پر اٹھا کر خوشیاں منائیں۔ اس کے علاوہ اشرف نے بیان کیا کہ یہ سب میرے اللہ کے بعد میرے والدین اور میرے کوچ کی دعاؤں اور محنت کا نتیجہ ہے میں انشاءاللہ انے والے وقت میں پاکستان کا نام روشن کروں گا اور اپنے کلب اور اپنے والدین اور اپنے کوچ کا اور میں بہت ہی خوش ہوں اور شکر گزار ہوں کہ مجھے ایک بہت بڑی کامیابی ملی ہے اور میں اور محنت کروں گا کہ اس سے بھی بہتر کامیابی حاصل کروں۔

صائم جنوبی افریقا میں سنچری بنانے والے کم عمر ترین کھلاڑی بن گئے

پارل (این این آئی) قومی ٹیم کے اوپنر صائم ایوب جنوبی افریقا کیخلاف سنچری بنانے والے کم عمر ترین کھلاڑی بن گئے۔ گزشتہ روز پارل میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان نے جنوبی افریقا کو محض 3 وکٹوں سے ہرا کر پہلا ون ڈے میچ اپنے نام کیا تھا۔ اس میچ میں جنوبی افریقا نے پاکستان کو جیت کیلئے 240 رنز کا ہدف دیا تھا تاہم پاکستانی بیٹنگ لائن لاکھڑا گئی تھی اور محض 60 رنز پر 4 وکٹیں گنوا دی تھیں تاہم صائم ایوب اور سلمان ا? غا نے پانچویں وکٹ کیلئے 141 رنز کی پارٹنرشپ قائم کرکے میچ میں گرین شرٹس کی فتح کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ اوپنر صائم ایوب نے 119 گیندوں پر 109 رنز کی اننگز کھیلی تھی جس میں 10 چوکے اور 3 چھکے شامل تھے۔ اس اننگز کیساتھ وہ جنوبی افریقا کیخلاف سنچری سکور کرنے والے کم عمر ترین کھلاڑی بن گئے ہیں، انہوں نے 22 سال 207 دن کی عمر میں یہ کارنامہ سرانجام دیا۔ صائم ایوب نے ایک کارنامے کیساتھ کئی کرکٹ کے کچھ لیجنڈز کو پیچھے چھوڑ دیا ہے، اس سے قبل کوئنٹن ڈی کوک نے یہ سنگ میل 2016 میں 23 سال اور 48 دن میں حاصل کیا تھا۔ مجموعی طور پر صائم ایوب ون ڈے کرکٹ میں جنوبی افریقا کے خلاف سنچری بنانے والے تیسرے سب سے کم عمر کھلاڑی ہیں، اس سے قبل احمد شہزاد نے (22 سال، 4 دن) اور کین ویمسن نے (22 سال، 167 دن) کی عمر میں یہ کارنامہ سرانجام دیا تھا۔

دوسرا ٹی 20‘ بنگلا دیش نے ویسٹ انڈیز کو ہرا کر سیریز اپنے نام کرلی

کنگز ٹاؤن (این این آئی) بنگلا دیش نے دوسرے ٹی ٹوئنٹی اور سیریز میں ویسٹ انڈیز کو شکست دے دی۔ کنگز ٹاؤن میں کھیلے گئے دوسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بنگلا دیش نے ویسٹ انڈیز کو 27 رنز سے ہرا دیا۔ بنگلا دیش نے پہلے کھیلتے ہوئے 7 وکٹ پر 129 رنز بنائے تھے۔ مہمان ٹیم کی جانب سے شمیم حسین 35 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

سری لنکا کی ٹیم رواں ماہ دورہ نیوزی لینڈ میں 3 ٹی ٹونٹی اور 3 ون ڈے میچوں کی سیریز کھیلے گی

کولمبو (این این آئی) سری لنکا کی مردوں کی قومی کرکٹ ٹیم رواں ماہ کے آخری میں نیوزی لینڈ کا دورہ کرے گی۔ سری لنکا کرکٹ (ایس ایل سی) کے اعلامیے کے مطابق سری لنکن کرکٹ ٹیم اپنے دورہ نیوزی لینڈ کے دوران میزبان ٹیم کے خلاف تین بین الاقوامی ٹی ٹونٹی اور تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کھیلے گی۔

آسٹریلیا اور بھارت کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان چوتھا ٹیسٹ میچ 26 دسمبر کو شروع ہوگا

دونوں ٹیموں کے درمیان پانچ ٹیسٹ میچوں کی بارڈر گواسکر ٹرافی سیریز 1-1 سے برابر ہے

میلبورن (این این آئی) آسٹریلیا اور بھارت کی ٹیموں کے درمیان 5 ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا چوتھا ٹیسٹ میچ 26 دسمبر سے میلبورن کرکٹ گراؤنڈ میں شروع ہوگا، دونوں ٹیموں کے درمیان پانچ ٹیسٹ میچوں کی بارڈر گواسکر ٹرافی سیریز 1-1 سے برابر ہے۔ بھارت کی ٹیم نے پہلے ٹیسٹ میچ میں آسٹریلیا کی ٹیم کو 295 رنز سے شکست دے کر سیریز میں 0-1 کی برتری قائم کی، تاہم دوسرے ٹیسٹ میچ میں میزبان آسٹریلوی ٹیم نے جاندار کم بیک کرتے ہوئے مہمان ٹیم کو با آسانی 10 وکٹوں سے شکست دی اور پانچ میچوں کی سیریز بھی 1-1 سے برابر کر دی، دونوں ٹیموں کے درمیان برسبین میں کھیلا گیا تیسرا ٹیسٹ میچ ہار جیت کے فیصلے کے بغیر ختم ہوگیا تھا۔ بھارت کی مردوں کی قومی کرکٹ ٹیم اپنے دورہ آسٹریلیا کے دوران میزبان ٹیم کے خلاف پانچ بین الاقوامی ٹیسٹ میچوں کی بارڈر۔ گواسکر ٹرافی سیریز کھیلے گی جس کے تین میچ کھیلے جا چکے ہیں۔ دوسرے ٹیسٹ میچ سے بھارتی ٹیم کی قیادت مایہ ناز بلے باز روہت شرما کر رہے ہیں، وہ پہلے ٹیسٹ میچ میں بچے کی پیدائش کے باعث ٹیم کو دستیاب نہیں تھے۔ پہلے ٹیسٹ میچ میں ان کی غیر موجودگی میں مایہ ناز فاسٹ باؤلر جسپریت بمراہ نے ٹیم کو لیڈ کیا۔ 26 دسمبر سے شروع ہونے والے چوتھے ٹیسٹ میچ میں میزبان ٹیم کو مایہ ناز آل راؤنڈر پیٹ کمنز لیڈ کریں گے۔ آسٹریلیا اور بھارت کی ٹیموں کے درمیان یہ میچ 26 سے 30 دسمبر تک میلبورن کرکٹ گراؤنڈ پر کھیلا جائے گا۔

SHOWBIZ
قوت

سامعہ بٹ کی فہد مصطفیٰ کے ساتھ اداکاری کرنے کی خواہش

پہلے میں نوکری کر رہی تھی آفر آئی پھر آہستہ آہستہ شوبز میں کام ملتا چلا گیا

کراچی (این این آئی) پاکستانی ماڈل و اداکارہ سامعہ بٹ نے فہد مصطفیٰ کے ساتھ اداکاری کرنے کی خواہش ظاہر کردی۔ اداکارہ و ماڈل سامعہ بٹ نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے شو میں شرکت کی اور اس دوران میزبان اور حاضرین کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کے جوابات دیے۔ انہوں نے کہا کہ اداکاری کا شوق تھا لیکن یقین نہیں تھا کہ اداکاری کر پاؤں گی، محنت کی اگر آج میں یہاں ہوں تو اس کے پیچھے میری کاوش شامل ہے۔ سامعہ بٹ کا کہنا تھا کہ کالج میں تھیٹرز کرتی رہی ہیں، نوکری کر رہی تھی آفر آئی پھر آہستہ آہستہ شوبز میں کام ملتا چلا گیا۔ شو کے چینل میں شریک شخص نے شادی کا سوال پوچھا تو اداکارہ نے کہا کہ ابھی کوئی مل نہیں رہا لیکن ہم ساتھ مل کر کسی کو ڈھونڈ لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ فلموں سے زیادہ ڈراموں کا شوق ہے، سجل علی پسندیدہ اداکارہ اور فہد مصطفیٰ کی اداکاری پسند ہیں جن کے ساتھ ڈرامہ کرنا چاہیں گی۔ ملکی حالات پر ماڈل نے کہا کہ معیشت گرتی جا رہی ہے مشکل حالات پیدا ہو رہے ہیں لوگ ایسا کام کرنے پر راضی ہو جاتے ہیں کہ برا کام کرلو پیسے تو آ رہے ہیں، درخواست ہے کہ جو بھی ملک میں چل رہا ہے اسے ٹھیک کریں۔ انہوں نے کہا کہ جو ملک میں کام کرنا چاہ رہے ہیں ان کو پکڑ کر بند کیا جا رہا ہے۔

بھارتی فلم ''لاپتا لیڈیز'' آسکرز کیلئے شارٹ لسٹ نہ ہوسکی، فلسطینی فلم نے جگہ بنالی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار عامر خان کی سابقہ اہلیہ کرن راؤ کی ہدایتکاری میں بننے والی فلم ''لاپتا لیڈیز'' آسکرز کیلئے شارٹ لسٹ نہ ہوسکی البتہ فلسطینی فلم نے جگہ بنالی۔ فلم 'لاپتا لیڈیز' یکم مارچ 2024 کو ریلیز کی گئی تھی جسے بھارت میں کافی پسند کیا گیا جس کے بعد بھارت کی جانب سے اسے دنیا کے سب سے بڑی ایوارڈز آسکرز 2025 کے لیے نامزد کیا گیا تھا۔ فلم فیڈریشن آف انڈیا نے اعلان کیا تھا کہ فلم لاپتا لیڈیز کو آسکر ایوارڈز 2025 میں انٹرنیشنل فلم کیٹیگری کے لیے نامزد کیا گیا۔ اکیڈمی آف موشن پکچر آرٹس اینڈ سائنسز (AMPAS) نے اعلان کیا کہ بھارتی فلم لاپتا لیڈیز'' ان 15 فلموں میں شارٹ لسٹ نہیں ہوسکی جنہوں نے آگے جا کر آخری 5 نامزدگیوں میں جگہ بنانی ہے۔ تاہم برطانوی و بھارتی فلمساز سندھیا سوری کی فلم ''سنتوش''، جس میں بھارتی اداکارہ شاہانہ گوسوامی اور سونیتا راجوار نے اداکاری کی ہے وہ برطانیہ کی جانب سے آسکرز کے لیے شارٹ لسٹ کی گئی 15 فلموں میں شامل ہوگئی ہے۔ اس فہرست میں فرانس کی ''ایمیلیا پیریز''، برازیل کی ''آئی ایم اسٹل ہیئر''، کینیڈا کی 'یونیورسل لینگویج'، جمہوریہ چیک کی 'ویوز'، ڈنمارک کی 'دی گرل وِد دی نیڈل' اور جرمنی کی 'دی سیڈ آف دی سیکریڈ فگ' بھی شامل ہیں۔

سردیوں میں جلد کو چمکدار کیسے بنائیں؟ بشریٰ انصاری نے ٹوٹکا بتادیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کی سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری نے سردیوں میں خشک جلد کو موئسچرائز رکھنے کیلئے ہیروئنز کا آزمایا ہوا آسان اور سستا ٹوٹکا بتادیا۔ حال ہی میں بشریٰ انصاری اداکارہ روبینہ اشرف کے ہمراہ نجی ٹی وی چینل کے مارننگ شو میں شریک ہوئیں جس میں روبینہ اشرف نے بتایا کہ ان کی جلد بے حد خشک ہے، جس کیلئے انہوں نے دنیا کے مہنگے سے مہنگے ترین پراڈکٹس استعمال کیے لیکن کوئی خاص فائدہ نہ ہوسکا جس کے بعد بشریٰ انصاری کے آسان ٹوٹکے نے ان کی مدد کی اور اب انہیں یقین ہے کہ اس ٹوٹکے سے بہتر کوئی اور چیز نہیں۔

جنسی جرائم میں ملوث افراد کو نامرد بنانے کا قانون لایا جائے، پریتی زنٹا

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ پریتی زنٹا نے بھارتی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ جنسی جرائم میں ملوث افراد کو نامرد بنانے کا قانون لایا جائے۔ پریتی کا بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب اطالوی وزیراعظم جیورجیا میلونی کی جانب سے یہ اپنے ملک میں جنسی جرائم میں ملوث مجرمان کو نامرد بنانے کا قانون لانے کی مہم جاری ہے۔ مذکورہ معاملے پر رواں برس ستمبر میں اطالوی قانون سازوں کی جانب سے کمیٹی بنانے کی منظوری دی گئی تھی۔ پریتی نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے بھارتی حکومت سے بھی اسی طرح کا قانون لانے کا مطالبہ کیا۔ مائیکرو بلاگنگ پلیٹ فارم ایکس پر اپنے پیغام میں پریتی کا کہنا تھا کہ یہ ایک عمدہ اقدام ہے۔ امید ہے کہ بھارتی حکومت بھی کبھی نا کبھی اس طرح کا اقدام کرے۔

پشپا 2 کی اسکریننگ کے دوران زخمی ہونے والا بچہ دماغی طور پر مردہ قرار

ممبئی (این این آئی) جنوبی بھارتی فلم انڈسٹری کے معروف اداکار الو ارجن کی حال ہی میں ریلیز ہونے والی فلم 'پشپا 2' کے پریمیئر کے دوران بھگدڑ مچنے کے باعث زخمی ہونے والے 9 سالہ بچے کو دماغی طور پر مردہ قرار دے دیا گیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق حیدرآباد کے پولیس کمشنر نے اس 9 سالہ بچے، سری تیج کی رپورٹس جاری کی ہیں، جن میں کہا گیا ہے کہ بھگدڑ کے دوران آکسیجن کی کمی کے باعث اس کے دماغ کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ تلنگانہ کی ہیلتھ سیکریٹری ڈاکٹر کرسٹینا کا کہنا ہے کہ بچے کی حالت پر گہری نظر رکھی جا رہی ہے، اور صحت یابی کی امید ابھی باقی ہے، بچہ وینٹی لیٹر پر زیرِ علاج ہے۔

لڑکوں کی ماؤں کو بہو صرف پتلی، لمبی اور گوری چاہیے، آمنہ ملک

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی اداکارہ و میزبان آمنہ ملک نے ایک پوڈ کاسٹ میں شادی کے لیے رشتے تلاش کرنے کے دوران درپیش مسائل اور معاشرتی توقعات کے بارے میں گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ اگر لڑکیوں کو شادی سے پہلے ضرورت سے زیادہ آزادی اور سہولیات دی جائیں تو انہیں شادی کے بعد دوسرے گھر میں ایڈجسٹ ہونے میں مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ آمنہ ملک نے یہ بھی کہا کہ آج کل لڑکیاں دیر سے شادیاں کر رہی ہیں اور لڑکے اور لڑکی دونوں ہی اپنی تسلی کے لیے شادی سے پہلے آپس میں بات چیت کو ضروری سمجھتے ہیں۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ موجودہ دور میں لڑکے اور لڑکیاں اپنے شریک حیات میں مکمل پرفیکشن کی تلاش کرتے ہیں، جو کہ غیر حقیقت پسندانہ خواہش ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ زندگی میں انسان کو ہر چیز نہیں مل سکتی۔ آمنہ ملک نے لڑکوں کی ماؤں کی غیر ضروری فرمائشوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ بہو پتلی، لمبی اور گوری ہو، مگر کسی ایک انسان میں یہ تمام خصوصیات نہیں ہوسکتیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اگر لڑکی شادی کے بعد موٹی ہو جائے تو کیا اسے چھوڑ دیا جائے گا؟ انہوں نے مزید کہا کہ لڑکوں کی مائیں جب ایسی لڑکیوں کے رشتے کے لیے جاتی ہیں جو بیرونِ ملک سے تعلیم یافتہ ہوں۔

ایشوریا رائے کی پاکستانی ہمشکل خاتون کی تصاویر وائرل

کنول کی آنکھیں، کان، ناک یہاں تک کہ آواز بھی ایشوریا رائے سے ملتی ہے

کراچی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ ایشوریا رائے کی ہمشکل پاکستانی خاتون کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستانی خاتون کنول چیمہ نے ایشوریا رائے سے حیرت انگیز مشابہت کی وجہ سے سوشل میڈیا صارفین کی توجہ حاصل کرلی ہے۔ کنول کی آنکھیں، کان، ناک یہاں تک کہ آواز بھی ایشوریا رائے سے ملتی ہے۔ تاہم کنول چیمہ کو ایشوریا رائے سے مسلسل موازنہ کرنا مایوسی کا باعث لگتا ہے اور وہ اکثر اس ہمشکل قرار دیے جانے پر ناراض ہوتی ہیں پھر بھی سوشل میڈیا صارفین انہیں اسی کا حوالہ دیتے ہیں۔ پاکستانی خاتون کا کیریئر ایشوریا رائے سے بالکل مختلف ہے اور انہوں نے خود کو ممتاز کاروباری خاتون کے طور پر خود کو منوایا ہے۔ کنول چیمہ نے 200 بلین امریکی ڈالر کی کمپنی میں اپنی منافع بخش پوزیشن کو چھوڑ کر اپنا اسٹارٹ اپ مائی امپیکٹ میٹر (ایم آئی ایم) شروع کرنے کا جرات مندانہ فیصلہ کیا، ایک ڈیجیٹل پلیٹ فارم جس کا مقصد غربت کو دور کرنا ہے۔ وہ مائی امپیکٹ میٹر کی بانی اور سی ای او ہیں۔ یہ کمپنی ایک آن لائن پلیٹ فارم ہے جو شفاف، قابل اعتماد، اور مساوی عطیہ کی منتقلی کو یقینی بنانے کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال کرتی ہے اور یہ چیریٹی اور سماجی اثرات کو ڈیجیٹل کرنے کے خیال پر مبنی تھی۔

مکیش کھنہ کو سوناکشی سنہا پر تنقید مہنگی پڑ گئی، اداکارہ سے معذرت کرنا پڑی

ممبئی (این این آئی) بھارتی ٹیلیوژن شو شکتی مان کے تخلیق کار مکیش کھنہ کو سوناکشی سنہا پر تنقید مہنگی پڑ گئی، اداکارہ سے معذرت کرنا پڑی۔ بالی ووڈ اداکارہ سوناکشی سنہا کے کون بنے گا کروڑ پتی کے سیزن 11 میں شرکت کے موقع پر انہیں کوہ ہمالیہ میں پیدا ہونے والے سنجیوانی بوٹی کے بارے میں جواب نہ دینے اور لائف لائن لینے پر مکیش کھنہ نے ان پر تنقید کی تھی۔ تاہم اس معاملے پر صورتحال اس وقت کشیدہ ہوئی جب سوناکشی نے اپنے انسٹاگرام پر مکیش کھنہ کو معافی کی خوبیوں کے بارے میں یاد دلایا۔ بعد ازاں سوناکشی کے والد شتروگھن سنہا نے اپنی بیٹی کا دفاع کرتے ہوئے کہا تھا کہ مجھے اپنے تینوں بچوں پر فخر ہے، سوناکشی اپنی کوششوں سے اسٹار بنی، میں نے کبھی بھی اسکے کیریئر کو آگے بڑھانے کے لیے کچھ نہیں کیا، وہ کسی بھی باپ کے لیے قابل فخر بیٹی ہے۔ مذہب کے بارے میں کسی سوال کا جواب نہ دینا اسے ایک اچھی ہندو ہونے سے نا اہل قرار نہیں دیتا اور اسے کسی سے بھی اس حوالے سے کسی سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں۔ سوناکشی اور انکے والد کے ردعمل کا جواب دیتے مکیش کھنہ نے دعویٰ کیا کہ وہ تو صرف آج کی جنرل زیڈ جنریشن کو ایجوکیٹ کرنے کی کوشش کر رہے تھے، انکے مطابق یہ جنریشن گوگل اور وکی پیڈیا کے جنون میں مبتلا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ سوناکشی کی کے بی سی میں شرکت ہم سب کے تعلیم و تربیت کا لمحہ تھا۔ مکیش کھنہ نے دعویٰ کیا کہ انھیں اس بات پر حیرت ہوئی کہ سوناکشی نے انکے اعتراض کا جواب بہت دیر بعد دیا۔ مکیش کھنہ کی جانب سے معذرت پر انٹرنیٹ صارفین نے اسے نیم دلی پر مبنی قرار دیا اور کہا کہ وہ دراصل معافی مانگنا نہیں چاہتے تھے بلکہ وہ تو لوگوں کی توجہ حاصل کرنے اور خبروں میں رہنے کے لیے یہ سب کچھ کر رہے تھے۔ ایک اور صارف نے کہا کہ میں اس وقت کو مس کرتا ہوں جب یہ موصوف خبروں میں نہیں تھے، دوسروں نے بھی اسی قسم کے کمنٹس کیے۔ ایک نیٹ یوزر کا کہنا تھا کہ خود کو خبروں میں رکھنے کی کوشش میں انھوں نے وہ عزت بھی کھو دی جو کبھی انھیں حاصل تھی۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

وزیراعظم فوری مداخلت کرکے پیٹرولیم انڈسٹری کو تباہی سے بچائیں: آئل مارکیٹنگ ایسوسی ایشن

پیٹرول کی درآمدات سے متعلق نقصانات نے کمپنیوں کو ناقابل برداشت مالی بحران میں مبتلا کر رکھا ہے، چیئرمین آئل مارکیٹنگ ایسوسی ایشن

لاہور (شہروز میاں سے) آئل مارکیٹنگ ایسوسی ایشن آف پاکستان نے وزیراعظم شہباز شریف سے اپیل کی ہے کہ وہ پیٹرولیم انڈسٹری کو تباہی سے بچانے کے لئے فوری مداخلت کریں۔ اس حوالے سے چیئرمین آئل مارکیٹنگ ایسوسی ایشن طارق وزیر علی نے وزیراعظم پاکستان شہباز شریف کو خط بھی لکھا۔ خط میں طارق وزیر نے پٹرولیم انڈسٹری کو درپیش چیلنجز کی نشاندہی کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کا بنیادی ستون ہونے کے باوجود، پیٹرولیم انڈسٹری مسلسل حل طلب مسائل کی وجہ سے تباہی کے دہانے پر کھڑی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان مسائل کو نظرانداز کرنے سے آئل مارکیٹنگ کمپنیاں شدید بحران کا شکار ہیں۔ ایسی نئی کمپنیاں جو جدت کو فروغ دیتی ہیں وہ اس صورتحال میں شدید متاثر ہیں۔ طارق وزیر علی نے وزیراعظم شہباز شریف سے فوری ملاقات کا بھی مطالبہ کیا تاکہ ان مسائل کے حل کے لیے تفصیلی تجاویز پیش کی جاسکیں اور مل کر مسائل کا حل تلاش کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا، 'پیٹرولیم انڈسٹری پاکستان کی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، اور اس کی تباہی ملک کی توانائی کی سیکیورٹی اور معاشی استحکام کے لیے تباہ کن ہوگی۔ طارق وزیر علی نے مزید کہا کہ متعدد بار مسائل پر آواز اٹھانے کے باوجود، آئل مارکیٹنگ کمپنیز کے مارجن کی نظر ثانی کا مسئلہ طویل عرصے سے حل طلب ہے تاکہ آئل مارکیٹنگ کمپنیز کی مالی حالت بہتر ہوسکے۔ زیرو ریٹڈ سیلز ٹیکس پالیسی کی وجہ سے پٹرولیم انڈسٹری کے 65 ارب روپے کے فنڈز ابھی تک ادا نہیں ہوسکے۔ یہ ادائیگی چھوٹی اور نئی کمپنیوں کو ہونے جنہیں آپریشن جاری رکھنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ غیر ملکی زرمبادلہ کے نقصانات کی وصولی کے حوالے سے چیئرمین آئل مارکیٹنگ ایسوسی ایشن کا کہنا تھا کہ پیٹرول کی درآمدات سے متعلق نقصانات نے کمپنیوں کو ناقابل برداشت مالی بحران میں مبتلا کر رکھا ہے۔ ان مسائل کو حل کرنے میں وزارت توانائی اور اوگرا انڈسٹری کے بقا کے لیے خطرہ بن چکے ہیں۔

شرقپور شریف میں شیر ربانی بلڈنگ میٹریل سٹور کا شاندار افتتاح

جرنلسٹ پریس کلب کے گروپ لیڈر ملک جاوید اقبال، صدر عامر مجید نوشاہی، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر محمد شہباز و دیگر کی شرکت

شرقپور شریف (نامہ نگار) شرقپور شریف میں شیر ربانی بلڈنگ میٹریل سٹور کا شاندار افتتاح۔ شرقپور شریف لاہور روڈ نزد فقیر ڈیرہ، سونا سنٹر کے ساتھ شیر ربانی بلڈنگ میٹریل سٹور کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں مہمان خصوصی کے طور پر جرنلسٹ پریس کلب کے گروپ لیڈر ملک جاوید اقبال، صدر عامر مجید نوشاہی، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر محمد شہباز، ذیشان حسین بلا و دیگر عہدیداران اور پنوں فیشن شاپ کے سی سی او حاجی منظور احمد، حافظ ظہور احمد و دیگر معززین علاقہ نے شرکت کی۔ شرکاء نے نئے کاروبار کے آغاز پر نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور شیر ربانی بلڈنگ میٹریل سٹور کے مالک سیٹھ خلیل احمد شرقپوری کو مبارکباد پیش کی۔ شیر ربانی بلڈنگ میٹریل سٹور پر ہر قسم اور ہر سائز کے بانس، بانس کی سیڑھی، مورے، کانے کی چق، سرکی، اور دیگر تعمیراتی سامان ہول سیل ریٹ پر دستیاب ہے۔ خلیل احمد شرقپوری کا کہنا تھا کہ وہ معیاری اور سستی قیمتوں پر سامان فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے عوام کو ہم مال لاہور سے کم ریٹ پر دے گے تاکہ عوام کو بہتر سہولت دی جاسکے۔

پنجاب سوشو اکنامک رجسٹری: شہریوں کی رجسٹریشن کا دوبارہ آغاز کردیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب سوشو اکنامک رجسٹری کے تحت شہریوں کی رجسٹریشن کا دوبارہ آغاز کردیا گیا ہے، جس کے تحت یونین کونسل میں رجسٹریشن ڈیسک بنادیئے گئے ہیں جہاں سیکرٹری یونین کونسل شہریوں کی رجسٹریشن کریں گے۔ شہری رمضان پیکج اور گورنمنٹ کی دیگر سبسڈیز سے مستفید ہونے کے لئے رجسٹریشن کرائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے اجلاس کی صدارت کی اور محکمہ لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ کو عوامی آگاہی لئے اقدامات کی ہدایت کی، اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رانا محمد عمر، اسسٹنٹ کمشنرز، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ غلام شبیر چھچھوی او ایم سیز، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر و دیگر افسران موجود تھے۔

ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او راشد ہدایت کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس

کرسمس کے موقع پر مسیحی برادری کو فول پروف سکیورٹی فراہم کی جائے گی، ڈپٹی کمشنر



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید اور ڈی پی او راشد ہدایت کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس۔ اس موقع پر ممبر صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر، ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری جاوید علاؤالدین، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ عمر طیب تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، متعلقہ اداروں کے افسران علمائے کرام، کرسچن کمیونٹی کے نمائندوں سمیت دیگر سٹیک ہولڈرز بھی موجود تھے، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید اور ڈی پی او راشد ہدایت نے کرسمس کے موقع پر موثر انتظامات اور سیکورٹی بارے بریفنگ دی، علمائے کرام نے کرسمس کے موقع پر نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امن و امان کے فروغ پر زور دیا، کرسچن کمیونٹی کے نمائندوں نے کرسمس کے موقع پر کرسمس بازاروں کے قیام اور گرجا گھروں کی فول پروف سیکورٹی کی فراہمی کے لیے گذارشات پیش کیں، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید اور ڈی پی او نے کرسمس کے موقع پر کرسچن کمیونٹی کو مثالی اقدامات کی یقین دہانی کروائی، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ بھائی چارے کی فضا قائم کرنے کے لیے اتحاد بین المذاہب کا فروغ اہم ضرورت ہے، اقلیتوں سے مذہبی ہم آہنگی اسلام کی تعلیمات میں شامل ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب کرسمس کے موقع پر کرسچن کمیونٹی کے لیے بہترین انتظامات کی خواہاں ہیں۔

ضلعی انتظامیہ اور پولیس کرسمس اور قائداعظم ڈے پر مثالی اقدامات کے لیے پرعزم ہے، ڈپٹی کمشنر

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ضلعی انتظامیہ اور پولیس کرسمس اور قائداعظم ڈے پر مثالی اقدامات کے لیے پرعزم۔ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید اور ڈی پی او راشد ہدایت کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس۔ اجلاس میں ممبر صوبائی اسمبلی میاں محمد منیر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ عمر طیب تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، متعلقہ اداروں کے افسران، علمائے کرام، کرسچن کمیونٹی کے نمائندوں سمیت دیگر سٹیک ہولڈرز کی شرکت۔ ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید اور ڈی پی او راشد ہدایت کی کرسمس کے موقع پر موثر انتظامات اور سیکورٹی بارے بریفنگ۔ علمائے کرام نے کرسمس کے موقع پر نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امن و امان کے فروغ پر زور دیا۔

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز ایلیمنٹری صاحب عالم کا سرپرائز وزٹ

طلباء سے میتھ انگلش اور جنرل نالج کے سوالات پوچھے۔ طلباء کی کاپیاں باقاعدہ چیک کیں

حافظ آباد (رانا طارق محمود) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز ایلیمنٹری صاحب عالم کا سرپرائز وزٹ گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول نمبر 8 حافظ آباد ہوا۔ صاحب عالم ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز ایلیمنٹری نے مختلف کلاسوں کا وزٹ کیا۔ طلباء سے میتھ انگلش اور جنرل نالج کے سوالات پوچھے۔ طلباء کی کاپیاں باقاعدہ چیک کیں۔ ہیڈ ماسٹر امیر حمزہ کو ہدایات کیں کہ ٹیچرز روزانہ کے اعتبار سے باقاعدہ لیسن پلان تیار کریں اور اساتذہ کو ہدایات جاری کیں کہ ہم نے مل کر چیف ایگزیکٹو آفیسر میڈم نازیہ شہزادی اور ڈپٹی کمشنر حافظ آباد جناب عبد الرزاق کی ہدایات پر وزیر اعلیٰ مریم نواز کے ویژن پر کوالٹی آف ایجوکیشن اور کوانٹیٹی آف ایجوکیشن کو آگے بڑھانا ہے اور اس پر کس بھی قسم کا کوئی کمپرومائز نہیں کیا جائے گا۔ وقت کی پابندی اور طلبہ ہمارے لیے اہم ہیں کیوں کہ یہی پاکستان کا روشن مستقبل ہیں۔

وفاقی وزیر تجارت جام کمال کا سیالکوٹ چیمبر آف کامرس میں بزنس کمیونٹی سے خطاب

صدر ایوان صنعت وتجارت اکرام الحق نے خطبہ استقبالیہ دیا

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) بزنس کمیونٹی کو سہولت دینے کیلئے درست انداز میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ بزنس کمیونٹی کے مسائل سن رہے ہیں اور ان کے حل کیلئے اکنامک پوائنٹ آف ویو سے حل کر رہے ہیں۔ ایف بی آر، کامرس اور ای بیس بزنس کیلئے قانون سازی کا مقصد معیشت کو پیروں پر کھڑا کرنا ہے۔ ای ڈی ایف، کا ڈھانچے پر سوالیہ نشان ہے۔ ای ڈی ایف کیلئے پروپوزل بنا رہے ہیں اس کو ری اسٹرکچر کریں گے۔ اس سلسلہ میں ایئر پورٹ اور سولر سسٹم میں درخواستیں موصول کر رہے ہیں۔ سیالکوٹ میں ایکسپو سنٹر بنائیں گے۔ ٹی ڈیپ اور منسٹری آف کامرس کا ڈیسک ایکسپو سنٹر میں ہوگا۔ ٹی ڈیپ بھی ادارہ ختم ہوچکا ہے اس کو بھی ریوائز کرنے جارہے ہیں۔ نیشنل کمپلائنس کا دو تین سال سے بندہ ہی نہیں لگا۔ اکثر دوسرے ملکوں میں فیلڈ آفیسرز کو لمز کی ٹریننگ کے بعد اپوائنٹ کیا گیا ان کو کے پی ایز دیئے ہیں۔ ان کی کارکردگی کو ماپنے کیلئے پورٹل بنا رہے ہیں۔ ٹریڈ آفیسر نے بزنس کو سپورٹ کرنا ہے۔

16 دسمبر ہماری قومی تاریخ کا وہ المناک دن ہے، مولانا پیر بدر عالم چنیوٹی

ہمیں بحیثیت قوم سبق سیکھنا ہوگا بصورت ایسے سانحات کا رکنا محال ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی سیکرٹری انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ مولانا قاری محمد رفیق نفیسی صاحبزادہ مولانا پیر بدر عالم چنیوٹی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ 16 دسمبر ہماری قومی تاریخ کا وہ المناک دن ہے جس سے ہمیں بحیثیت قوم سبق سیکھنا ہوگا بصورت ایسے سانحات کا رکنا محال ہے، سانحہ مشرقی پاکستان ہو یا سانحہ اے پی ایس ہمیں اپنی غلطیوں کو نظرانداز نہیں کرنا بلکہ اس سے سبق سیکھ کر قومی یکجہتی ووحدت کا عملی کردار اپنانا ہوگا تاکہ آئندہ ملک وقوم کو خدانخواستہ ایسے خونی دلخراش دن دیکھنا نصیب نا ہوں، انہوں نے کہا کہ سقوط ڈھاکہ وسانحہ اے پی ایس بحیثیت قوم ہمارے لئے وہ نشان اور یادیں ہیں جن کو یاد کر کے آج بھی ہمارا کلیجہ منہ کو آتا ہے آج بھی وطن عزیز کی داخلی خارجی معاشی صورتحال دگرگوں ہے، ان حالات میں ملک وقوم کے مفاد میں ہے کہ اختلافات کو دشمنی نا بنائیں اور اس کو کم سے کم کیا جائے، قومی یکجہتی کو فروغ دیا جائے اور مل جل کر ملک وقوم کو گرداب سے نکالنے کی کوشش کی جائے، نیشنل ایکشن پلان پر من وعن عمل کیا جائے، ہوس اقتدار کی بجائے ملک وقوم کی بے لوث خدمت کو ترجیح دی جائے، فضول بیان بازی کی بجائے ملکی وحدت کیلئے قومی یکجہتی کا عملی ثبوت دیا جائے، معاشی ترقی خوش حالی استحکام امن وامان کے قیام کیلئے ہر ادارے اور فرد کو انفرادی واجتماعی کردار ادا کرنا ہوگا۔

ایپکا متحدہ محاذ آفس کی اوکاڑہ چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن کے آفس سے ریلی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ چیف ایگزیکٹو افیسر ایجوکیشن کے افس سے ریلی۔ اوکاڑہ ایپکا اور متحدہ محاذ اساتذہ کے زیراہتمام احتجاجی ریلی۔ کلرکس اور اساتذہ کی کثیر تعداد نے احتجاجی ریلی میں شرکت کی۔ ملازمین لیو انکیشمنٹ۔ گریجویٹی اور پینشن میں 40 فیصد کٹوتیاں مسترد کرتے ہیں۔ دوران سروس فوت ہوجانے والے اہلکاروں کے بچوں کو سروس کے حق سے محروم کرنے کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ احتجاجی ریلی دفتر سی ای او ایجوکیشن سے ڈپٹی کمشنر افس تک ایا۔ ریلی کے شرکاء نے حکومت مخالف بینرز اور کتبے اٹھا رکھے تھے۔ حکومت کے خلاف ریلی میں نعرہ بازی کی گئی۔

انتقال پر ملال

حافظ آباد (رانا آصف) معروف شاعر طارق محمود سکندر اور امجد فاروق کے والد محترم، ڈسٹرکٹ پریس کلب کے فنانس سیکرٹری محمد اعظم گوندل کے تایا جان عبدالغنی کالیکی منڈی میں وفات پاگئے۔ مرحوم کو ان کے آبائی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحوم کے رسم قل کل بعد نماز جمعہ کالیکی منڈی میں ہوں گے۔

عوامی شکایات ومسائل کے حل اور فوری انصاف کی فراہمی کا مشن: ڈی پی او ساہیوال کی مختلف مقامات پر کھلی کچہریاں

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) عوامی شکایات ومسائل کے حل اور فوری انصاف کی فراہمی کا مشن، ڈی پی او ساہیوال ساہیوال سرکل میں مختلف مقامات پر کھلی کچہریاں ساہیوال پولیس عوامی شکایات ومسائل کے حل اور فوری انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد نے ARP چرچ کربلا روڈ علاقہ تھانہ فتح شیر اور چک نمبر GD/56 علاقہ تھانہ بہادر شاہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جہاں شہریوں نے مختلف نوعیت کی شکایات ومسائل سے ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کو آگاہ کیا جن کے حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے گئے۔

سائنس ایجوکیشن قوموں کی ترقی اور جدید دور کی بڑی ضرورت بن چکی، ڈپٹی کمشنر شاہد محمود

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا ہے کہ سائنس ایجوکیشن قوموں کی ترقی اور جدید دور کی بڑی ضرورت بن چکی ہے۔ ہمیں نئی نسل کو سائنس کی طرف متوجہ کرنے کے لئے سائنس ایجوکیشن پر توجہ دینا ہوگی۔ وہ یہاں کمپری ہنسو سکول و کالج میں سائنس انجینیئرنگ، آرٹ اور میتھ (سٹیم) کی نمائش اور مقابلوں کے پوزیشن ہولڈرز میں انعامات تقسیم کر رہے تھے۔ تقریب کا اہتمام سی ای او ایجوکیشن گلزار احمد بھٹی کی سرپرستی اور ڈی ای او سیکنڈری خادم حسین موہل کی نگرانی میں کیا گیا تھا۔ اس موقع پر پرنسپل شاہد ارشاد رامے اور ڈپٹی ڈی ای او ملک شفیق اعوان سمیت اساتذہ اور والدین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ تعلیم نے بچوں کو پریکٹیکلی پرفارم کرنے کے مواقع فراہم کئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے طلبا کی تخلیقی صلاحیتوں کو سراہا اور انہیں شاباش دی۔ سی ای او ایجوکیشن گلزار احمد بھٹی نے بتایا کہ پنجاب حکومت کی ہدایت پر ضلع کے سکولوں میں سائنس ایگزیبیشنز کا انعقاد کرایا گیا جس میں طلباء و طالبات نے مختلف ماڈلز بنا کر اپنی صلاحیتوں کا عملی مظاہرہ کیا۔

نیشنل کونسل فارطب کے زیر اہتمام تقریب کا اہتمام

سرگودھا سمیت پاکستان بھر سے طب سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی

سرگودھا (عبدالمنان چودری سے) نیشنل کونسل فارطب کے زیر اہتمام میں اسلام آباد کے مقامی ہوٹل میں تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں سرگودھا سمیت پاکستان بھر سے طب سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی جس میں نیشنل کونسل فارطب کے سالانہ امتحان 2023 کی پہلی، دوسری، تیسری اور چوتھی پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء میں بالترتیب گولڈ، سلور اور براؤن میڈلز کی تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں پروفیسر حکیم منصور العزیز مرکزی سیکریٹری جنرل پاکستان طبی کانفرنس، اراکین نیشنل کونسل فارطب حکیم مختار احمد برکاتی، حکیم مولانا محمد اکبر درس، حکیم ڈاکٹر محمد آصف اقبال، حکیم عبدالواحد شمسی حکیم حافظ فرید یونس، حکیم ضیاء اللہ فتح گڑھی، حکیم شہزاد جاوید، محترمہ ڈاکٹر حلیمہ نذر، حکیم ذوالفقار علی ملک، کوارڈینیٹر ال پاکستان طبیہ کالجز جائنٹ ایکشن کمیٹی جناب حکیم نسیم احمد قاسمی اور طبیہ کالجز کے پرنسپل صاحبان نے شرکت کی۔ صدر نیشنل کونسل فارطب حکیم محمد احمد سلیمی نے خطاب کرتے ہوئے طلباء کو مبارک باد دی اور نصیحت کی کہ یہ طلباء اپنے اس میڈل کے تقدس کا خیال کرتے ہوئے طب یونانی کے ذریعے ملکی مسئلہ صحت حل کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

تحریک لبیک پاکستان ملک میں نظام مصطفی کا نفاذ چاہتی ہے، چوہدری نصر ججہ

ضلعی تنظیم تحریک لبیک پاکستان مرکز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے علامہ محمد یعقوب رضوی

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ضلعی امیر تحریک لبیک پاکستان چوہدری نصیر احمد ججہ اور ضلعی ناظم اعلیٰ علامہ محمد یعقوب رضوی نے کہا ہے کہ تحریک لبیک پاکستان ملک میں نظام مصطفی کا نفاذ چاہتی ہے اور اس مقصد کیلئے ضلعی تنظیم تحریک لبیک پاکستان مرکز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے لہٰذا عوام کو چاہئے کہ وہ پکے سچے مسلمان ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے تحریک لبیک پاکستان کی نظام مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے نفاذ کیلئے کی جانیوالی جدوجہد میں بھرپور حصہ لیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز تحریک لبیک پاکستان کے ضلعی سیکرٹریٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک وقوم کے زوال کی سب سے بنیادی وجہ ہی کلمہ طیبہ کے نام پر معرض وجود میں آنیوالے ملک میں نظام مصطفی کا نفاذ نہ ہونا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک مسلمان نظام مصطفی پر حقیقی معنوں میں عمل پیرا رہے تب تک مسلمانوں نے پوری دنیا پر حکمرانی کی انہوں نے کہا کہ وطن عزیز پاکستان میں موجودہ نافذ نظام سودی نظام ہے جو کہ سراسر اللہ رب العزت اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کے منافی ہے جب کہ ملک سے سودی نظام کا خاتمہ اور نظام مصطفی کا عملی طور پر نفاذ نہیں ہوگا۔

ٹریفک قوانین کی پاسداری مہذب قوم کا شعار ہوتی ہے،

عدنان قاسم واہلہ DSP ٹریفک صدر سرکل سیالکوٹ

ڈی ایس پی ٹریفک صدر سرکل سیالکوٹ عدنان قاسم واہلہ نے ٹریفک ایجوکیشن ونگ سیالکوٹ کے ہمراہ ہمالیہ گرلز کالج کلووال سیالکوٹ میں روڈ سیفٹی اور ٹریفک آگاہی کی بابت منعقد کردہ سیمینار سے خطاب کیا۔ انہوں نے سیمینار کے شرکاء کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ دھند میں فوگ لائٹ کا استعمال کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے سفر پر جانے سے پہلے گاڑی کی لائٹس و انڈیکیٹر درست حالت میں ہیں۔ سڑک پر اپنی لین میں رہیں بار بار اپنی لین تبدیل نہ کریں۔ کسی بھی صورت تیز رفتاری یا غلط اوور ٹیکنگ نہ کریں کیونکہ یہ کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہے۔ گاڑی میں کسی بھی قسم کی فنی خرابی یا پھر ایکسیڈنٹ کی صورت میں فوری طور پر گاڑی کو روڈ کی سائیڈ پر کھڑی کریں تاکہ پیچھے سے آنیوالی گاڑیاں نہ ٹکرائیں۔ آپ کی محفوظ ڈرائیورنگ سے حادثات میں کمی ممکن ہے۔ بعدازاں DSP ٹریفک نے ڈرائیورز کے مسائل سنے اور ان کے حل کروانے کی یقین دہانی کروائی۔ انہوں نے خاص طور پر ناجائز تجاوزات کو فوری ختم کرنے کے بارے بھی کہا۔

CRIME & COURT

جرم وسزا

تھانہ حویلی لکھا اور سی آئی اے دیپالپور: 4 افراد سے شراب برآمد

پولیس نے شراب تیار کرنے والی منی فیکٹری پر چھاپہ مار کر 40 لیٹر شراب پکڑلی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ حویلی لکھا اور سی آئی اے دیپالپور پولیس نے چھاپہ مار کر چار افراد سے بھاری مقدار میں شراب، لہن اور چالو بھٹی برآمد کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر دیپالپور اور سی آئی اے دیپالپور پولیس نے نواحی قصبہ رنگیل پور میں شراب تیار کرنے والی منی فیکٹری پر چھاپہ مار کر 40 لیٹر شراب 200 لیٹر لہن اور چالو بھٹی برآمد کر کے منور حسین ولد محمد طفیل کو گرفتار کرلیا ہے۔ دوسرے واقعہ میں پولیس تھانہ حویلی لکھا نے نواحی قصبہ چھال مولہر چشتی میں واقع شراب تیار کرنے والی منی فیکٹری پر چھاپہ مار کر 50 لیٹر شراب 150 لیٹر لہن اور چالو بھٹی برآمد کر کے ذاکر حسین ولد محمد شریف کو گرفتار کرلیا جبکہ ساجد ولد رفیق بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئے تیسرے واقع میں تھانہ حویلی لکھا پولیس نے چھاپہ مار کر نواحی قصبہ نکی مانیکی کے رہائشی محمد عاشق ولد محمد حنیف سے 30 لیٹر شراب اور نواحی آبادی تربت شاہ کے رہائشی محمد خاں ولد غلام محمد سے 25 لیٹر شراب برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لئے ہیں۔

یونان کشتی حادثہ نے ایک بار پھر ڈسکہ کی فضاء سوگوار کردی

کشتی حادثہ میں ایک نوجوان جاں بحق ایک لاپتہ اور 5 کو ریسکیو کرلیا گیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) یونان کشتی حادثہ نے ایک بار پھر ڈسکہ کی فضاء سوگوار کردی کشتی حادثہ میں ایک نوجوان جاں بحق ایک لاپتہ اور 5 کو ریسکیو کر لیا گیا موضع کوریکی کا عبداللہ ظفر یونان کشتی حادثہ میں جاں بحق ہوگیا جس کے اہل خانہ نے اس کے جاں بحق ہونے کی تصدیق کردی جبکہ محمد قاسم تاحال لاپتہ ہے اور اس کی بیوہ ماں غم سے نڈھال بیٹے کی راہ تک رہی ہے ماں نے حکومت سے بیٹے کی خیریت کی اطلاع کی اپیل کردی کوریکی کے رہائشی دو اور نوجوان ثقلین اور یاسین بھی اس سفر پر روانہ ہوئے جو اس وقت لیبیا میں گرفتار ہیں یونان کشتی حادثہ میں تحصیل ڈسکہ سے تعلق رکھنے والے پانچ افراد کو ریسکیو کرلیا گیا ہے جن میں تین موضع ڈوگری ایک تلہاڑا اور ایک بھگت پور کا رہائشی ہے لاپتہ ہونے والوں کے اہل خانہ غم سے نڈھال اور خیریت کی اطلاع کے منتظر ہیں

ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر کی تھانہ حاجی پورہ میں کھلی کچہری

پولیس افسران، ایس ایچ اوز اور چوکی انچارج ہائے کو بھی کلیدی کردار ادا کرنا ہے



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر کی تھانہ حاجی پورہ میں کھلی کچہری شہریوں کی درخواستوں پر قانونی کاروائی عمل میں لانے کا حکم شہریوں کی شکایات کا ازالہ کیا جائے ڈی پی او رانا عمر نے اس حوالہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پنجاب اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی پبلک آؤٹ ریچ پالیسی کے تحت عوام الناس کو تیز ترین انصاف کی فراہمی کے لیے تھانہ حاجی پورہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا اسی طرح ضلع بھر کے تمام تھانوں کے مختلف علاقوں میں جا کر کھلی کچہری لگانے کا مقصد عوام کو تیز ترین اور گھر کے نزدیک ترین میرٹ اور انصاف کی فراہمی مشن کے طور پہ کام کرتا رہوں گا جس کے لیے پولیس افسران، ایس ایچ اوز اور چوکی انچارج ہائے کو بھی کلیدی کردار ادا کرنا ہے، اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ حاجی پورہ نعمان احمد بٹر کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ تھانہ میں شہریوں کے ساتھ بہت اچھے اخلاق سے پیش اتے ہیں اور محنتی آفیسر ہیں اے ایس ائی عبدالخالق اے ایس ائی سجاد محرر تھانہ حاجی پورہ جاوید و دیگر پولیس افسران بھی موجود تھے اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ حاجی پورہ انسپکٹر نعمان احمد بٹر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ میری ذمہ داری ہے کہ عوام کی خدمت کروں میرا مشن جاری رہے گا میں اپنی تعیناتی کے دوران کسی کے ساتھ بھی زیادتی نہیں ہونے دوں گا جرائم پیشہ عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹنا میرا مشن ہے میرا ایک اصول ہے کہ غریب کو چھیڑنا نہیں ہے اور ظالم کو چھوڑنا نہیں ہے قانون سے کوئی بالاتر نہیں ہے۔

اغوا کے دو مختلف واقعات میں شادی شدہ خاتون اور نوجوان اغوا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اغوا کے دو مختلف واقعات میں شادی شدہ خاتون اور نوجوان اغوا تھانہ صدر کے علاقہ جیسروالہ کے طاہر کی شادی شدہ بہن کو ملزمہ نیلم اپنا گھر دکھانے کے بہانے لے گئی اور واپس نہ آئی اس نے تلاش شروع کی تو اس کو معلوم ہوا کہ اس کی ہمشیرہ کو نیلم اور اسکے خاوند بوٹا نے اغوا کرلیا ہے جبکہ ڈسکہ کے نازک کا بیٹا گھر سے سسرال جانے کیلئے نکلا جو نہ پہنچا اس نے تلاش شروع کی تو اس کو معلوم ہوا کہ اس کے بیٹے کو نامعلوم ملزمان اغوا کرکے لے گئے ہیں پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

تھانہ سٹی اے ڈویژن پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے آٹھ رکنی ڈکیت گینگ گرفتار کرلیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او بلال ظفر شیخ کی ہدایت پر تھانہ سٹی اے ڈویژن پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے آٹھ رکنی ڈکیت گینگ کو گرفتار کرلیا یہ ڈکیت گینگ لاہور سرگودھا روڈ پر ہونے والی درجنوں وارداتوں میں مطلوب تھا جس کے ارکان کی گرفتاری کے لیے اے ایس آئی وحید ڈوگر کی سربراہی میں پولیس پارٹی تشکیل دی گئی جس نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے اٹھ رکنی ڈکیت گینگ کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے چار موٹر سائیکلیں لاکھوں روپے نقدی اور دیگر قیمتی سامان سمیت اسلحہ برامد کرلیا پولیس نے ملزمان کا ریمانڈ حاصل کر کے تفتیش شروع کر دی ہے جس میں مزید وارداتوں کے انکشاف کا بھی امکان ہے ڈی پی او شیخوپورہ نے اس کاروائی پر وحید ڈوگر اور دیگر پولیس اہلکاروں کو شاباش دی ہے۔

ایس ایچ او ثمر عباس ڈوگر کو بہترین کارکردگی کی بنا پر تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام دیدیا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے تھانہ صدر مرید کے کہ ایس ایچ او ثمر عباس ڈوگر کو بہترین کارکردگی کی بنا پر تعریفی سرٹیفکیٹ اور نقد انعام دیا ہے ڈی پی او نے امید ظاہر کی کہ وہ اسندہ بھی اسی طرح اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے اور جرائم کے خاتمہ کے لیے کاروائیاں کرتے سمیت علاقہ کو امن کا گہوارہ یقینی بنائیں گے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سردار ثمر عباس ڈوگر نے کہا کہ پولیس عوام کے جان و مال کا تحفظ کرنے کی ذمہ داری انجام دے رہی ہے جرائم پیشہ افراد کو ازاد نہیں چھوڑا جائے گا عوام کو تحفظ اور انصاف فراہم کریں گے شہریوں اور پولیس کے درمیان فاصلوں کو ختم کر دیا گیا ہے جرائم کے خاتمہ کی جدوجہد میں ہمیں ڈی پی او بلال سفر شیخ کی قیادت میں بھرپور کامیابیاں مل رہی ہیں۔

قادرآباد: 30 لاکھ سے زائد کا ڈاکہ، پولیس خراٹے لیتی رہ گئی

ڈاکو 10 لاکھ روپے سے زائد مالیتی کے زیورات اور دو موٹر سائیکلیں لوٹ کر فرار ہوگئے

حافظ آباد (رانا طارق محمود) حافظ آباد شہر کے محلہ قادر آباد میں 30 لاکھ سے زائد کا ڈاکہ۔ چار نامعلوم مسلح ڈاکو دو گھروں سے 20 لاکھ روپے نقدی۔ 10 لاکھ روپے سے زائد مالیتی کے زیورات اور دو موٹر سائیکلیں لوٹ کر فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق چار نامعلوم مسلح ڈاکو چھت سے محمد قاسم ہنجرا کے گھر داخل ہوئے جہاں انہوں نے محمد قاسم سے 20 لاکھ روپے نقدی، پانچ تولے زیورات اور ندیم صادق وڑائچ کے گھر داخل ہو کر وہاں سے ساڑھے تین تولے زیورات لوٹ کر فرار ہوگئے۔ پولیس خراٹے لیتی رہ گئی۔

ایپکا کے زیراہتمام نئے پنشن رولز کیخلاف احتجاجی ریلی

احتجاج
ہڑتال
ملازمین کا معاشی قتل نامنظور
ظلم کے یہ ضابطے ہم نہیں مانتے
حکومت پنجاب کی طرف سے لیو انکیشمنٹ رولز 17.A رولز اور پنشن رولز
آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن (ایپکا) ضلع حافظ آباد

حافظ آباد (رانا طارق محمود) ایپکا کے ضلعی آفس سے سی بی اے آفس تک پنجاب حکومت کی جانب سے جاری کردہ نئے پینشن رولز کے خلاف احتجاجی ریلی نکالی گئی جس کی قیادت چوہدری عبدالمجید گجر ضلعی صدر ایپکا، نذیر احمد، عمران احمد فاروقی، محمد عارف ہنجرا محمد امین، ملک نوید اعوان، ملک رب نواز، ریاست علی، نوید ولیم، فیصل عباس، ملک شفیق، خادم حسین، لیاقت علی بھٹی، شہزاد ہنجرا، چوہدری شوکت علی نون، خضر ہنجرا و دیگر راہنماؤں نے کی۔ اس موقع پر شرکاء ریلی نے نئے پنشن رولز کو کالا قانون قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سے پنجاب بھر کے ملازمین میں غم وغصہ کی لہر سرایت کرگئی ہے۔ حکومت پنشن رولز 2024 اور A-17 نوٹیفیکیشن کو فوری طور پر کینسل کرے، وگرنہ ملازمین سڑکوں پر آنے پر مجبور ہوں گے۔

حافظ آباد: بیوہ کو نوکری کا جھانسہ دیکر زنا لجبر

پولیس نے مذکورہ خاتون کی مدعیت میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا

حافظ آباد (رانا آصف) حافظ آباد میں ایک شخص نے بیوہ خاتون کو نوکری کا جھانسہ دیکر اس سے زنا بالجبر کیا اور بعدازاں ملزم خاتون کو ناجائز تعلقات قائم نہ رکھنے پر ویڈیو اپ لوڈ کرنے کی دھمکیاں دیتا رہا۔ جس پر پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق سکھیکی کے علاقہ موچی والہ کے رہائشی عنایت نے پنڈی بھٹیاں کی رہائشی بیوہ خاتون زینب بی بی کو شہر کے ایک نجی سکول میں ملازمت دلوانے کا جھانسہ دیکر شہر بلایا اور جب خاتون شہر میں آئی تو ملزم نے گڑھی اعوان میں لے گیا جہاں اس نے خاتون کے ساتھ زنا بالجبر کیا جس پر پولیس نے زیادتی کا شکار بننے والی خاتون کی مدعیت میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔

ڈالہ واہگہ دھماکے کا ایک اور زخمی دم توڑ گیا، تعداد 3 ہوگئی

ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ، جھلسنے والے 5 مزدور میو ہسپتال میں زیر علاج

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) ڈالہ واہگہ دھماکے کا ایک اور زخمی دم توڑ گیا جاں بحق افراد کی تعداد 3 ہوگئی ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے دھماکے کے نتیجے میں جھلس جانے والے 5 افراد میو ہسپتال لاہور میں زیر علاج ہیں جن کے جسم کا زیادہ تر حصہ جھلس چکا ہے بتایا گیا ہے کہ 21 سالہ اسد بھی جانبر نہ ہوسکا اور لاہور میو ہسپتال میں دم توڑ گیا تاروں سے تیل نکالنے والی فیکٹری میں بوائلر پھٹنے سے 3 افراد جان کی بازی ہار چکے ہیں جبکہ 5 شدید زخمی ہیں المناک حادثے پر انتظامیہ کی نااہلی کھل کر سامنے آگئی ہے اہل علاقہ نے انتظامیہ کی نااہلی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے محکمہ ماحولیات اور انفورسمنٹ انسپکٹر بلڈنگ سمیت 3 افراد کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کردی گئی ہے جو کہ برائے نام کاروائی ہے۔

ملزم کو 08 سال قید کی سزا اور 02 لاکھ روپے جرمانے کی سزا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل سیشن جج اوکاڑہ کی عدالت نے غشیات فروشی کے مقدمے میں ملزم کو 08 سال قید کی سزا اور 02 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت کے جج نے غشیات فروشی کے مقدمہ میں عبدالرشید کو جرم ثابت ہونے پر مجرم کو 08 سال قید اور 02 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ تھانہ کینٹ پولیس نے 2024 میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا۔ عدالت کی جانب سے سزا سنائی جانے کے بعد پولیس نے ملزم کو گرفتار کر کے جیل بھیج دیا۔

حافظ آباد شہر میں پرچی جواعروج پر پہنچ گیا

حافظ آباد (رانا آصف) حافظ آباد شہر میں پرچی جواعروج پر پہنچ گیا۔ تفصیلات کے مطابق شہر کے مختلف مقامات پر پرچی جواء کے مذموم دھندے کی وجہ سے کئی گھر تباہ ہو رہے ہیں۔ اور اس دھندے میں اب کئی شرفاء کے بچے بھی اپنی جمع پونجی ضائع کرتے نظر آتے ہیں۔ شہریوں نے پولیس کے اعلیٰ حکام سے شہر بھر میں جواء پرچی کے خاتمہ کے لئے فوری کاروائی عمل میں لانے کا مطالبہ کیا ہے۔

مسلح ڈاکوؤں نے نقدی، موبائل فونز، موٹر سائیکل اور لیپ ٹاپ چھین لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مسلح ڈاکوؤں نے نقدی، موبائل فونز، موٹر سائیکل اور لیپ ٹاپ چھین لیا ڈسکہ کا اختر اپنی موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ اس کو دو مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے نقدی 95 ہزار روپے، موبائل فون، موٹر سائیکل اور لیپ ٹاپ چھین کر فرار ہوگئے جبکہ بمبانوالہ کا ظہیر اپنی ایزی پیسہ کی دوکان بند کرکے گھر جا رہا تھا کہ اس کو دو مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے نقدی ایک لاکھ پندرہ ہزار روپے اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

موٹر سائیکل آپس میں ٹکرا گئے دو افراد جاں بحق

وزیرآباد (نامہ نگار) موٹر سائیکل آپس میں ٹکرا گئے دو افراد جاں بحق نعشوں کو سول ہسپتال وزیرآباد منتقل کر دیا گیا وزیرآباد کے علاقہ احمد نگر کے مضافات میں واقع لدھیوالہ چیمہ سٹاپ کے قریب تیز رفتار موٹر سائیکل آمنے سامنے سے ٹکرا گئے حادثہ کے نتیجہ میں ککہ کولو وزیرآباد کا رہائشی 35 سالہ عبدالرشید اور ڈیلہ چٹھہ کے رہائشی سجاد شدید زخمی ہوئے جبکہ موٹر سائیکل پر سوار خرم نامی نوجوان موقع پر جاں بحق ہوگیا اور سجاد کو ہسپتال منتقل کیا گیا لیکن وہ جانبر نہ ہوسکا

ایچ ار سی برانچ کے اسسٹنٹ ذیشان کرامت کو نوکری سے برخاست کردیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ نے انکوائری کمیٹی کی رپورٹ سے اتفاق کرتے ہوئے ایچ ار سی برانچ کے اسسٹنٹ ذیشان کرامت کو نوکری سے برخاست کردیا ہے محکمہ مال کے حکام کے مطابق ذیشان کرامت کے خلاف 2 لاکھ روپے رشوت لینے اور کروڑوں روپے مالیات کی زمین کے ریکارڈ میں ٹیمپرنگ کرنے کا الزام تھا جس کی تحقیقات کے لیے جی اے ارکو ڈپٹی کمشنر نے انکوائری افیسر نامزد کیا تھا ان حکام کے مطابق انکوائری کے دوران ذیشان کرامت کے خلاف یہ الزامات ثابت ہوگئے جس کے بعد ڈپٹی کمشنر نے اسے تین مرتبہ اپنی صفائی پیش کرنے کا موقع دیا مگر وہ اپنی صفائی پیش نہ کرسکا۔

بھتہ خور اور قبضہ مافیا کا سرغنہ رانا ارشد دوران انکوائری گناہگار ثابت

صدر انسپکٹر ندیم مالک نے مقدمہ درج کر کے ملزم کو حوالات میں بند کردیا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) تھانہ صدر کامونکی کے نواحی گاؤں گھوماں میں نوسرباز، بھتہ خور اور قبضہ مافیا کا سرغنہ رانا ارشد دوران انکوائری گناہ گار ثابت ہونے پر گرفتار ایس ایچ او تھانہ صدر انسپکٹر ندیم مالک نے مقدمہ درج کر کے ملزم کو حوالات میں بند کردیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر کامونکی کے علاقہ گھوماں میں غریبوں میں خوف کی علامت سمجھا جانے والا رانا ارشد گزشتہ روز اپنے ہی گاؤں کے بیج اور کھاد کے ڈیلر سے گن پوائنٹ پر 10 لاکھ روپے بھتہ مانگنے پہنچ گیا۔ جب کھاد، بیج کے ڈیلر ابرار ولد شبیر نے بھتہ دینے سے انکار کیا تو ملزم ارشد عرف کالو نے اپنا پسٹل تان لیا موقع پر اہل دیہہ کے اکٹھا ہونے پر ملزم سرے عام اسلحہ لہراتے ہوئے موقع سے فرار ہوگیا۔ وقوعہ کی بابت مدعی مقدمہ نے ملزم کے خلاف کاروائی کروانے کے لئے تھانہ صدر درخواست گزار دی جس پر ایس ایچ او تھانہ صدر کامونکی نے بروقت کاروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر کے مقدمہ نمبر 2526/24 بجرم B506 ت پ درج رجسٹرڈ کر کے ملزم کو حوالات میں بند کردیا مدعی مقدمہ ابرار ولد شبیر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ملزم ارشد پہلے بھی اپنے گاؤں اور آس پاس کے علاقوں سے بھتہ وصول کرتا ہے اور ماڑے غریبوں کی جگہوں پر ناجائز قبضے بھی کر رکھے ہیں۔ جان سے مار دینے کی دھمکیوں کے ڈر سے ملزم رانا ارشد کے خلاف کوئی کاروائی نہیں کرواتا۔ اہل

اراضی ریکارڈ سنٹروں میں بڑھتی ہوئی کرپشن سے نجات دلانے کی خاطر انتہائی اہم فیصلہ

غیر قانونی ہاؤسنگ کالونیوں سمیت تمام متنازعہ زمینوں کا اندراج مقدمہ والا حصہ بلاک کیا جائیگا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) حکومت پنجاب نے شہریوں کو بے جا مقدمہ بازی اور بعض اراضی ریکارڈ سنٹروں میں بڑھتی ہوئی کرپشن سے نجات دلانے کی خاطر انتہائی اہم فیصلہ کیا ہے جس سے اراضی کے مقدمات کی وجہ سے متاثر ہونے والے ایسے افراد اور زمینداروں کی زمینیں ان بلاک ہوگئی ہیں جو عدالتوں میں زیر سماعت مقدمات میں فریق بھی نہ تھے مگر عدالتوں کی طرف سے جاری ہونے والے سٹے آرڈر کو بنیاد بنا کر صرف متنازعہ اراضی کو بلاک کرنے اور اس کی خرید و فروخت پر پابندی عائد کرنے کی بجائے پورے کھیوٹ اور کھاتے کو بلاک کر دیا جاتا تھا جس کے بعد زیر سماعت مقدمہ میں شامل متنازعہ اراضی کی فرد ملکیت برائے رجسٹری دینے کی خاطر دو تا تین لاکھ روپے رشوت لی جاتی تھی اس بارے میں شکایات کا حکومت پنجاب نے سختی سے نوٹس لیا ہے اور ڈائریکٹر جنرل اراضی ریکارڈ سنٹر کے ذریعے تمام اراضی ریکارڈ سنٹروں کے اسسٹنٹ ڈائریکٹروں کو ہدایت جاری کی ہے کہ غیر قانونی ہاؤسنگ کالونیوں سمیت تمام متنازعہ زمینوں کا صرف وہ حصہ بلاک کیا جائے اور اس کی خرید و فروخت پر پابندی عائد کی جائے جس کا اندراج مقدمہ میں کیا گیا ہے اور جس کے بارے میں مجاز عدالت نے سٹے آرڈر جاری کیے ہوئے ہیں اس کی خرید و فروخت پر پابندی عائد کی جائے ذرائع کے مطابق متنازعہ اراضی کی بجائے عدالتی احکامات کو مخصوص مقاصد کی خاطر بلاک کرنے اور ان پر خرید و فروخت پر پابندی لگانے کے باعث بے جا مقدمے بازیوں میں اضافہ ہو رہا تھا اور زیر سماعت مقدمہ سے غیر متعلقہ لوگوں کو بھی اپنی زمینوں کی فروخت میں دشواریاں پیش آرہی تھی۔

ایڈیٹر کے نام خط

محترم ایڈیٹر صاحب،

شہباز کالونی میں فارمیسی کے مسائل

میں شہباز کالونی کی رہائشی ہوں اور اس خط کے ذریعے آپ کی توجہ ہمارے علاقے میں فارمیسی کے مسائل کی طرف دلانا چاہتی ہوں۔ ہمارے علاقے میں فارمیسی کی کمی اور معیاری دواؤں کی فراہمی ایک سنگین مسئلہ بن چکا ہے۔ بہت سی فارمیسیاں غیر قانونی طور پر کام کر رہی ہیں اور وہاں نہ صرف غیر معیاری ادویات بیچی جا رہی ہیں بلکہ کبھی کبھی مرتبہ جعلی دوائیں بھی فروخت کی جاتی ہیں، جو کہ عوام کی صحت کے لیے خطرہ ہیں۔ اس کے علاوہ، اکثر فارمیسیوں میں ادویات کی قیمتیں بہت زیادہ ہیں اور ان کی ترسیل بھی بہت سست ہے۔ گاہکوں کو اکثر ضروری دوائیں دستیاب نہیں ہو پاتیں، جس کی وجہ سے انہیں دور دراز علاقوں سے دوائیں خریدنی پڑتی ہیں، جو مزید مالی بوجھ اور وقت کا ضیاع ہوتا ہے۔ ہم حکومت اور متعلقہ اداروں سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ شہباز کالونی میں فارمیسیوں کی نگرانی کریں، غیر معیاری دواؤں کی فروخت پر سختی سے پابندی لگائیں اور عوامی صحت کے تحفظ کے لیے فوری اقدامات کریں۔

شکریہ

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہو گی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

عاق نامہ

میں مسمی محمد حسین ولد اللہ بخش نے اپنے حقیقی بیٹے محمد علی ولد محمد حسین کو بوجہ نافرمانی اپنی منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں میں آئندہ اس کے کسی قول و فعل اور کسی قسم کے لین دین کا ذمہ دار نہ ہوں سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمائیں۔

المشتہر: محمد حسین ولد اللہ بخش قوم سلوترا سکنہ دو وہنہ کریال ڈاک خانہ خاص تحصیل عارف والا ضلع پاکپتن۔

فون نمبر 03054520172

بقیہ بقیہ جات 1

مطابق موبائل ہیلتھ یونٹ بھی بھیجا جائے گا۔ پارا چنار کے عوام ہمارے اپنے ہیں، مصیبت اور مشکل میں تنہا نہیں چھوڑ سکتے۔ صوبائی کابینہ نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو چین کے کامیاب دورے پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ چین میں وفد کو ملنے والی غیر معمولی پذیرائی پنجاب کے عوام کے لیے باعث فخر ہے، چین نے 1.6 ارب انسانوں کو اپنی طاقت بنا کر ترقی کی اور چین کی ترقی قابل تقلید مثال ہے، ہم بھی محنت کر کے وہ سب حاصل کر سکتے ہیں۔ چین کے اسکولوں، اسپتالوں اور روڈز پر کوئی کاغذ تک پڑا ہوا نہیں دیکھا۔ مریم نواز نے کہا کہ چین کے عوام میں اتھارٹی کو تسلیم کرنے کا رویہ قابل تقلید ہے، چینی عوام کے خیالات میں ناقابل بیان حد تک ہم آہنگی پائی جاتی ہے اور دل چاہتا ہے کہ پنجاب چین کی طرح ہر دن ترقی کرے۔

بقیہ بقیہ جات 2

قومی ایئرلائن چلائے گی۔ اس حوالے سے پی آئی اے کی انتظامیہ اور ایئرپورٹس اتھارٹی کے درمیان معاملات طے پا گئے ہیں۔ پی آئی اے آئندہ چند روز میں نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر عملہ تعینات کرے گا، پی آئی اے ایئرپورٹ پر چیک ان کیلئے کمپیوٹرز سمیت دیگر اہم سامان بھی لگائے گا۔ نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر 1 سال تک پی آئی اے سے کوئی فیس نہیں لی جائے گی، چین کی 246 ملین ڈالر کی خطیر سرمایہ کاری سے نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ تعمیر کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 3

سپیکرز کیلئے لازم ہے، کسی ممبر کیساتھ بات کو بہاؤ میں مت لے کر جائیں، سپیکر اور جج بہت ذمہ داری کا کام ہے، اس کی پکڑ بھی بہت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بطور سپیکر اتنے راز ہیں اگر کہیں کہہ دوں تو بعض ممبران کو آئندہ ٹکٹ تک نہ ملے مگر یہ راز ہمارے سینے میں دفن ہیں، ہم پر ذمہ داری زیادہ ہے، ایم این ایز کیساتھ سابق ممبران کیلئے بھی ہمارے دروازے ہمیشہ کھلے رہتے ہیں۔ ایاز صادق کا کہنا تھا کہ ہمیں اپنے اداروں کو مستحکم بنانا ہے، ہمیں ماحول کو بہتر، ٹھنڈا رکھنا اور راستہ بنانا ہے، ہمیں مل جل کر تلخیوں کو کم کرنا ہو گا، مذاکرات، مذاکرات اور مذاکرات ہی مسائل کا حل ہے، مذاکرات کے حل سے ہی جمہوریت آگے بڑھے گی اور مستحکم ہو گی۔ سپیکر قومی اسمبلی نے مزید کہا کہ مسائل ہمیشہ بیٹھ کر اور مذاکرات کے ذریعے ہی حل ہوتے ہیں، ضروری نہیں ہے کہ ہر مسئلہ حل ہو جائے یا ہر شرط مانی جائے، ہمیں ایک دوسرے کو عزت دینی ہے، اسی طرح ہم آگے بڑھ سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 4

پر تعاون شامل ہیں، اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے دو طرفہ تعلقات کو برقرار رکھنے کیلئے قریبی رابطے میں رہنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ انڈونیشیا پاکستان کا قابل بھروسہ تجارتی شراکت دار ہے، انہوں نے خاص طور پر پام آئل فراہم کرنے والے ملک کے طور پر انڈونیشیا کے کردار سراہا۔ وزیر اعظم نے پاکستان کے آسیان میں سیکٹورل پارٹنر کا درجہ حاصل کرنے اور آسیان علاقائی فورم کی رکنیت کیلئے انڈونیشیا کی حمایت کو سراہا، شہباز شریف نے امید ظاہر کی کہ پاکستان انڈونیشیا کے تعاون اور حمایت سے آسیان کا مکمل ڈائیلاگ پارٹنر بنے گا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے صدر پرابوو سوبیانتو کو دورہ پاکستان کی دعوت بھی دی جو انہوں نے قبول کر لی۔ دونوں رہنماؤں نے فلسطین کیلئے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا، غزہ میں جنگ بندی اور مسئلہ فلسطین کے حل کیلئے ایک جامع طریقہ کار اختیار کرنے پر زور دیا، ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے ایک خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کے لئے اپنی حمایت کا اعادہ بھی کیا۔

بقیہ بقیہ جات 5

روک تھام میں پاک بحریہ کے کردار پر روشنی ڈالی۔ نیول چیف نے کہا کہ پاکستان بحریہ دیگر علاقائی ممالک کے ساتھ مل کر میری ٹائم سیکورٹی کے فروغ کی مضبوط حامی ہے۔ عمان کے سول و عسکری حکام نے علاقائی بحری امن و استحکام کے قیام میں پاک بحریہ کے کردار کو سراہا۔ بعد ازاں، نیول چیف نے سید بن سلطان نیول بیس، رائل عمان بحریہ کے بحری جہاز، میری ٹائم سیکیورٹی سینٹر، نیشنل ڈیفنس کالج، ملٹری ٹیکنیکل کالج اور سلطان قابوس نیول اکیڈمی سمیت اہم بحری تنصیبات کا دورہ بھی کیا۔ نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف کے اس دورے سے دونوں برادر ممالک کے مابین تعلقات کو مزید تقویت ملے گی۔

بقیہ بقیہ جات 6

پروگرام کو متاثر نہیں کر سکتے۔ رضا ربانی نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان کے پرامن جوہری پروگرام کی بنیاد رکھی تھی اور شہید بے نظیر بھٹو نے میزائل پروگرام کو آگے بڑھایا۔ پیپلز پارٹی کے رہنما نے کہا کہ یہ پاکستان کی پرامن دفاعی حکمت عملی کا حصہ ہیں، ایسی پابندیاں امریکی پالیسی کا دوہرا معیار بے نقاب کرتی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 7

اجلاس 21 دسمبر صبح 11 بجے طلب کر لیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کا اجلاس سپریم کورٹ کے کانفرنس روم میں منعقد ہو گا، اجلاس میں جوڈیشل کمیشن کے تمام ارکان شرکت کریں گے جب کہ اجلاس میں ججز تقرری رولز کے مجوزہ ڈرافٹ کا جائزہ لیا جائے گا۔ جسٹس جمال خان مندوخیل کی سربراہی میں رولز میکنگ کمیٹی نے رولز کا ڈرافٹ مکمل کر کے جوڈیشل کمیشن کو بھجوا دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق جوڈیشل کمیشن رولز کی منظوری کی صورت میں اسلام آباد اور چاروں صوبوں کی ہائی کورٹس میں اضافی ججز کی تقرری پر غور ہو گا۔ خیال رہے کہ دو روز قبل سپریم کورٹ نے ججز تعیناتی کے لیے جوڈیشل کمیشن رولز کا ابتدائی مسودہ جاری کیا تھا، سپریم کورٹ نے جسٹس مندوخیل کمیٹی کے مجوزہ رولز سپریم کورٹ ویب سائٹ پر جاری کیے جس کے مطابق ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی تقرری 3 سینئر ترین ججز میں سے ہو گی جب کہ جوڈیشل کمیشن میں تمام ناموں پر غور کرنے کے بعد ووٹنگ کا عمل شروع ہو گا۔ مسودے کے مطابق ججز کی تقرری کے مجوزہ طریقہ کار کے مطابق میرٹ پیشہ ورانہ تعلیم، قانون پر عبور، صلاحیت پر مشتمل ہو گا، مسودے میں ججز تعیناتی کے لیے میرٹ میں امیدوار کی ساکھ اور دباؤ سے آزاد ہونا بھی شامل ہو گا۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ جوڈیشل کمیشن میں ججز تقرریوں کے مجوزہ رولز کو عوامی تبصروں اور آرا کے لیے ویب سائٹ پر لگا دیا گیا ہے، مجوزہ رولز پر تمام تبصرے و تاثرات 20 دسمبر تک جمع کرائے جا سکتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 8

کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان کی آبادی کے 60 فیصد سے زیادہ حصہ 30 سال سے کم عمر افراد پر مشتمل ہے جو کہ جدت اور ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ حکومت پاکستان اپنے فلیگ شپ یوتھ پروگرام کے ذریعے، معیاری تعلیم فراہم کرنے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور پیداواری مواقع فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2013 سے اب تک اس پروگرام کے ذریعے لائق اور قابل طالب علموں میں 600000 سے زائد لیپ ٹاپس تقسیم کیے جا چکے ہیں اور ہزاروں اسکالرشپس دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لاکھوں نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت، ڈیٹا اینالیٹکس، اور سائبر سیکورٹی کے حوالے سے فنی تربیت فراہم کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دنیا کی سب سے بڑی فری لانسر کمیونیٹیز میں سے ایک ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ ہم آئی ٹی کے شعبے میں تربیت پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں تاکہ بڑے پیمانے پر اپنے نوجوانوں کو جدید صلاحیتوں سے آراستہ کر سکیں، ڈیجیٹل دنیا کے ساتھ مزید بہتر طرح سے جڑ سکیں اور ملازمتوں کے مزید مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت پاکستان نے یوتھ بزنس اینڈ ایگریکلچر، لون سکیم کے ذریعے اربوں روپوں کے قرضے دیے ہیں، جس کا مقصد نوجوان پاکستانیوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

سال سے ملک آئی ایم ایف کے پریشر سے گزر رہا ہے لیکن ہمیں ملک کے اندر استحکام کی ضرورت ہے اور پالیسی ریٹ نو فیصد کم ہوا ہے جس سے بہتری آئے گی۔ خواجہ آصف نے کہا کہ ہمارے ریجن میں پیدا ہونے والے مسائل کے اثرات ہم پر بھی مرتب ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایوان صنعت و تجارت کے مسائل سے آگاہ ہوں لیکن سیالکوٹ شہر کا کلچر سامنے ہے، پرائیویٹ شراکت داری سے ایئرپورٹ اور ایئرلائن کے قیام کی مثال دنیا میں کہیں نہیں ملتی۔ خواجہ آصف نے کہا کہ گزشتہ تین چار ماہ سے مجھے پورٹ شپ کی ٹاسک فورس کا چیئرمین بنایا گیا، ایک کنٹینر کو آپریٹ کرنے کے لیے چھ گھنٹے کا وقت درکار ہوتا ہے۔ گاڑیوں سے ٹریکر اتار کر دوسری گاڑیوں کو ٹریکر لگا دیا جاتا ہے۔ وزیر دفاع نے بتایا کہ وزیر ہوا بازی نے پاکستانی ایئرلائنز کے لیے خوشی کی نوید سنا دی ہے، سال نو کے آغاز سے ایئر سیال، ایئر بلیو اور فلائی جناح کو دبئی کے تمام ایئرپورٹ پر لینڈ کرنے کی اجازت ہو گی۔

بقیہ بقیہ جات 10

اسکول 13 جنوری کو کھلیں گے۔ اس سے قبل پنجاب میں نجی و سرکاری اسکولز میں 20 دسمبر سے 10 جنوری 2025 تک چھٹیوں کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا تھا۔ دوسری جانب سندھ بھر کے تعلیمی اداروں میں 21 دسمبر سے 31 دسمبر تک تعطیلات ہوں گی۔

بقیہ بقیہ جات 11

بجائے اپوزیشن کے ساتھ مذاکرات کریں۔ بیرسٹر سیف کا کہنا ہے کہ پارٹی پارلیمنٹ کے اندر اور باہر اپوزیشن پارٹیوں کو ایک پلیٹ فارم پر لائے، سیاسی جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر لائیں گے تو حکومت خود تیار ہو جائے گی۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا کہ رہنماؤں کی آراء پر بانی پی ٹی آئی نے سول نافرمانی تحریک کو موخر کیا، تحریک کا سلسلہ جاری ہے، سول نافرمانی بھی جلد شروع ہو گی۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہ کرانے پر توہین عدالت پر عدالت جائیں گے، ہم سیاسی جماعت ہیں، کبھی مفاہمت کبھی مزاحمت کریں گے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مخالف کی ہٹ دھرمی میں مزاحمتی سیاست کے علاوہ کوئی اور آپشن نہیں ہوتا۔

بقیہ بقیہ جات 12

پاس کہیں جانا، کسی نے مذاکرات کرنے ہیں تو کریں نہیں تو نہ کریں۔ عمر ایوب کا کہنا ہے کہ ہم کسی سے ڈرنے والے نہیں ہیں، مذاکراتی کمیٹی بانی پی ٹی آئی نے تشکیل دی ہوئی ہے۔ قومی اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے القادر ٹرسٹ کیس میں کل دیر تک عدالت میں سماعت جاری رہی۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ عدالت کا وقت 3 یا 4 بجے تک ہے، سوال یہ ہے کیوں اتنی دیر تک سماعت جاری رہی۔ تحریک انصاف کے رہنما نے یہ بھی کہا کہ پی ٹی آئی کے کارکنان کو گنجائش سے زیادہ جیلوں میں رکھا ہوا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 13

ہیں۔ طلال چوہدری کا کہنا ہے کہ ملک میں سوشل میڈیا کو صحیح طریقے سے ریگولیٹ نہیں کیا گیا، پاکستان میں سوشل میڈیا کو ریگولیٹ کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے بڑے فیصلوں پر تمام اتحادی جماعتیں آن بورڈ ہوتی ہیں۔ ن لیگی رہنما کا کہنا ہے کہ سوشل میڈیا سے متعلق نئے قوانین کی ضرورت ہے، یہ اظہار رائے پر پابندی نہیں، ہم آزاد اظہار رائے کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 14

صوبائی حکومت سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کر دیا۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ امن و امان کی خراب صورتحال پر کے پی حکومت استعفیٰ دے، سیکیورٹی اہلکاروں کی شہادت کی ایف آئی آر وزیر اعلیٰ پر ہونی چاہیے، کے پی حکومت چاہتی ہے صوبہ برباد ہو جائے۔ انہوں نے کہا کہ کے پی جل رہا ہے تو پنجاب کی سرحد دور نہیں، کے پی میں دہشت گرد کون لایا، ان کا احتساب ہونا چاہیے، علی امین گنڈاپور کیوں مسلح ہو کر اسلام آباد گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبہ جل رہا ہے اور ہماری حکومت خواب خرگوش کی نیند سو رہی ہے، آج تک صوبائی حکومت کی ناکامی ہے کہ کرم کا مسئلہ حل نہیں ہو سکا، کرم میں ادویات اور خوراک کی کمی ہے، وفاقی حکومت نے بھی آنکھیں بند کی ہوئی ہیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ یہ بہت بڑا ظلم ہے کہ کرم کا مسئلہ ابھی تک حل نہیں ہوا، شاید ہماری حکومتیں انتظار کر رہی ہیں کہ یہاں کوئی بڑا واقعہ ہو جائے، سیاسی جماعتوں کا کام لاشوں پر سیاست کرنا رہ گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

جائیں۔ مزمل اسلم کا کہنا ہے کہ وفاقی حکومت نے رواں سال کے لیے اے آئی پی کے تحت ضم اضلاع کو 315.42 ارب روپے کے فنڈز مختص کیے ہیں۔ خط میں کہا گیا ہے کہ اب تک صرف 15 فیصد فنڈز پہلے کوارٹر کے جاری کیے گئے ہیں۔ مشیر خزانہ خیبر پختونخوا کا یہ بھی کہنا ہے کہ پالیسی کے مطابق 20 فیصد فنڈز جاری کیے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 16

مجوزہ رولز پیش کیے جائیں گے۔ جوڈیشل کمیشن کے اجلاس کے لیے ایجنڈے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، چیف جسٹس پاکستان بطور چیئرمین جوڈیشل کمیشن آف پاکستان اجلاس کی صدارت کریں گے۔ 21 دسمبر کو جوڈیشل کمیشن کے اجلاس میں سے نئے ججز کی تقرریوں کا ایجنڈا نکال دیا گیا، لاہور ہائیکورٹ میں ججز کی 25 خالی اسامیوں کو پر کرنے کے لیے 50 نام کمیشن کو بھجوائے گئے تھے۔ سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج سید منصور علی شاہ نے رولز بنانے کے لیے خط لکھا تھا، جسٹس جمال خان مندوخیل کی سربراہی میں رولز کمیٹی نے ہائیکورٹس میں ججز کی تقرریوں کے لیے رولز تیار کر کے مسودہ 32 رکنی جوڈیشل کمیشن کو ارسال کر دیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 17

آزادی اظہار رائے پر پابندیوں، صحافیوں کے خلاف قائم مقدمات، پیکا آرڈیننس، سوشل میڈیا پر غیر ضروری پابندی، انٹرنیٹ کی بندش، مبہم شقوں کی آڑ میں صحافیوں کے غیر قانونی نوٹسز اور میڈیا اداروں کو کاروباری نقصان پہنچانے کے حربوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایمنڈ نے جاری بیان میں کہا کہ اختلاف رائے کو ختم کرنے کے لیے ہر حربہ استعمال کیا جا رہا ہے، ٹیلی ویژن چینلز پر دباؤ کا مقصد میڈیا کو زیادہ سے زیادہ کنٹرول کرنا اور اختلاف رائے کو خاموش کرنا ہے، صورتحال کی یکطرفہ عکاسی میڈیا کی ساکھ کو بری طرح متاثر کر رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

زیادتی ہوئی ہے اور ہو رہی ہے، حکومت کے مفاد میں ہے کہ اسے باضابطہ مذاکرات کی پیشکش کرنی چاہیے۔ شبلی فراز کا کہنا ہے کہ مذاکرات کی صورت میں حل نکلے تو یہ بہتر ہو گا، بانی پی ٹی آئی کا بیان آیا ہے کہ وہ کچھ دنوں کے لیے سول نافرمانی کی تحریک موخر کر سکتے ہیں۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا کہ ہماری مذاکراتی کمیٹی کے ممبران سے بانی پی ٹی آئی کی ملاقات ہی نہیں کرائی جا رہی، جب تک ان سے ملاقات نہیں ہو گی تب تک کمیٹی کی حدود کا تعین نہیں ہو سکے گا۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ جب حکومت اپوزیشن کو ہینڈل نہ کر سکے تو ملک کا زیادہ نقصان ہوتا ہے، ملک کے فائدے میں ہے کہ سیاسی استحکام ہو، اسی سے معاشی استحکام جڑا ہے۔ شبلی فراز نے یہ بھی کہا کہ کے پی اور بلوچستان میں دہشت گردی نے پھر سر اٹھا لیا ہے، امن و امان اور باقی مسائل کو حکومت اکیلے حل نہیں کر سکتی، حکومت کے پاس نہ مینڈیٹ ہے اور نہ ہی عوام کی سپورٹ۔

بقیہ بقیہ جات 19

مطابق گزشتہ سال اکتوبر میں پاکستانیوں کی جانب سے 3400 کے قریب یورپ میں پناہ کی درخواستیں موصول ہوئیں تاہم رواں سال اسی مہینے میں اس اعداد و شمار میں کمی ریکارڈ کی گئی، اکتوبر 2024 یہ تعداد 1900 ہے۔ پاکستانیوں کی جانب سے پناہ کی سب سے زیادہ درخواستیں وصول کرنے والا ملک اٹلی تھا، جس بعد فرانس، یونان اور جرمنی میں بڑی تعداد میں پاکستانیوں نے درخواستیں دیں۔ کنٹری فوکس آن پاکستان رپورٹ کے مطابق یورپی یونین پلس ممالک نے پاکستانی درخواستوں پر 20 ہزار فیصلے جاری کیے جن میں سے صرف 12 فیصد درخواست دہندگان کو پناہ گزین کا درجہ یا ذیلی تحفظ دیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق اس سال اکتوبر کے آخر تک پناہ کی درخواستوں سے متعلق تقریباً 34 ہزار فیصلے زیر التوا تھے۔ رپورٹ میں پاکستان کے سیاسی اور سیکیورٹی پہلو، ملکی حالت میں ملوث اسٹیک ہولڈرز اور عدلیہ کا کردار کے علاوہ ملک میں ایک مخصوص گروپ کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک کے بارے میں بتایا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 20

گیا کہ سلمان احمد سوشل میڈیا بیانات سے پارٹی قیادت اور ورکرز میں نفاق پیدا کرتے رہے، انہوں نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور اہل خانہ کے خلاف سوشل میڈیا پر پوسٹ کیں۔ نوٹس میں کہا گیا کہ پارٹی سلمان احمد کے بیانات سے اظہار لاتعلقی کرتی ہے اور ان کی پی ٹی آئی کی بنیادی رکنیت ختم کی جاتی ہے، وہ مستقبل میں پی ٹی آئی کا نام استعمال نہیں کر سکتے۔

بقیہ بقیہ جات 21

امریکا نے بھارت کے ایٹمی عدم پھیلاؤ کے معاملات کو نظرانداز کیا ہے۔ سید محمد علی کا کہنا ہے کہ پاکستان کا پروگرام پاکستانی سائنسدانوں کی صلاحیتوں کی بدولت ہے، پاکستان کے پروگرام پر دباؤ ڈالا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے غیر ذمہ دارانہ طرز عمل کے باوجود کوتاہی برتی جا رہی ہے۔ ماہر قومی سلامتی امور کا یہ بھی کہنا ہے کہ امریکا کا جھکاؤ بھارت کی جانب نظر آ رہا ہے۔ واضح رہے کہ امریکا نے طویل فاصلے تک مار کرنے والے بیلسٹک میزائلوں کی تیاری کے حوالے سے پاکستان کے چار اداروں پر پابندی لگانے کے لیے ان کی نشاندہی کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 22

اراکین نے احتجاج کرتے ہوئے واک آؤٹ کیا جبکہ اجلاس کے دوران اراکین نے پی آئی اے کی نجکاری کا معاملہ بھی اٹھا دیا۔ جمعرات کو قومی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر غلام مصطفیٰ کی زیر صدارت شروع ہوا تو آغاز میں صرف 18 اراکین اور وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ موجود تھے، اس موقع پر پیپلز پارٹی نے غیر حاضر وزرا کیخلاف احتجاج ریکارڈ کراتے ہوئے ایوان سے واک آؤٹ کیا۔ پیپلز پارٹی کے نوید قمر نے پی آئی اے کی نجکاری کا معاملہ اٹھاتے ہوئے استفسار کیا کہ قومی ادارے کی دوبارہ نجکاری کی بات ہو رہی ہے، کیا ٹائم فریم رکھا ہے؟ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اچھی خبر ہے کہ ہمارے روٹس یورپ کے لیے بحال ہو گئے ہیں، اس دفعہ بہتر صورتحال ہو گی، اب کی بار سمجھا جا رہا ہے کہ بڈز بہتر ہوں گی، نوید قمر نے استفسار کیا کہ پراسس کو بہتر کرنے کے لئے آپ نے سوچا بھی ہے؟ پارلیمانی سیکرٹری آسیہ اسحٰق نے ایوان کو بتایا کہ اس وقت پی آئی اے کے پاس کل 34 جہاز ہیں جن میں سے 12 جہاز استعمال کے قابل نہیں ہیں جبکہ 17 جہاز قابل استعمال ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 23

ساتھ ڈیل کرنا پڑے گا۔ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس میں تاجروں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ پالیسی ریٹ نیچے آیا ہے تو یہ خوش آئند ہے، اوورسیز چیمبرز میں گئے تو وہاں سب کا اپنا پوائنٹ آف ویو تھا، آپ لوگوں کی مدد سے آئی ٹی انڈسٹری کو فروغ ملا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ پیش کرتے ہیں تو اس کے بعد کچھ چیزیں رہ جاتی ہیں، اسے دوبارہ پورا کیا جاتا ہے، آپ ابھی سے ہمیں پرپوزل بھیجیں تاکہ اپریل میں آپ کو مسئلہ نہ ہو، ہم آپ سے ڈسکس کریں گے کہ ہم یہ چیزیں بجٹ میں لے کر جا رہے ہیں۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ سیلریڈ کلاس کی تنخواہ پر ٹیکس کٹ رہا ہے، ٹیکس پالیسی ہم ٹیکس کلیکشن سے بہتر بنائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 24

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ ہمارے صوبے اسی سوچ پر آپریٹ کرتے ہیں جو چیف منسٹر کے منہ سے نکلتا ہے ڈائریکٹو بن جاتا ہے اور کام شروع ہو جاتا ہے۔ عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ نے کہا کہ ڈیموکریسی کے بغیر آپ کا ملک نہیں چلے گا، پاکستان میں جو گروتھ ہوئی ہے وہ ڈیموکریٹک دور میں ہی ہوئی ہے، ایوب خان کے زمانے میں گروتھ آئی، اگر وہ دور ڈیموکریٹک دور ہوتا تو اس سے بھی بہتر گروتھ ہوتی۔

بقیہ بقیہ جات 25

ارشد ملک ویڈیو اسکینڈل کیس میں بری کر دیا۔ ملزمان کی جانب سے بریت کی دائر درخواست پر ایڈیشنل سیشن جج عدنان رسول لالک نے کیس کی سماعت کی۔ ملزمان کے وکلا کی جانب سے موقف اپنایا گیا کہ شکایات کنندہ ارشد علی اور مرکزی ملزم میاں طارق فوت ہو چکے ہیں، شکایات کنندہ کے فوت ہونے کی وجہ سے کیس کا وجود ہی ختم ہو گیا۔ وکیل نے استدلال کیا کہ وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) نے دہشت گردی کی دفعہ کو ختم کر دیا اور اب مدعی ہی نہیں تو کیس کیسے چلا سکتا ہے، لیک ہونے والی ویڈیو میں کوئی سوشل میڈیا پلیٹ فارم ملوث نہیں۔ عدالت نے دلائل سننے کے بعد ناصر بٹ و دیگر کو 2019 میں درج کیے گئے مقدمے میں بری کر دیا۔ یاد رہے کہ 6 جولائی کو سابق وزیر اعظم نواز شریف کی صاحبزادی مریم نواز نے پریس کانفرنس کے دوران العزیزیہ اسٹیل ملز کیس کا فیصلہ سنانے والے جج ارشد ملک کی مبینہ خفیہ ویڈیو سامنے لائی تھیں۔

بقیہ بقیہ جات 26

کا اعادہ کرتے ہوئے اس تنازعے کے منصفانہ اور دیرپا حل کی اہمیت پر زور دیا۔ قائد اعظم یونیورسٹی، اسلام آباد میں ڈائریکٹوریٹ آف ایکسٹرنل لنکجز اور آل پارٹیز حریت کانفرنس (اے پی ایچ سی) کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار "کشمیر تنازع، انسانی حقوق کے چیلنجز" سے خطاب کرتے ہوئے بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ ہم کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور یقین دلایا کہ بھارتی فورسز کی جانب سے کشمیری عوام پر ڈھائے جانے والے مظالم کو دنیا کے سامنے لانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ بیرسٹر دانیال نے مودی حکومت کے آرٹیکل 370 اور 35 اے کی منسوخی کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا جس کا مقصد غیر کشمیریوں کو بسانا اور ریاست کی مسلم شناخت کو ختم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 25000 سے زائد غیر قانونی ڈومیسائل جاری کرنا نہ صرف جنیوا کنونشن کے آرٹیکل 49 کی خلاف ورزی ہے بلکہ یہ انسانی حقوق کی سنگین پامالی بھی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 27

مختلف اضلاع میں جلسے، مارچز اور اہل غزہ پر جاری ظلم، اس کی امریکی پشت پناہی اور اسلامی ممالک کے حکمرانوں کی خاموشی کے خلاف 29 دسمبر کو اسلام آباد میں یکجہتی فلسطین ملین مارچ کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے پنجاب اسمبلی کے ممبران کی جانب سے اپنی تنخواہوں میں چار سو سے ہزار فیصد تک اضافہ کو عوام کی توہین قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایک ایسے وقت میں جب غریب اور متوسط طبقہ کے گھر میں چولہا نہیں جلتا، نام نہاد عوامی نمائندے تنخواہوں میں اضافے کر رہے ہیں اور لوٹ مار بھی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے پنجاب میں سکولوں کو این جی اوز کے حوالے کرنے کے صوبائی حکومت کے فیصلہ کی مذمت کی اور عدلیہ کی جانب سے اس پر پٹیشن نہ سننے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عدالتیں اس طرح سطحی فیصلے کیسے دے سکتی ہیں، ان کا کہنا تھا کہ 26 ویں ترمیم کے بعد اگر ججز نے فیصلوں کے لیے حکومتی موقف کو ہی تسلیم کرنا شروع کر دیا تو عوام کو انصاف کیسے ملے گا؟ سیکرٹری جنرل امیر العظیم، نائب امیر ڈاکٹر اسامہ رضی، سیکرٹری اطلاعات قیصر شریف اور امیر لاہور ضیاء الدین انصاری بھی پریس کانفرنس کے دوران امیر جماعت کے ہمراہ تھے امیر جماعت نے کہا کہ گنے کی فصل کی تیاری کے ساتھ ہی شوگر مافیا متحرک ہو گیا ہے۔ مل مین کسانوں کا استحصال کر رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 28

سندھ کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق 27 دسمبر کو صوبے بھر میں صوبائی حکومت کے ماتحت کام کرنے والے سرکاری دفاتر بند رہیں گے۔ صوبائی حکومت نے عام تعطیل کا اعلان پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کی شہید رہنما اور سابق وزیر اعظم بے نظیر بھٹو کی برسی کے باعث کیا گیا۔ پیپلز پارٹی بے نظیر بھٹو کی برسی منانے کے لیے ہر سال 27 دسمبر کو ضلع لاڑکانہ کے گڑھی خدا بخش میں جلسہ منعقد کرتی ہے۔ واضح رہے کہ بے نظیر بھٹو کو 27 دسمبر 2007 کو راولپنڈی کے لیاقت باغ میں قتل کر دیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 29

کی، اسلام آباد ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی امیدوار شعیب شاہین کی درخواست پر حکم امتناع جاری کرتے ہوئے شعیب شاہین کی الیکشن پٹیشن کی حد تک الیکشن ٹریبونل کو کارروائی سے روک دیا۔ خیال رہے کہ این اے 47 سے لیگی امیدوار طارق فضل چوہدری رکن قومی اسمبلی بنے، پی ٹی آئی امیدوار شعیب شاہین نے لیگی امیدوار کی کامیابی کیخلاف سماعت کرنیوالے نئے الیکشن ٹریبونل کی تعیناتی کو چیلنج کر رکھا ہے۔ واضح رہے کہ عدالتی حکم کے بعد الیکشن ٹریبونل اسلام آباد کے باقی دو حلقوں سے متعلق کارروائی آگے بڑھا سکے گا، الیکشن ٹریبونل نے اسلام آباد کے تینوں حلقوں سے متعلق کیس 24 دسمبر کے لئے مقرر کر رکھا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 30

یونان کشتی حادثے پر جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کے لیے دائر درخواست پر سماعت کی، درخواست میں وفاقی حکومت سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ یونان میں کشتی ڈوبنے سے پاکستانی جاں بحق ہوئے ہیں، پہلے بھی اسی طرح کشتیاں ڈوبنے سے پاکستانی جاں بحق ہوئے، حکومت انسانی سمگلروں کیخلاف کارروائی نہیں کر رہی، انسانی سمگلروں کیخلاف کارروائی نہ کرنا قانون کی خلاف ورزی ہے۔ عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ حکومت واقعہ کی تحقیقات کیلئے جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کا حکم دیا جائے اور عدالت انسانی سمگلروں کیخلاف کارروائی کا حکم دے۔ بعد ازاں عدالت نے یونان کشتی حادثے پر جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کے لیے دائر درخواست پر مختصر سماعت کے بعد وفاقی حکومت سمیت دیگر کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے 22 جنوری تک جواب طلب کر لیا۔

بقیہ بقیہ جات 31

گل نے کہا کہ خان صاحب نے ذاتی کے بجائے قومی مفاد کا راستہ اپنایا۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ اب یہ حکومت پر ہے، اگر مذاکرات سے آنکھیں چرانا چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

جلاؤ گھیراؤ مقدمے میں پی ٹی آئی رہنماؤں کی عبوری ضمانت کی درخواستوں پر سماعت ہوئی، زرتاج گل عدالت میں پیش ہوئیں جبکہ عمر ایوب آج پیش نہ ہو سکے۔ اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کی طرف سے حاضری استثنیٰ کی درخواست عدالت میں پیش کی گئی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ اسلام آباد سمیت مختلف عدالتوں میں آج پیشی کے باعث گوجرانوالہ پیش نہیں ہو سکا جس پر عدالت نے عمر ایوب کی آج کی حاضری استثنیٰ کی درخواست منظور کر لی۔ عدالت نے عمر ایوب اور زرتاج گل کی عبوری ضمانتوں میں توسیع کرتے ہوئے 17 جنوری تک سماعت ملتوی کر دی۔ یاد رہے کہ عمر ایوب اور زرتاج گل کے خلاف تھانہ کینٹ میں مقدمہ درج ہے، ایف آئی آر میں ملزمان پر توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کی سازش کا الزام ہے۔

بقیہ بقیہ جات 33

قرار دیا گیا ہے۔ عدالتی فیصلے کے مطابق قانون کے مطابق اس معاملے کو کابینہ کے سامنے پیش کیا جاتا، ہوم ڈیپارٹمنٹ نے کابینہ کی منظوری کے بغیر ویڈیو لنک پر پیش کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ دہشت گردی قوانین کے تحت انفرادی طور پر اس کا نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا جا سکتا، اے ٹی اے کے تحت جرائم انتہائی خطرناک ہوتے ہیں مگر آئین ملزمان کے بنیادی حقوق کی بات کرتا ہے، جسمانی ریمانڈ میں ملزمان کو ویڈیو لنک پر پیش کرنے سے بنیادی حقوق متاثر ہو سکتے ہیں۔ اس حوالے سے جسٹس طارق سلیم شیخ کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے تفصیلی تحریری فیصلہ جاری کیا ہے۔ بانی پی ٹی آئی نے لاہور میں 9 مئی کے 12 مقدمات میں جسمانی ریمانڈ کے لیے ویڈیو لنک کا نوٹیفکیشن چیلنج کیا تھا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ اے ٹی اے قانون میں کئی ترامیم ہو چکی ہیں مگر جسمانی ریمانڈ کی سیکشن 21 ای میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی، ٹرائل کے دوران عدالت میں ملزم کو ویڈیو لنک پر پیش کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 34

ملکی سیاست میں اہم کردار ادا کیا اور جمہوریت کا تسلسل ہی ملکی ترقی کا ضامن ہے۔ اسلام آباد میں 2 روزہ 18 ویں سپیکرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اعظم نذیر تارڑ کا کہنا تھا کہ 1973 کا آئین متفقہ طور پر منظور ہوا، آئین میں ترمیم ہوتی رہیں، 17 ویں ترمیم بہت اہمیت کی حامل تھی لیکن 18 ویں ترمیم میں اختیارات صوبوں کو منتقل کیے گئے، صوبوں کو اختیارات کی منتقلی میں مرکز نے بڑے پن کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ 18 ویں ترمیم کے وقت یہ احتیاط کی گئی، خاص طور پر جو فوجداری قوانین میں فیڈریشن کو رکھا گیا تاکہ پورے ملک میں ایک جیسے قوانین ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 35

سیمینارز کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ شہریوں کو ٹریفک سہولیات سے متعلق ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں اور اسی سلسلے میں صوبہ پنجاب سے ڈرائیونگ لائسنسنگ آگاہی مہم کا آغاز کیا گیا ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ ٹریفک قوانین پر عمل درآمد سے ٹریفک کا نظام بہتر اور شاہرات پر حادثات کی شرح میں نمایاں کمی آئے گی۔ ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ ٹریفک آگاہی مہم پر عمل درآمد سے شہری روڈ ایکسیڈنٹ سے محفوظ رہ سکیں گے اور دوران سفر اپنی اور دوسروں کی جان بچا سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج سنٹرل پولیس آفس میں سینئر ٹریفک پولیس افسران کے ہمراہ اہم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پریس کانفرنس میں ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ، سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر، سی ای او ہم ٹی وی درید قریشی اور ہم ٹی وی مینجمنٹ کی سینئر رکن سلطانہ صدیقی بھی موجود تھیں۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ نے کہا کہ صوبہ بھر میں گزشتہ سال کے مقابلے میں رواں سال 213 فیصد زیادہ ڈرائیونگ لائسنس بنائے گئے ہیں، ٹریفک پولیس نے روڈ سیفٹی اور سموگ کے تدارک میں اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ بقیہ جات 36

غذائیت سے بھرپور خوراک کی اہمیت، ناقص خوراک کے چناؤ سے پرہیز کی ٹریننگ دی جا رہی ہے، بچوں کے ویٹ، ہائیٹ، باڈی ماس انڈیکس جیسے ٹیسٹ مفت کیے جائے گے، بچوں کی سکریننگ رپورٹس والدین، سکول ایڈمنسٹریشن، سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو بھیجی جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پہلے مرحلے میں 25 سرکاری سکولوں کے 38 ہزار بچوں پروگرام میں شامل کیا گیا ہے، پائلٹ پروجیکٹ میں بچوں کی سکریننگ کر کے 2 ماہ کے لیے غذائیت سے بھرپور فوڈ دیا جائے گا۔ 2 ماہ بعد بچوں کی دوبارہ سکریننگ کر کے پروجیکٹ کا دائرہ کار پورے پنجاب تک پھیلایا جائے گا۔ ہم نہیں جانتے کہ ہمیں کیا کھانا ہے اور کب کھانا ہے۔ غذائیت کی کمی بچوں کی صحت کے ساتھ ساتھ نشوونما کو شدید متاثر کرتا ہے۔ سکول نیوٹریشن پروگرام میں والدین اور اساتذہ کو ہیلدی لنچ باکس کی تفصیلی آگاہی اور تراکیب دی جائیں گی۔ بچوں کی صحت کا مسئلہ صرف والدین کا نہیں بلکہ یہ مستقبل کے معماروں کا مسئلہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 37

ہوئے کیا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت نادیہ ثاقب نے قصور، سرگودھا، چکوال، راجن پور اور میانوالی اضلاع میں سی ای او ز ہیلتھ کی پوسٹنگ پر بریفنگ دی۔ ان پانچ اضلاع میں تعیناتی کے لیے سی ای او ز کے امیدوار ڈاکٹرز کے آنلائن انٹرویو کئے گئے۔ خواجہ عمران نذیر کا کہنا ہے کہ سی ای او ز ہیلتھ کی پوسٹنگ سے ضلعی اور تحصیل ہسپتالوں میں ہیلتھ ڈیلیوری سروس مزید بہتر جائیگی۔ سرکاری ہسپتالوں میں عوام کو صحت کی سہولیات بہ طریق احسن فراہم ہو سکیں گی۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ خالی اضلاع میں سی ای او ز ہیلتھ مرحلہ وار تعینات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام سی ای او ز ہیلتھ اور ایم ایس صاحبان کی کارکردگی ڈیجیٹل مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ایڈمن رانا محمد حسین اور ڈپٹی سیکرٹری ایڈمن سرمد علی بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 38

مسیحیت، امن، دوستی اور باہمی احترام کے اصولوں کی تعلیم دیتے ہیں جو اس وقت بین المذاہب ہم آہنگی کے قیام کے لیے ضروری ہیں۔ "بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ کی ضرورت آج پہلے سے کہیں زیادہ ہے اور اس طرح کے پروگرام اس مقصد میں اہم کردار ادا کرتے ہیں تاکہ تمام مذہبی کمیونٹیز کے درمیان اتحاد اور افہام و تفہیم کا جذبہ پروان چڑھے۔" رمیش سنگھ نے مزید کہا کہ پاکستان میں تمام اقلیتوں، بشمول مسیحیوں، کو یکساں حقوق حاصل ہیں اور حکومت ان کی فلاح و بہبود کے لیے کوشاں ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق سونیا آشر نے بھی تقریب سے خطاب کیا اور مسیحی کمیونٹی کی پاکستان کی ترقی میں اہم خدمات کو سراہا۔ "مسیحی کمیونٹی ہمارے معاشرے کا ایک اہم حصہ ہے، جو تعلیم، صحت اور دیگر شعبوں میں نمایاں خدمات فراہم کر رہی ہے۔" لاہور کے بشپ ندیم کامران نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے پاکستان کی خوشحالی اور فلاح کے لیے دعائیں کیں۔ انہوں نے کرسمس کے جذبے کو فروغ دینے کے لیے اس موقع پر شریک تمام افراد کا شکریہ ادا کیا۔ چرچ کو خوبصورت شمعوں سے روشن کیا گیا جو کہ مختلف کمیونٹیز کے درمیان اتحاد اور یکجہتی کو مزید تقویت کا باعث تھی۔ تقریب کے اختتام پر صوبائی وزیر نے بشپ ندیم کامران اور مسیحی کمیونٹی کے ساتھ مل کر کرسمس کیک کاٹا اور ملک کی خوشحالی و ترقی کے لیے خصوصی دعا کی۔

بقیہ بقیہ جات 39

کریں گے۔ 21 دسمبر کو جوڈیشل کمیشن کے اجلاس میں سے نئے ججز کی تقرریوں کا ایجنڈا نکال دیا گیا، لاہور ہائیکورٹ میں ججز کی 25 خالی اسامیوں کو پر کرنے کے لیے 50 نام کمیشن کو بھجوائے گئے تھے۔ سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج سید منصور علی شاہ نے رولز بنانے کے لیے خط لکھا تھا، جسٹس جمال خان مندوخیل کی سربراہی میں رولز کمیٹی نے ہائیکورٹس میں ججز کی تقرریوں کے لیے رولز تیار کر کے مسودہ 32 رکنی جوڈیشل کمیشن کو ارسال کر دیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 40

ملک اعجاز امین، جنرل سیکرٹری شاہد الرحمن نے کیا۔ کلین سٹی لیبر یونین کی جانب سے زیڈ او صاحبان، ایم ڈی آئی حضرات سمیت حاضری ٹائمنگ سمیت دیگر مسائل کے حل کی درخواست کی، بتمام مسائل کو موقع پر سی ای او صاحب کی طرف سے حل کیا گیا۔ ملک اعجاز امین کا کہنا تھا کہ لاہور کے مکمل صاف ہونے کا سہرا ہمارے ورکرز کے سر ہے۔ ہم اپنے ملازمین کی فلاح و بہبود کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہے۔ کلین سٹی لیبر یونین رجسٹرڈ کے صدر کی جانب سے سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی بابر صاحب دین صاحب کا تقریب میں شرکت پر شکریہ ادا کیا۔ شرکاء میں لقمان بھٹی، ہارون، سلمان، ستار کھوکھر، بھا، عمران مغل، عمران مانی، میاں وحید، افتخار، کالی، اکبر شاہ، سنی، اویس ڈار، جاوید چوہدری اور ورکرز کی کثیر تعداد شامل تھی۔

بقیہ بقیہ جات 41

میں کشتی ڈوبنے سے پاکستانی جاں بحق ہوئے ہیں، پہلے بھی اسی طرح کشتیاں ڈوبنے سے پاکستانی جاں بحق ہوئے، حکومت انسانی سمگلروں کیخلاف کارروائی نہیں کر رہی، انسانی سمگلروں کیخلاف کارروائی نہ کرنا قانون کی خلاف ورزی ہے۔ عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ حکومت واقعہ کی تحقیقات کیلئے جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کا حکم دیا جائے اور عدالت انسانی سمگلروں کیخلاف کارروائی کا حکم دے۔ بعد ازاں عدالت نے یونان کشتی حادثے پر جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کے لیے دائر درخواست پر مختصر سماعت کے بعد وفاقی حکومت سمیت دیگر کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے 22 جنوری تک جواب طلب کر لیا۔

بقیہ بقیہ جات 42

کہ شہری زیادہ سے زیادہ دن کے اوقات میں سفر کرنے کو ترجیح دیں، غیر ضروری سفر سے گریز کیا جائے، تیز رفتاری سے پرہیز کریں اور اگلی گاڑی سے مناسب فاصلہ رکھیں تاکہ کسی بھی غیر متوقع صورتحال سے بچا جا سکے۔ دوسری جانب آلودگی کے اعتبار سے لاہور پاکستان میں تیسرے نمبر پر آ گیا، شہر میں سموگ کی اوسط شرح 255 ریکارڈ کی گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق ہوا میں نمی کا تناسب 85 فیصد تک جا پہنچا، ہوا کی رفتار 8 کلومیٹر فی گھنٹہ رہی۔

بقیہ بقیہ جات 43

گردی جس کے نتیجے میں 5 کشمیری نوجوان شہید ہو گئے۔ شہید ہونے والے نوجوانوں کی لاشیں لواحقین کو دینے کے بجائے پولیس کے سپرد کر دیں۔ ورثا اپنے پیاروں کی لاشوں کے لیے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہیں۔ مقبوضہ کشمیر کی بھارت نواز کٹھ پتلی انتظامیہ نے شہید ہونے والے نوجوانوں کو عسکریت پسند ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہوئے ماورائے عدالت قتل کو مقابلہ ظاہر کیا۔ اہل علاقہ نے اس انسانیت سوز واقعے پر بھارتی فوج اور مقبوضہ کشمیر کی کٹھ پتلی انتظامیہ کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا اور جدوجہد آزادی کشمیر کے حق میں نعرے بازی کی۔

بقیہ بقیہ جات 44

طیب مجید، انعام الحق، احمد، عبداللہ، وسیم، حمزہ، امیر گل اور طلال کو اشتہاری قرار دیا۔ اے ٹی سی عدالت نے پی ٹی آئی کے ان کارکنوں کے دائمی وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ ملزمان کو تھانہ سرور روڈ میں درج مقدمہ نمبر 108/23 میں اشتہاری قرار دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 45

شاباش دی، تعریفی سرٹیفکیٹس اور نقد انعام سے نوازا۔ لاہور پولیس کے آرگنائزڈ کرائم یونٹ چوہنگ نے مزلی گینگ کے اراکین کو اوکاڑہ، جہلم، دیپالپور، سرگودھا اور لاہور سے ریڈ کر کے گرفتار کیا۔ 2017ء سے سنگین وارداتوں میں ملوث بین الاضلاعی گینگ سے تعلق رکھنے والے کریمنلز اوکاڑہ، دیپالپور اور لاہور کے مطلوب اشتہاری ہیں۔ آرگنائزڈ کرائم یونٹ نے کامیاب حکمت عملی سے پانچ رکنی ڈکیت گینگ کو جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے گرفتار کیا۔ گرفتار ڈاکوؤں کے قبضہ سے بھاری مالیت کے زیورات، نقدی اور اسلحہ بھی برآمد ہوا۔ گینگ کے سرغنہ مزل عرف مزلی سمیت ارشاد، عابد، ناصر اور شہباز نے دوران تفتیش متعدد سنگین وارداتوں کا انکشاف کیا ہے۔ گرفتار کریمنلز کے خلاف لاہور کے مختلف تھانوں میں مقدمات بھی ٹریس ہوئے ہیں۔ سی سی پی او لاہور سے نقد انعام اور تعریفی سرٹیفکیٹس حاصل کرنے والوں میں اے ایس آئی انیس احمد، اے ایس آئی علی مرتضیٰ، ہیڈ کانسٹیبل محمد آصف، کانسٹیبل محمد عمران، ارسلان علی، آزاد علی اور کانسٹیبل محمد شہزاد شامل ہیں۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ لاہور پولیس کے بہادر اور فرض شناس جوان محکمہ پولیس کا سرمایہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے والے پولیس افسران و اہلکار شاباش کے مستحق ہیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ آرگنائزڈ کرائم یونٹ لاہور سنگین جرائم کے خاتمے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس افسران و جوان شہریوں کے تحفظ اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لئے مسلسل سرگرم ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 46

انکم ٹیکس میں 2000 ارب اور سیلز ٹیکس میں 3100 ارب غائب ہیں تو حکومت کو ٹیکس ریٹس میں کمی کا تجربہ کر کے دیکھ لینا چاہیے۔ "ٹیکسیشن کی بنیاد" کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ درآمدی کارگو ڈکلیئر نہیں ہو رہے جس میں بہت سا خام مال برآمدی مصنوعات کی تیاری میں استعمال ہوتا ہے اور اس سے لامحالہ برآمدی آرڈرز پورے نہیں ہو پا رہے۔ انہوں نے کہا کہ چیئرمین ایف بی آر کہتے ہیں کہ ٹیکس ٹو جی ڈی پی 18 فیصد ہونا چاہیے جبکہ معاشی ماہرین کہتے ہیں اسے 20 فیصد ہونا چاہیے۔ اس کے لئے ایف بی آر کے محکمے کو تھانیدار کا کردار نبھانے کی بجائے دوستانہ ماحول دینا ہو گا۔ ٹیکس گزاروں سے دوستانہ ماحول رکھا جائے ان سے زور زبردستی کی بجائے انہیں قائل کرنے کی پالیسی اپنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایف بی آر موجودہ ٹیکس دہندگان کی گردن سے تلوار ہٹانے کو تیار نہیں ایسے میں نئے ٹیکس گزار کو ٹیکس نیٹ میں شامل ہوں گے۔ جو ٹیکس دے رہے ہیں انہیں نشان عبرت بنانے کی بجائے انہیں سراہا جائے تاکہ دوسرے لوگ بھی خوشی سے ٹیکس نیٹ میں شامل ہوں۔ 18 فیصد ٹیکس ٹو جی ڈی پی کے لیے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ بیٹھ کر پالیسی بنانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 47

پنک سالٹ کی برآمد کو بڑھانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بہت جلد پنک راک سالٹ پالیسی، 2024 کا مسودہ منظوری کیلئے وزیر اعلیٰ پنجاب کو پیش کیا جائے گا۔ پی ایس آئی سی کے تعاون سے نمک کی رینج میں پروسیسنگ زون کا قیام عمل میں لایا جائیگا۔ وزیر معدنیات نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق پنک سالٹ کے ایکسپورٹرز کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کیا جائے گا۔ پنک سالٹ کو ضائع ہونے سے بچانا وزیر اعلیٰ کی ترجیح ہے۔ اس حوالے سے پنک سالٹ کی پیکنگ، برانڈنگ، مارکیٹنگ اور بین الاقوامی سرٹیفکیشن کو ملحوظ خاطر رکھا جائے گا۔ انکا کہنا تھا کہ ایکسپورٹرز کو رعایتی نرخوں پر اراضی کی فراہمی کی جائیگی۔ بنیادی ڈھانچے کے اخراجات حکومت پنجاب برداشت کرے گی۔ بینک آف پنجاب کے ذریعے رعایتی قرض فراہم کئے جائیں گے۔ منافع میں شیئرنگ ماڈل کو اپنانے کی آپشن پر بھی غور کیا گیا ہے۔ اجلاس میں سیکرٹری معدنیات پرویز اقبال، ڈی جی معدنیات منصور احمد، ایم ڈی پی ایس آئی سی سارہ عمر و دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 48

ہونے والا یہ معاہدہ کاشتکاروں کیلئے بروقت زرعی معلومات کا ذریعہ ثابت ہو گا۔ جبکہ فیس (فوڈ اینڈ ایگریکلچر سنٹر آف ایکسیلنس) کے ساتھ معاہدہ کاشتکاروں کی کپیسٹی بلڈنگ، جدت، ویلیو چین اور پیداوار میں اضافہ کا باعث بنے گا۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقدہ محکمہ زراعت پنجاب اور باخبر کسان و فیس کے درمیان معاہدہ پر دستخط کیلئے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے بھی شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ مجھے پوری امید ہے کہ آج کے ہونے والے یہ دونوں معاہدے زرعی شعبہ کی ترقی میں سنگ میل ثابت ہوں گے اور اس ضمن میں دونوں کمپنیاں کو پنجاب ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ (توسیع ونگ) کی جانب سے مکمل سپورٹ فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ خان لغاری کو ان معاہدوں کے پروگرام کے تحت فوکل پرسن نامزد کرنے کے احکامات جاری کئے۔ صوبہ میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق یہ پلیٹ فارم زرعی شعبہ میں جدید طریقوں کو متعارف کرانے میں ممد و معاون ثابت ہو گا۔ صوبائی وزیر زراعت نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ موسمی تبدیلیوں کے مضر اثرات اور متوقع پیداوار کے رجحانات کو مدنظر رکھتے ہوئے زیادہ سے زیادہ کاشتکاروں تک فوری طور ایسی معلومات پہنچائی جائیں جس سے نہ صرف ان کی پیداواری لاگت میں کمی لائی جا سکے بلکہ یہ معلومات فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں بھی اضافہ کا سبب بھی بنے۔ سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ کاشتکاروں کو جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے پیسٹ الرٹ، موسم کے حال اور مصنوعی ذہانت کی مدد سے کھاد، پانی کے بہتر استعمال سے متعلق معلومات فراہم کی جائیں گی۔ تقریب میں چیف ایگزیکٹو آفیسر باخبر کسان خضر عالم خان، چیف آپریٹنگ آفیسر (فیس) حسن اکرم، مارکیٹنگ ہیڈ ایف ایف سی اطہر جاوید، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی، ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس زراعت محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید اور ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے بھی شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 49

مخالفت کی ہے اور اسے کراچی کے بجلی صارفین پر غیر ضروری، بے بنیاد بوجھ قرار دیتے ہوئے کہا کہ لاگت کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا جا رہا ہے۔ حکومت نے نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کو سفارش کی ہے کہ کے الیکٹرک کے مجوزہ ملٹی ایئر ٹیرف کو 44.69 روپے فی یونٹ سے کم کر کے 34.87 روپے فی یونٹ کیا جائے جس کے لیے متعدد بدلی لاگت ایڈجسٹمنٹس کی تجویز دی گئی ہے۔ پاور ڈویژن نے نیپرا کو مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ کے الیکٹرک نے اپنے اخراجات کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا ہے، غیر حقیقی سرمایہ کاری کا تخمینہ لگایا ہے اور پرانے مالیاتی مفروضوں پر اپنی حساب کتاب کی بنیاد رکھی ہے۔ دستاویزات کے مطابق کے ای کی درخواست کو اس کی آپریشنل صلاحیت کو متاثر کیے بغیر کافی حد تک کم کیا جا سکتا ہے۔ پاور ڈویژن کے ایک عہدیدار نے کہا کہ کے ای کے پیش کردہ مہنگے اخراجات صارفین پر مبنی منصوبہ بندی کی کمی کو ظاہر کرتے ہیں، ہماری سفارشات کے ای کی ریگولیٹر میں انصاف اور آپریشنل کارکردگی کو شامل کرنے اور صارفین کو ضروری ریلیف فراہم کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ کے ای کی ٹیرف درخواست پر حکومتی اعتراضات میں کہا گیا کہ کے ای نے 9.2 فیصد سالانہ کمپاؤنڈ ترقی کی شرح پیش کی جب کہ مالی سال 2023 کے دوران بجلی کی کھپت میں 2.7 فیصد کمی واقع ہوئی۔ تفصیل کے مطابق کے ای کا ریٹرن آن ایکویٹی ڈالر پر مبنی ہے، جس سے صارفین کرنسی کی اتار چڑھاؤ کا شکار ہوتے ہیں، حکومت نے روپے کی بنیاد پر ریٹرن آن ایکویٹی کی سفارش کی ہے جبکہ حکومت نے یہ بھی کہا ہے کہ کے ای کے قرض کے اخراجات موجودہ مارکیٹ کی صورتحال سے مطابقت نہیں رکھتے۔ دوسری جانب کے ای کے اثاثہ جات کی قدر کو زیادہ ظاہر کیا گیا ہے، حکومت کی سفارشات پر متعدد سوالات کے باوجود کے الیکٹرک نے جواب دینے سے نہ صرف گریز کیا بلکہ ابھی تک حکومتی تنقید پر کوئی تبصرہ نہیں کیا ہے جس سے اس کی شفافیت اور جوابدہی پر سوالات اٹھائے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 50

پہلی بار "سائبر اسپیس میں ہم نصیب معاشرے کی تعمیر" کا تصور پیش کیا، اور رواں سال کی ورلڈ انٹرنیٹ کانفرنس، ووچن سمٹ میں شی جن پھنگ نے ایک بار پھر واضح کیا کہ چین انفارمیشن انقلاب کی ترقی میں تاریخی پھل سے فائدہ اٹھاتے ہوئے دیگر ممالک کے ساتھ مل کر سائبر اسپیس میں ہم نصیب معاشرے کی تعمیر کیلئے مشترکہ کوششیں کرنے کو تیار ہے تاکہ انٹرنیٹ عوام اور دنیا کو بہتر طور پر فائدہ پہنچا سکے۔ صدر شی جن پھنگ کے ریمارکس نے بلاشبہ انسانیت کو فوائد اور خوشحالی پر مبنی سائبر اسپیس بنانے کے لیے مضبوط رہنمائی فراہم کی ہے اور بین الاقوامی برادری کی جانب سے بھی اسے وسیع پیمانے پر تسلیم کیا گیا ہے اور اس کا مثبت جواب دیا گیا ہے۔ چین نہ صرف فعال طور پر ڈیجیٹل ٹیکنالوجی تیار کر رہا ہے اور لوگوں کے معیار زندگی کو بہتر بنا رہا ہے، بلکہ دنیا کے ساتھ ڈیجیٹل منافع کا اشتراک کرنے کے لئے مسلسل بین الاقوامی تعاون بھی کر رہا ہے۔ انٹرنیٹ آف ایوری تھنگ کے اس دور میں، فرنیچر اور برقی آلات سے لے کر گاڑیوں اور فیکٹریوں میں روبوٹک آلات تک ہر چیز ڈیٹا کے تبادلے اور بروقت معلومات کا اشتراک کرنے کے لیے نیٹ ورک کے ذریعے ایک ساتھ منسلک ہے

بقیہ بقیہ جات 51

ہائرنگ ریٹس کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس کے مطابق اسلام آباد اور راولپنڈی کے لیے فی اسکوائر فٹ ریٹ 80 سے بڑھا کر 180 روپے کر دیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق پشاور کے لیے کمرشل عمارت کا فی اسکوائر فٹ ہائرنگ ریٹ 35 سے بڑھا کر 79 روپے کر دیا گیا ہے جبکہ کراچی کے لیے فی اسکوائر فٹ ریٹ 50 سے بڑھا کر 113 روپے کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق لاہور کے لیے کمرشل عمارت کا فی اسکوائر فٹ ریٹ 60 سے بڑھا کر 135 روپے جبکہ کوئٹہ کے لیے کمرشل عمارت کا فی اسکوائر فٹ ریٹ 30 سے بڑھا کر 68 روپے کر دیا گیا ہے، 6 بڑے شہروں کے علاوہ ملک بھر میں فی اسکوائر فٹ ریٹ 35 سے بڑھا کر 79 روپے کر دیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق ہائرنگ ریٹس کا اطلاق سرکاری اداروں کی جانب سے نجی عمارات کرائے پر لینے کی صورت میں ہو گا جبکہ وزارتوں اور ڈویژنز کو دفاتر کے حصول کے لیے حسب ضرورت 5 فیصد اضافہ کرنے کی اجازت ہو گی۔ اعلامیے کے مطابق سینٹرلی ایئر کنڈیشنڈ عمارات کی صورت میں مقررہ حد سے 25 فیصد اضافہ ریٹس لاگو ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 52

ملاقات کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق انہوں نے پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان دو طرفہ تعاون اور علاقائی روابط کے منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ بقیہ جات 53

گنڈاپور نے 20 دسمبر کو صوبائی اپیکس کمیٹی کا اہم اجلاس طلب کر لیا۔ صوبائی اپیکس کمیٹی کا اجلاس وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں ہو گا جس میں اعلیٰ سول و عسکری قیادت، متعلقہ اراکین صوبائی کابینہ، ڈویژنل اور ضلعی انتظامیہ کے حکام شریک ہوں گے۔ اجلاس میں کرم میں امن و امان کی تازہ صورتحال، صوبائی حکومت کے اقدامات اور دیگر معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا، اجلاس کے دوران کرم میں اشیائے ضروریہ اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور امن کے قیام کے لئے اہم فیصلے متوقع ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ اجلاس میں متعلقہ شراکت داروں کی مشاورت سے علاقے میں دیرپا امن کے قیام کے لئے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا، کرم میں امن کے قیام کے لئے حکومتی گرینڈ جرگے کی طرف سے اب تک کی پیشرفت سے شرکاء کو آگاہ کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 54

حوالے سے محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ پیپلز پارٹی کے حسن زہری نے دوبارہ گنتی کی درخواست دائر کی تھی۔ بلوچستان عوامی پارٹی کے محمد صالح بھوتانی پی بی 21 سے کامیاب ہوئے تھے۔ سپریم کورٹ نے الیکشن کمیشن کو کیس ریمانڈ بیک کرتے ہوئے 30 دن کے اندر فیصلے کی ہدایت کی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 55

آرسینک، کولیفارم و دیگر جراثیموں کی موجودگی پائی گئی، انتہائی لازم فلٹرز تبدیلی ریکارڈ بھی عدم موجود پایا گیا، پیکنگ کے لیے ناقص بوتلوں اور جعلی لیبلنگ کا استعمال کیا جا رہا تھا، ناقص پانی کو پیک کر کے فروخت کرنا سنگین جرم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ناقص پانی کا استعمال ہیضہ، ہیپاٹائٹس جیسی موذی بیماری کا باعث بن سکتا ہے۔ زیادہ منافع کی لالچ میں صحت کے ساتھ کھلواڑ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، بنیادی اشیائے ضروریہ میں ملاوٹ اور جعلسازی کرنے والے انسانیت کے بڑے دشمن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حفظان صحت اصولوں کی خلاف ورزی کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 56

اجلاس میں اس بات پر روشنی ڈالی گئی کہ چین اب بھی عالمی اقتصادی ترقی کا سب سے بڑا انجن ہے اور عالمی اقتصادی ترقی میں رہنما کی حیثیت سے چین کی پوزیشن مستحکم رہے گی۔ جمعرات کے روز اس حوالے سے چینی وزارت خارجہ کے ترجمان لین جیان نے کہا کہ چین کی طویل مدتی معاشی بہتری کے رجحانات میں کوئی تبدیلی نہیں آئی جو چین کے لیے مواقعوں کے اشتراک اور دنیا کے ساتھ مشترکہ ترقی کا سب سے بڑا اعتماد ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین مثبت معاشی ترقی اور کھلے پن کو فروغ دینا جاری رکھے گا۔ ترجمان نے کہا کہ ہم چین میں سرمایہ کاری کیلئے مزید غیر ملکی دوستوں کا بھی خیر مقدم کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 57

جمہوریت کی مضبوطی کی بجائے اس کی بنیادیں کھود رہی ہے۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ پی ٹی آئی کی قیادت، رہنماؤں اور کارکنوں نے جتنی مشکلات اور صعوبتیں برداشت کی ہیں اس کی پاکستان کی سیاسی تاریخ میں کوئی مثال نہیں ملتی، نہ ہماری قیادت ملک چھوڑ کر فرار ہوئی اور نہ ہمارے کارکنان حوصلہ ہارے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں حکومتیں ہمیشہ مذاکرات کا اہتمام کرتی ہیں لیکن جعلی حکمران عمران خان کی سیاسی مقبولیت سے خوفزدہ ہیں، انہیں معلوم ہے کہ ان کی سیاسی سپیس کم ہو رہی ہے اور ان شاء اللہ جب بھی عام انتخابات ہوں گے پی ٹی آئی ایسی اکثریت حاصل کرے گی جس سے ماضی کے تمام ریکارڈ ٹوٹ جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ فتح حق اور سچ کی ہو گی، عمران خان کسی سے سیاسی انتقام لینے کا ہرگز ارادہ نہیں رکھتے بلکہ ان کی ملک اور قوم کو آگے لے جانے کی سوچ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 58

کالجز میں موسم سرما کی چھٹیوں کا آغاز 24 دسمبر سے ہو گا، موسم سرما کی چھٹیاں 5 جنوری تک جاری رہیں گی۔ ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے مطابق کالجز میں آنرز کی کلاسز معمول کے مطابق جاری رہیں گی، یونیورسٹی اور دیگر شیڈولڈ امتحانات جاری رہیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 59

مجید، انعام الحق، احمد، عبداللہ، وسیم، حمزہ، امیر گل اور طلال کو تھانہ سرور روڈ کے مقدمہ نمبر 108/23 میں اشتہاری قرار دیا۔

بقیہ بقیہ جات 60

اے آر حکومت کے کام کا کھل کر اعتراف کیا۔ چینی صدر نے کہا کہ ہوایت سینگ نے چیف ایگزیکٹو کی حیثیت سے اپنی 5 سالہ مدت کے دوران عملی اور نتیجہ خیز انداز میں چیلنجز کا سامنا کیا ہے۔ انہوں نے ہوایت سینگ کو مخاطب کر کے کہا کہ یہ کوئی آسان کام نہیں ہے لیکن پھر بھی آپ نے اچھی کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ صدر شی جن پھنگ مکاؤ کی مادر وطن میں واپسی کی 25 ویں سالگرہ اور ایس اے آر کی چھٹی مدت کی حکومت کی حلف برداری کی تقریبات میں شرکت کے لئے مکاؤ پہنچے ہیں۔ وہ مکاؤ ایس اے آر کا بھی معائنہ کریں گے۔ سبکدوش ہونے والے چیف ایگزیکٹو ہوایت سینگ نے صدر شی جن پھنگ اور مرکزی حکومت کی جانب سے دیئے گئے اعتماد اور حمایت پر تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ مکاؤ ایس اے آر حکومت نے مرکزی حکام کی بھرپور حمایت کی بدولت ایس اے آر کو تمام محاذوں پر ایک نئی سطح پر پہنچا دیا ہے۔ اس ملاقات میں چین کے سینئر عہدیدار کائی چی اور شیا باؤ لونگ بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 61

پھنگ نے تعاون زون میں رہنے والے اور کاروبار شروع کرنے والے مکاؤ کے رہائشیوں اور زون کی منصوبہ بندی، تعمیر، انتظام اور خدمات میں شامل افراد کے ساتھ گرمجوشی سے تبادلہ خیال کیا۔ چینی صدر مکاؤ کی مادر وطن میں واپسی کی 25 ویں سالگرہ کی تقریبات، مکاؤ خصوصی انتظامی علاقے (ایس اے آر) کی چھٹی مدت کی حکومت کے افتتاح اور ایس اے آر کے معائنے کے دورے کے لئے بدھ کے روز مکاؤ پہنچے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 62

میں امن، استحکام اور ترقی کے لیے ایک مضبوط قوت رہا ہے، اس کے ساتھ ساتھ چین قومی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کا بھی بھرپور دفاع کرتا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ ہم امریکہ پر زور دیتے ہیں کہ وہ سرد جنگ کی ذہنیت اور تسلط پسندانہ رویے کو ترک کرے، چین کے تزویراتی عزائم اور قومی دفاع کی تعمیر کو معروضی اور منطقی انداز میں دیکھے، ہر سال ایسی غیر ذمہ دارانہ رپورٹس شائع کرنا بند کرے اور چین امریکہ تعلقات اور دونوں افواج کے تعلقات کے استحکام کو برقرار رکھنے کے لیے ٹھوس اقدامات کرے۔

بقیہ بقیہ جات 63

خان، پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چوہدری بابر وحید، پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ، رکن قومی اسمبلی ملک سیف الملوک کھوکھر، اراکین صوبائی اسمبلی ملک انس محمود، عرفان شفیع، ایڈیشنل سیشن جج عامر حبیب، رحمت علی، خضر حیات منہاس، ڈی آئی جی چوہدری نواز وڑائچ، ایس ایس پی اکرم نواز مینلا، ڈی ایس پی حسنین حیدر، دانش رانجھا، منور ڈوگر، لاہور بار کے سابق صدر رانا انتظار، لاہور ہائیکورٹ بار کے سابق صدر مقصود علی بٹر، پیر منور حسین جماعتی، وقار فضل وڑائچ، وقاص وڑائچ، عدیل وڑائچ، چوہدری شہزاد وڑائچ، بریگیڈیئر الیاس، نعیم چوہان، نعیم گورائیہ اور مہر واجد عظیم سمیت سیاسی و سماجی شخصیات، سرکاری حکام نے شرکت کی۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع ططلی نور

متوفی: احمد خان ولد شاہ محمد

وارثان: شاہ محمد والد، رسولاں بی بی والدہ، بلقیس اختر زوجہ متوفی پہلے فوت شدہ۔

زندہ: خالد محمود پسر، شائستہ قمر، شازیہ پروین، رضوانہ کوثر دختران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔

دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب مسز مہوش حیات
صاحبہ نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع پرانا بھلوال

متوفی: منظور اقبال ولد سلطان احمد

وارثان: سلطان احمد والد پہلے فوت شدہ۔

زندہ: رضیہ بی بی والدہ، طاہرہ یاسمین بیوہ، اسد عباس، حامد علی، ضیغم عباس، پسران، امترہ پروین، آسیہ بتول دختران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔

دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

تعلیمی اداروں کے باہر زیبرا کراسنگ کے استعمال کو یقینی بنایا جا رہا ہے

آئی جی پنجاب

صوبہ پنجاب سمیت ملک بھر میں 21 دسمبر سے 31 دسمبر تک ڈرائیونگ لائسنسنگ آگاہی مہم کا آغاز کر دیا

سنٹرل پولیس آفس، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی سینئر ٹریفک پولیس افسران کے ہمراہ اہم پریس کانفرنس،

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب سمیت ملک بھر میں 21 دسمبر سے 31 دسمبر تک ڈرائیونگ لائسنسنگ آگاہی مہم کا آغاز کیا جارہا ہے، مہم کے تحت شہریوں کو روڈ سیفٹی، ڈرائیونگ لائسنسنگ اور ٹریفک ایجوکیشن کے حوالے سے آگاہی دی جائے گی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر تعلیمی اداروں کے باہر زیبرا کراسنگ کے استعمال کو یقینی بنایا جارہا ہے جبکہ ساتھ ہی ساتھ تعلیمی اداروں میں ٹریفک ایجوکیشن ونگز کی جانب سے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

بچوں کی اچھی صحت، پنجاب فوڈ اتھارٹی کا سکول نیوٹریشن پروگرام کا آغاز

ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے ڈی پی ایس ماڈل ٹاؤن سے سکول نیوٹریشن پروگرام کا افتتاح کیا، ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کا اساتذہ، بچوں اور سٹاف کو سکول نیوٹریشن پروگرام پر تفصیلی لیکچر

پہلے مرحلے میں 25 سرکاری سکولوں کے 38 ہزار بچوں پروگرام میں شامل کیا گیا ہے، پروگرام میں بچوں، اساتذہ کو غذائیت سے بھرپور خوراک کی اہمیت، ناقص خوراک سے پرہیز کی ٹریننگ دی جارہی ہے۔ عاصم جاوید

لاہور (خبر نگار) صحت مند بچے۔۔۔ محفوظ مستقبل، بچوں کی اچھی صحت اور نشوونما کے لیے پنجاب فوڈ اتھارٹی نے سکول نیوٹریشن پروگرام کا آغاز کردیا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے ڈی پی ایس ماڈل ٹاؤن سے سکول نیوٹریشن پروگرام کا افتتاح کیا اور اساتذہ، بچوں اور سٹاف کو سکول نیوٹریشن پروگرام پر تفصیلی لیکچر دیا۔ اس پر ان کا کہنا تھا کہ 40 فیصد بچے غذائیت کی کمی کی وجہ سے سٹنٹنگ، 28 فیصد ویسٹنگ، 30 فیصد بچوں کا قد عمر کے لحاظ سے کم اور 5.9 کا وزن زیادہ ہے۔ سکول نیوٹریشن پروگرام میں بچوں اور اساتذہ کو باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سینئر ٹریفک پولیس افسران کے ہمراہ ڈرائیونگ لائسنسنگ آگاہی مہم کے آغاز کے موقع پر پریس کانفرنس کررہے ہیں

لاہور اور اسلام آباد ہائیکورٹ میں نئے ججز کی تقرریوں کا معاملہ موخر

جوڈیشل کمیشن کے اجلاس کے لیے ایجنڈے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ اور اسلام آباد ہائیکورٹ میں نئے ججز کی تقرریوں کا معاملہ موخر ہوگیا۔ رولز کی حتمی منظوری تک نئے ججز کی تقرریوں کا عمل موخر کیا گیا ہے، 21 دسمبر کو 32 رکنی جوڈیشل کمیشن کے سامنے ججز کی تقرریوں کے لیے مجوزہ رولز پیش کیے جائیں گے۔ جوڈیشل کمیشن کے اجلاس کے لیے ایجنڈے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا، چیف جسٹس پاکستان بطور چیئرمین جوڈیشل کمیشن آف پاکستان اجلاس کی صدارت باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

ناقص، غیر معیاری پانی سپلائی کرنے والوں کیخلاف کارروائیاں

واٹر سیفٹی ٹیموں کے گلوبل مارکیٹ، بلال پارک اور کنال بینک پر چھاپے، سیمپل فیل ہونے پر 3 واٹر پلانٹس بند

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے ناقص غیر معیاری پانی سپلائی کرنے والوں کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں، ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر واٹر سیفٹی ٹیموں کے گلوبل مارکیٹ، بلال پارک اور کنال بینک پر چھاپے مارے اور سیمپل فیل ہونے پر 3 واٹر پلانٹس بند کردیے۔ ڈی جی فوڈ عاصم جاوید نے بتایا کہ پانی میں آرسینک، کولیفارم و دیگر جراثیموں کی موجودگی پائی گئی، انتہائی لازم فلٹرز تبدیلی ریکارڈ بھی عدم موجود پایا گیا۔ پیکنگ کے لیے ناقص بوتلوں اور جعلی لیبلنگ کا استعمال کیا جا رہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ناقص پانی کو پیک کر کے فروخت کرنا سنگین جرم ہے۔

مریم نواز شریف صوبہ میں سپورٹس کی ترقی کیلئے بہترین اقدامات کررہی ہیں، چودھری حامد حمید

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں تھرڈ ہائر ایجوکیشن گیمز 2024-25 فیز ٹو کی افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی مسلم لیگ ن کے سابق رکن قومی اسمبلی چودھری حامد حمید نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبہ میں سپورٹس کی ترقی کیلئے بہترین اقدامات کررہی ہیں۔ ہمارے ملک میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں نوجوان ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں۔ ڈائریکٹر کالجز پروفیسر ڈاکٹر ناہید ناز نے کہا کہ پنجاب میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں کھلاڑیوں کو کھیل پنجاب پروگرام کا پلیٹ فارم مہیا کردیا گیا تاکہ طلباء وطالبات کھلاڑی اپنے ٹیلنٹ کو اجاگر کرسکیں۔

کلین سٹی لیبر یونین رجسٹرڈ کی جانب سے گرینڈ کرسمس کیک تقریب کا انعقاد

لاہور (این این آئی) کلین سٹی لیبر یونین رجسٹرڈ کی جانب سے گرینڈ کرسمس کیک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سکندریہ ورکشاپ میں کلین سٹی لیبر یونین رجسٹرڈ کی طرف سے گرینڈ کرسمس کیک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے سی ای او جناب بابر صاحب دین، ڈپٹی سی ای او فہد محمود، ذوالقرنین حمید، راشد ظہور بطور مہمان خصوصی شامل تھے۔ سی ای او بابر صاحب دین کا والہانہ استقبال کلین سٹی لیبر یونین کے صدر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

یونان کشتی حادثہ، جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کیلئے درخواست پر حکومت ودیگر کو نوٹس

حکومت انسانی سمگلروں کیخلاف کارروائی نہیں کررہی جو قانون کی خلاف ورزی ہے‘ موقف

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے یونان کشتی حادثے پر جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کے لیے دائر درخواست پر وفاقی حکومت سمیت دیگر کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے 22 جنوری تک جواب طلب کرلیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس عاصم حفیظ نے یونان کشتی حادثے پر جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کے لیے دائر درخواست پر سماعت کی، درخواست میں وفاقی حکومت سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ یونان باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

لاہور میں شدید دھند کے باعث موٹروے ایم ٹو اور ایم تھری مکمل بند رہی

آلودگی کے اعتبار سے لاہور پاکستان میں تیسرے نمبر پر آگیا، سموگ کی اوسط شرح 255 ریکارڈ

لاہور (این این آئی) لاہور میں شدید دھند کے باعث موٹروے ایم ٹو اور ایم تھری ٹریفک کے لئے مکمل بند رکھی گئیں۔ اس حوالے سے ترجمان موٹر وے پولیس کا کہنا ہے کہ موٹروے ایم ٹو لاہور سے ہرن مینار تک دھند کے باعث بند رہی جبکہ موٹر وے ایم 3 کو بھی لاہور سے جڑانوالہ تک دھند کی وجہ سے بند کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق موٹرویز کو عوام کی حفاظت اور محفوظ سفر یقینی بنانے کیلئے بند کیا جاتا ہے۔ موٹروے پولیس کے ترجمان کا کہنا ہے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

خیبر گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج لنڈی کوتل کے طلبا پاک افغان شاہراہ پر احتجاج کر رہے ہیں

پنجاب یونیورسٹی ہیلی کالج آف کامرس کے وفد کا قازقستان ہاؤس کا دورہ

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی ہیلی کالج آف کامرس کے وفد نے قازقستان کا عالمی دن منانے کے لیے قازقستان ہاؤس لاہور کا دورہ کیا۔ وفد میں پرنسپل ہیلی کالج آف کامرس پروفیسر ڈاکٹر حافظ ظفر احمد، ڈائریکٹر ہیلی انٹرنیشنل آفس ڈاکٹر سعدیہ فاروق، ڈپٹی ڈائریکٹر حافظ فواد علی، ڈاکٹر رب نواز لودھی، صدر سپورٹس ایچ سی سی عتیق الرحمان اور طلباء شامل تھے۔ وفد کا استقبال قازقستان کے قونصل جنرل مسٹر راؤ خالد مصطفیٰ، قازقستان ہاؤس میں ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن مسٹر ابوذر معظم اور قازقستان سفارت خانے کے نمائندے مسٹر دانیار نے کیا۔

اے جی کمپلیکس میں ”آسیہ شیرازی ڈے کیئر سینٹر“ کا افتتاح

لاہور (این این آئی) کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس مقبول احمد گوندل نے اے جی آفس کمپلیکس لاہور میں ”آسیہ شیرازی ڈے کیئر سینٹر“ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اس اہم اقدام کو خواتین ملازمین کی سہولت اور ان کے پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی میں مددگار قرار دیا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ ''اکاؤنٹنٹ آفس میں خواتین کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے، اور ان کی محنت و لگن قابل تعریف ہے۔ ڈے کیئر سینٹر کا قیام خواتین کی زندگیوں میں آسانی اور ان کی پیشہ ورانہ کارکردگی کو مزید بہتر بنانے کا ایک مؤثر ذریعہ ہے۔

ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید ڈی پی ایس ماڈل ٹاؤن سے سکول نیوٹریشن پروگرام کا افتتاح کے موقع پر بچوں سے ملاقات کررہے ہیں

قابض بھارتی فوج کی ریاستی دہشت گردی میں مزید 5 کشمیری نوجوان شہید

سرچ آپریشن ضلع کلگام میں کیا گیا، انٹرنیٹ اور موبائل سروسز معطل، ایمبولینسوں کو بھی علاقے میں داخل ہونے سے روک دیا گیا

سرینگر (مانیٹرنگ ڈیسک) مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فوج کی جارحیت میں مزید 5 کشمیری نوجوان شہید ہوگئے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق قابض بھارتی فوج نے جنت نظیر وادی کے ضلع کلگام میں داخلی اور خارجی راستوں کو بند کرکے سرچ آپریشن کیا۔ سرچ آپریشن کے دوران انٹرنیٹ اور موبائل سروسز معطل کردی گئیں جب کہ ایمبولینسوں کو بھی علاقے میں داخل ہونے سے روک دیا گیا۔ قابض بھارتی فوج نے ایک گھر پر اندھا دھند فائرنگ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

9 مئی جلاؤ گھیراؤ کیس، پی ٹی آئی کے 8 کارکنان اشتہاری قرار

انسداد دہشت گردی عدالت نے ملزمان کے دائمی وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے 9 مئی کو جناح ہاؤس میں پولیس کی گاڑیاں جلانے کے کیس میں پی ٹی آئی کے 8 کارکنوں کو اشتہاری قرار دے دیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت لاہور کے جج منظر علی گل نے لاہور کے تھانہ سرور روڈ کی پولیس کی درخواست پر مقدمے کی سماعت کی، لاہور پولیس نے بتایا کہ ملزمان کے اشتہارات شائع کیے گئے لیکن وہ پیش نہیں ہوئے۔ عدالت نے فیصلہ سناتے ہوئے ملزم باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

محکمہ زراعت پنجاب اور باخبر کسان وفیس کے درمیان ایم او یو پر دستخط

تقریب میں پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی شرکت

باخبر کسان کے ساتھ معاہدہ ڈیجیٹل میڈیا کے ذریعے کاشتکاروں کیلئے بروقت زرعی معلومات کا ذریعہ ثابت ہوگا‘ عاشق حسین کرمانی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق پبلک پرائیویٹ سیکٹر کے تعاون کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے، ڈیجیٹل ایگریکلچر کاشتکاروں کا مستقبل ہے، زرعی معلومات کی منتقلی کیلئے ڈیجیٹل نیٹ ورک اور سوشل میڈیا کا استعمال آج کے دور میں لازم وملزوم ہو چکا ہے، محکمہ زراعت پنجاب اور باخبر کسان کے درمیان باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

پنک سالٹ کی برآمد بڑھانے کے لئے سپیشل اکنامک زونز بنائے جائیں گے‘ شیر علی گورچانی

پنک راک سالٹ پالیسی 2024 کا مسودہ منظوری کیلئے وزیراعلیٰ پنجاب کو پیش کیا جائے گا‘ وزیر معدنیات

وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق پنک سالٹ کے ایکسپورٹرز کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کیا جائے گا‘ اجلاس میں گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیر معدنیات پنجاب شیر علی گورچانی کی زیر صدارت محکمہ معدنیات میں اہم اجلاس ہوا۔ اس موقع پر وزیر معدنیات نے کہا کہ پنک سالٹ کی برآمد بڑھانے کے لئے سپیشل اکنامک زونز بنائے جائیں گے۔ ہم وفاقی حکومت سے پنجاب میں پیدا ہونے والے خام نمک کی برآمد پر پابندی کے لئے درخواست کریں گے۔ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

ٹیکس دینے والوں کو نشان عبرت بنانے کی بجائے انہیں سراہا جائے

انکم ٹیکس میں 2 ہزار، سیلز ٹیکس میں 3100 ارب غائب ہیں تو ٹیکس ریٹس میں کمی کا تجربہ کر کے دیکھ لینا چاہیے

پاکستان ٹیکس بار کے زاہد عتیق، فاروق مجید، عاشق رانا، عرفان حیدر دیگر کا ”ٹیکسیشن کی بنیاد“ کے موضوع پر سیمینار سے خطاب

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن لاہور چیپٹر کے سینئر نائب صدر زاہد عتیق چودھری، فاروق مجید، نائب صدر عاشق علی رانا، جوائنٹ سیکرٹری سید عرفان حیدر شاہ اور دیگر نے اسٹیٹ بینک کی جانب سے پالیسی ریٹ میں مزید کمی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس فیصلے کے ملکی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں، باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

لاہور پولیس کی کامیاب حکمت عملی، پانچ رکنی بین الاضلاعی ڈکیت گینگ گرفتار

مزلی گینگ کے اراکین کو اوکاڑہ، جہلم، دیپالپور، سرگودھا اور لاہور سے ریڈ کر کے گرفتار کیا گیا

گرفتار ڈاکوؤں کے قبضہ سے بھاری مالیت کے زیورات نقدی اور اسلحہ برآمد، سنگین وارداتوں کا انکشاف

لاہور (این این آئی) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ سے ڈی آئی جی (آرگنائزڈ کرائم یونٹ) عمران کشور کی سربراہی میں او سی یو چوہنگ کی ٹیم نے کیپٹل سٹی پولیس ہیڈکوارٹرز میں ملاقات کی۔ سی سی پی او لاہور نے پانچ رکنی بین الاضلاعی مزلی نامی ڈکیت گینگ کی گرفتاری پر ڈی ایس پی (او سی یو) چوہنگ فاروق اصغر اعوان اور ٹیم کو باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

لاہور، ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمرا اسید توقیر حیدر کاظمی کو الحمرا امور سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے

کے الیکٹرک لاگت بڑھا چڑھا کر پیش کر رہا ہے، فی یونٹ ٹیرف کم کیا جائے، حکومت کی نیپرا کو سفارش

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے کے الیکٹرک کے ملٹی ائیر بیس ٹیرف تجویز کی سخت مخالفت کرتے ہوئے فی یونٹ ٹیرف کو کم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی حکومت نے کے الیکٹرک کے ملٹی ائیر ٹیرف تجویز کی سخت باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

چین فعال طور پر ڈیجیٹل ٹیکنالوجی تیار کر رہا ہے، چینی میڈیا

عالمی سائبر اسپیس میں ہم نصیب معاشرے کے قیام میں چین کی کاوشیں قابل تعریف ہیں، رپورٹ

دنیا کے تمام ممالک کے باہمی ربط اور باہمی انحصار بھی قریب سے قریب تر ہوتا جا رہا ہے

بیجنگ (این این آئی) انفارمیشن ٹیکنالوجی کے دور کی آمد کے ساتھ ہی پیداوار، مواصلات، زندگی اور سماجی حکمرانی کے طریقوں میں گہری تبدیلیاں رونما ہوئی ہیں، دنیا کے تمام ممالک کے باہمی ربط اور باہمی انحصار بھی قریب سے قریب تر ہوتا جا رہا ہے، اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کو یہ گہری بات سمجھ آتی جا رہی ہے کہ انسانیت کا مشترکہ گھر ایک ہم نصیب معاشرہ ہے، 16 دسمبر 2015 کو، دوسری ورلڈ انٹرنیٹ کانفرنس میں چینی صدر شی جن پھنگ نے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

وفاقی سرکاری اداروں کی کمرشل عمارتوں کے ہائرنگ ریٹس میں اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی سرکاری اداروں کی کمرشل عمارتوں کے ہائرنگ ریٹس میں اضافہ کردیا گیا ہے، وزارت ہاؤسنگ نے اسلام آباد، راولپنڈی کے لیے فی اسکوائر فٹ ریٹ 80 سے بڑھا کر 180 روپے جبکہ کراچی کا ریٹ 50 سے 113 روپے کردیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس نے نظرثانی شدہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ لاہور کیتھیڈرل چرچ میں کرسمس کی مناسبت سے مسیحی کمیونٹی کے ہمراہ کیک کاٹ رہے ہیں

تمام سی ای اوز ہیلتھ، ایم ایس میرٹ کارکردگی پر تعینات کریں گے

خواجہ عمران نذیر

کسی قسم کا سیاسی دباؤ اور سفارش برداشت نہیں کریں گے۔ وزیر صحت پرائمری اینڈ سیکنڈری

سی ای اوز ہیلتھ کی پوسٹنگ سے ضلعی اور تحصیل ہسپتالوں میں ہیلتھ ڈیلوری سروس مزید بہتر جائیگی

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ جن اضلاع میں سی ای اوز ہیلتھ تعینات نہیں کئے گئے وہاں ہسپتالوں کے انتظامی و مالی معاملات چلانے میں دشواری پیش آرہی تھی۔ تمام سی ای اوز، ایم ایس صاحبان اور کنسلٹنٹس میرٹ اور کارکردگی کی بناء پر تعینات کیئے جائیں گے۔ اس سلسلہ میں کسی قسم کا سیاسی دباؤ اور سفارش برداشت نہیں کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر صحت نے پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ میں سی ای اوز ہیلتھ کی تعیناتی کے حوالہ سے اہم اجلاس کی صدارت کرتے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

وزیر صحت خواجہ عمران نذیر سیکرٹری صحت نادیہ ثاقب پی ایم یو میں سی ای اوز ہیلتھ کی تعیناتی کے حوالہ سے اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

لاہور کی کیتھیڈرل چرچ آف ریسریکشن میں کرسمس ڈنر کا اہتمام

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کی خصوصی شرکت، رمیش سنگھ نے بشپ آف لاہور ندیم کامران کے ہمراہ کرسمس کیک کاٹا

تمام مذاہب، بشمول مسیحیت، امن، دوستی اور باہمی احترام کے اصولوں کی تعلیم دیتے ہیں جو اس وقت بین المذاہب ہم آہنگی کے قیام کے لیے ضروری ہیں، صوبائی وزیر

لاہور (خبر نگار) کیتھیڈرل چرچ مال روڈ لاہور میں کرسمس کیک کاٹنے کی ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں مسیحی کمیونٹی کے ارکان اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے کرسمس کی خوشیوں میں شریک ہو کر اس موقع کو منایا۔ تقریب میں صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ شریک ہوئے اور کرسمس کی آمد پر مسیحی کمیونٹی کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دی۔ اپنے خطاب میں رمیش سنگھ نے کرسمس کے عالمی پیغام کو اجاگر کیا جس میں امن، محبت اور یکجہتی کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ تمام مذاہب، بشمول باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

اسحاق ڈار اور آذربائیجان کے وزیر خارجہ کے درمیان قاہرہ میں ملاقات

دوطرفہ تعاون اور علاقائی روابط کے منصوبوں پر تبادلہ خیال

قاہرہ (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے جمعرات کو آذربائیجان کے وزیر خارجہ جیہون بیراموف سے مصر کے دارالحکومت قاہرہ میں ترقی پذیر آٹھ ممالک (ڈی ایٹ) کے 11 ویں سربراہی اجلاس کے موقع پر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

دھند کے باعث موٹروے بند رکھی گئی، آلودگی کے اعتبار سے لاہور کا تیسرا نمبر

مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا رہا، حد نگاہ بہتر ہونے پر مرحلہ وار کھول دی گئی

لاہور (این این آئی) شدید دھند کے باعث موٹر وے ایم ٹو اور ایم تھری ٹریفک کیلئے بند رکھی گئی جس کی وجہ سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا رہا۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق موٹروے ایم ٹو لاہور سے ہرن مینار تک جبکہ موٹروے ایم 3 کو بھی لاہور سے جڑانوالہ تک دھند کی وجہ سے بند رکھا گیا۔ موٹروے بند ہونے کی وجہ سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا رہا۔

کرم میں کشیدگی کے خاتمے کیلئے وزیراعلیٰ نے ایپکس کمیٹی کا اجلاس 20 دسمبر کو طلب کرلیا

پشاور (این این آئی) ضلع کرم میں جاری کشیدگی کے خاتمے کیلئے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

الیکشن کمیشن کا بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 21 میں دوبارہ گنتی کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 21 میں دوبارہ گنتی کا حکم دے دیا۔ الیکشن کمیشن نے اس باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

فوڈ اتھارٹی کی کارروائی، سیمپل فیل ہونے پر 3 واٹر پلانٹس بند کرادیئے گئے

پانی میں آرسینک، کولیفارم ودیگر جراثیموں کی موجودگی پائی گئی، فلٹرز تبدیلی ریکارڈ بھی عدم موجود پایا گیا‘ ڈی جی

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے غیر معیاری پانی سپلائی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کے دوران سیمپل فیل ہونے پر 3 واٹر پلانٹس بند کرادیے گئے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر واٹر سیفٹی ٹیموں نے گلوبل مارکیٹ، بلال پارک اور کنال بینک پر چھاپے مار کر پانی کا معیار چیک کیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کے مطابق پانی میں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

حکومت کیساتھ مذاکرات برابری کی بنیاد پر ہوں گے‘ صاحبزادہ حامد رضا

حکومت مذاکرات سے پہلے عمران خان کے مینڈیٹ کو تسلیم کرے‘ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق

لاہور (این این آئی) سنی اتحاد کونسل پاکستان اور قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کے چیئرمین صاحبزادہ حامد رضا نے کہا ہے کہ حکومت کیساتھ مذاکرات برابری کی بنیاد پر ہوں گے، حکومت مذاکرات سے پہلے عمران خان کے مینڈیٹ کو تسلیم کرے، حکومتی وزراء کی چرب زبانی سیاسی کشیدگی کا باعث ہے، سیاسی مقدمات کا بھرپور مقابلہ کیا جائے گا۔

چین مثبت معاشی ترقی اور کھلے پن کو فروغ دینا جاری رکھے گا، چینی وزارت خارجہ

چین کی طویل مدتی معاشی بہتری کے رجحانات میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، ترجمان کا بیان

بیجنگ (این این آئی) چین کی وزارت خارجہ کی یومیہ پریس کانفرنس میں کچھ دن پہلے سینٹرل اکنامک ورک کانفرنس کے کامیاب انعقاد پر ایک غیرملکی میڈیا کے تبصرے کے حوالے سے سوال کیا گیا۔ تبصرے میں کہا گیا کہ ایک ایسے وقت میں جب عالمی معیشت کی بحالی سست روی کا شکار ہے اور گلوبلائزیشن کو بے مثال چیلنجز کا سامنا ہے، باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

جعلی حکمران عمران خان کی سیاسی مقبولیت سے خوفزدہ ہیں‘ مسرت جمشید چیمہ

عمران خان کسی سے سیاسی انتقام لینے کا ارادہ نہیں رکھتے، ملک وقوم کا سوچ رہے ہیں‘ سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نے مذاکرات کی آڑ میں کبھی بھی اپنی ذات کی مشکلات کی بات نہیں بلکہ ان کے پیش نظر ہمیشہ ملک وقوم کی بہتری ہوتی ہے، عمران خان کی مقبولیت سے خوفزدہ کچھ نام نہاد سیاسی لوگ بھانت بھانت کی بولیاں بول رہے ہیں، مسلط حکومت باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

سکولوں میں موسم سرما کی تعطیلات کا آغاز (آج) سے ہوگا

سرکاری ونجی سکولوں میں موسم سرما کی 20 دسمبر سے 10 جنوری تک تعطیلات ہوں گی

لاہور (این این آئی) پنجاب کے سکولوں میں موسم سرما کی تعطیلات کا آغاز آج (جمعہ) سے ہوگا۔ تمام سرکاری ونجی سکولوں میں موسم سرما کی 20 دسمبر سے 10 جنوری تک تعطیلات ہوں گی۔ ہفتہ اور اتوار کی معمول کی تعطیلات کے باعث سکولز 13 جنوری سے دوبارہ کھلیں گے۔ علاوہ ازیں ہائرایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے نوٹیفکیشن کے مطابق باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

9 مئی مقدمات، پولیس کی گاڑیاں جلانے کے کیس میں پی ٹی آئی کے 8 کارکن اشتہاری قرار

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے 9 مئی کو جناح ہاؤس میں پولیس کی گاڑیاں جلانے کے کیس میں پی ٹی آئی کے 8 کارکنوں کو اشتہاری قرار دیدیا۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کے جج منظر علی گل نے فیصلہ سناتے ہوئے پی ٹی آئی کارکنوں کے دائمی وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے۔ فیصلے میں ملزمان طیب باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59*

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداداللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 ابا سین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

امریکہ سرد جنگ اور بالادستی کی ذہنیت کو ترک کرے، چینی وزارت خارجہ

چین دنیا میں امن، استحکام اور ترقی کے لیے ایک مضبوط قوت رہا ہے، ترجمان کا بیان

بیجنگ (این این آئی) امریکی محکمہ دفاع کی جانب سے چین کی فوجی اور سیکیورٹی پیش رفت پر سالانہ رپورٹ جاری کرنے پر چین کی وزارت خارجہ کے ترجمان لین جیان نے یومیہ پریس کانفرنس میں کہا کہ یہ امریکی رپورٹ بھی ماضی کی رپورٹس کی طرح حقائق کو نظرانداز کرتی ہے اور تعصب سے بھرپور ہے۔ انہوں نے کہا کہ چائنا تھریٹ تھیوری' پھیلانا صرف اپنی فوجی بالادستی برقرار رکھنے کا بہانہ ہے۔ جمعرات کے روز ترجمان نے بتایا کہ چین دنیا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

جسٹس (ر) عمر عطا، جسٹس (ر) قاسم علی، دیگر کی سرفراز وڑائچ کے بچوں کی شادی کی تقریب میں شرکت

لاہور (این این آئی) سیاسی وسماجی شخصیت صدر ایگریس ٹاؤن حاجی سرفراز وڑائچ کی صاحبزادے اور صاحبزادی کی شادی کی تقریب بخیر وخوبی سرانجام پائی۔ شادی کی تقریب میں سابق چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال، لاہور ہائیکورٹ کے سابق چیف جسٹس قاسم علی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63

لاہور، صدر ن لیگ لاہور ملک سیف الملوک کھوکھر کا حاجی سرفراز وڑائچ کے صاحبزادے کی شادی کی تقریب کے موقع پر گروپ فوٹو

پنجاب یونیورسٹی لا کالج میں ایل ایل بی کے نئے داخلوں پر پابندی عائد

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی لا کالج میں ایل ایل بی کے نئے داخلوں پر پابندی عائد کردی گئی۔ پاکستان بار کونسل میں لاء طلبہ کی رجسٹریشن نہ کروانے پر نئے داخلے روکے گئے۔ پاکستان بار کونسل نے پنجاب یونیورسٹی کو ایل ایل بی کے طلبہ کی تفصیلات فراہم کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ ذرائع کے مطابق طلبا رجسٹریشن تفصیلات فراہم کرنے تک یونیورسٹی میں نئے داخلوں پر پابندی عائد رہے گی۔

چین کے سنکیانگ میں اناج کی پیداوار میں زبردست پیشرفت

ارمچی (شنہوا) چین کے شمال مغربی سنکیانگ ویغور خودمختار علاقہ 2024 میں فی یونٹ رقبے پر اناج کی پیداوار کے اعتبار سے ملک میں سرفہرست رہا۔ علاقائی زراعت ودیہی امور بیورو کے اعداد و شمار کے مطابق سنکیانگ میں رواں سال اناج کی اوسط پیداوار 524.8 کلوگرام یا 7 ہزار 872 کلوگرام فی ہیکٹر تک پہنچ گئی جو قومی اوسط سے 130 کلوگرام زائد اور ملک کے صوبائی سطح کے علاقوں میں فی من اناج کی پیداوار میں سب سے زیادہ ہے۔

چینی صدر کا ہینگ چھن میں گوانگ ڈونگ-مکاؤ مضبوط تعاون کے علاقے کا معائنہ

منصوبہ بندی، تعمیر، انتظام اور خدمات میں شامل افراد کے ساتھ گرمجوشی سے تبادلہ خیال کیا

مکاؤ (شنہوا) چین کے صدر شی جن پھنگ نے جمعرات کی صبح ہینگ چھن میں گوانگ ڈونگ-مکاؤ مضبوط تعاون کے علاقے کا دورہ کیا۔ کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کی مرکزی کمیٹی کے جنرل سیکرٹری اور سنٹرل ملٹری کمیشن کے چیئرمین شی جن باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

چین عالمی ترقی میں سب سے بڑا شراکت دار ہے، او ای سی ڈی ماہر

چین کی حال ہی میں اعلان کردہ میکرو اکنامک پالیسیوں کے اچھے اثرات مرتب ہوں گے

پیرس (شنہوا) اقتصادی تعاون اور ترقی کی تنظیم (او ای سی ڈی) کے ایک سینئر ماہر نے کہا ہے کہ چین درمیانی مدت میں عالمی ترقی میں سب سے بڑا شراکت دار رہے گا۔ او ای سی ڈی کے محکمہ اقتصادیات کے چینی ڈیسک کی سربراہ مارگٹ مولنر نے ایک حالیہ انٹرویو میں شنہوا کو بتایا کہ چین کی حال ہی میں اعلان کردہ میکرو اکنامک پالیسیوں کے اچھے اثرات مرتب ہوں گے اور کھپت اور سرمایہ کاری میں مسلسل اضافہ کرکے ترقی کے امکانات کو تقویت ملے گی۔

چینی صدر کا مکاؤ خصوصی انتظامی علاقے کے سبکدوش ہونے والے چیف ایگزیکٹو کی ستائش

حکام کی جانب سے ہو ایٹ سینگ اور پانچویں مدت کی مکاؤ ایس اے آر حکومت کے کام کا مکمل اعتراف

مکاؤ (شنہوا) چین کے صدر شی جن پھنگ نے مکاؤ خصوصی انتظامی علاقے (ایس اے آر) کے سبکدوش ہونے والے چیف ایگزیکٹو ہو ایٹ سینگ سے ملاقات کی اور مرکزی حکام کی جانب سے ہو ایٹ سینگ اور پانچویں مدت کی مکاؤ ایس باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

لاہور، محکمہ داخلہ پنجاب میں مسیحی ملازمین کے اعزاز میں کرسمس کا کیک کاٹا جارہا ہے، سپیشل سیکرٹری داخلہ فضل الرحمن بھی موجود ہیں



25 دسمبر یوم قائد کے عظیم الشان موقع پر

روزنامہ ”قوت“ خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے۔ تمام نمائندگان اپنے اشتہارات، انٹرویوز 22 دسمبر 2024 تک ادارہ ہذا کو میل کردیں تاکہ اچھی کوریج دی جاسکے

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان

Dailyquwat786@gmail.com

PH:0302-1228000/0322-4181870